اور ابو مسہر سے روایت ہے کہ ابو حنیفہ مرجیوں
کے امام تھے اور ابو یحییٰ محمد بن عبد اللہ بن یزید

حنيفة رأس المرجئة. وعن ابی یحیٰ محمد بن عبدالله بن يزيد المقری عن ابيه قال دعانی ابوحنيفة الی الارجاء وعن ابن المبارك كان فی ابی حنيفة الارجاء وعن ابی كان ابوحنيفة مرجيا. قيل ان كان جهميا قال نعم! قيل فاين انت منه؟ قال انما كان ابوحنيفة مدرسًا. فما كان من قوله حسنا قبلناه وما كان قبيحا تركناه عليه. وعن محمد بن سعيد عن ابيه قال كنت مع امير المؤمنين موسیٰ بجرجان ومعنا ابویوسف فسألتهٗ عن ابی حنيفة فقال وما تصنع به وقد مات جهميا. وعن زنبور يقول سمعت اباحنيفة يقول قدمتْ علينا امرأه جهم بن صفوان فادبتْ نسائنا

المقری اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ابوحنیفہ نے مجھے ارجاء (مرجیہ ہونے) کی دعوت دی۔ اور عبداللہ بن مبارک سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ مرجی تھا اور ابویوسف سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ مرجی تھا تو کہا گیا کہ "اور جہمی بھی؟" جواب دیا "ہاں جہمی بھی!" کہا گیا کہ آپ کا ان کے ساتھ کیا حال تھا؟ بولے "وہ استاد تھے، لہٰذا ان کی جو بات اچھی ہوتی ہم اخذ کرتے اور جو بری معلوم ہوتی، اسے رد کر دیتے تھے۔" اور محمد بن سعید اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں امیر المؤمنین موسیٰ کے ساتھ جرجان میں تھا اور ابویوسف ہمارے ساتھ تھے۔ تو میں نے ان سے ابوحنیفہ کے بارے میں سوال کیا، جواب دیا کہ اس کو کیا کرو گے وہ جہمی ہو کر فوت ہوا۔ اور زنبور سے روایت ہے کہ میں نے ابوحنیفہ سے سنا کہ ہمارے پاس جہم بن صفوان کی بیوی آئی، جس نے ہماری عورتوں کو دین کی تعلیم دی۔

خلقِ قرآن کے متعلق ابوحنیفہ کے اقوال

وعن ابی یوسف قال اول من قال القرآن مخلوق ابوحنيفة وعن سلمة بن عمرو القاضی علی المنبر لارحم الله اباحنيفة فانهٗ

ابویوسف سے روایت ہے کہ خلقِ قرآن کا پہلا قائل ابوحنیفہ ہے۔ اور سلمہ بن عمرو قاضی نے ممبر پر کہا کہ ابوحنیفہ پر اللہ رحم نہ کرے کہ خلقِ قرآن کا پہلا قائل وہی ہے۔

اول من زعم ان القرآن مخلوق
وعن سعید بن اسلم قال قلت لابی
یوسف لم لم تحدثنا عن ابی حنیفة
قال ما تصنعون به مات یوم مات
یقول القرآن مخلوق. وعن یحیی
بن الحمید یقول سمعت عشرة
کلهم ثقات یقولون سمعنا ابا
حنیفة یقول القرآن مخلوق۔
وعن اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفة
قال هو قول ابی حنیفة القرآن
مخلوق. وعن سفیان بن وکیع
قال جاء عمر بن حماد بن ابی حنیفة
فجلس الینا فقال سمعت ابی حمادا
یقول بعث ابن ابی لیلی الی ابی حنیفة
فسالهٗ عن القرآن فقال مخلوق
فقال تتوب والا اقدمت الیک قال
فتابعه فقال القرآن کلام الله
تعالی. قال فدار به فی الخلق یخبرهم
انهٗ قد تاب من قوله القرآن
مخلوق۔ فقال ابی فقلت لابی حنیفة
کیف صرت الی هذا وتابعته قال
بُنی خفت ان یقدم علی
طیتهٗ التقیة.

اور سعید بن سالم نے کہا کہ میں نے ابو یوسف
کہا کہ ابو حنیفہ سے روایات کیوں بیان نہیں
جواب دیا کہ ابو حنیفہ کو کیا کرو گے؟ جس د
ان کا انتقال ہوا اس دن بھی القرآن مخلو
کا دعویٰ دہرایا تھا۔ اور یحیٰ ابن عبد الحمی
کہا کہ میں نے دس سچے آدمیوں سے سنا وہ
کہہ رہے تھے کہ ابو حنیفہ نے قرآن کو مخلوق کہا
اور اسماعیل بن ابن حماد بن ابی حنیفہ ن
کہا کہ القرآن مخلوق ابو حنیفہ کا قول ہے
اور سفیان بن وکیع نے کہا کہ ہمارے پاس عم
بن حماد بن ابی حنیفہ آیا اور ہمارے پاس بی
اور بتایا کہ میں نے اپنے باپ حماد سے سنا کہ اب
ابی لیلیٰ نے میرے باپ کی طرف قاصد بھیجا اور
قرآن کے متعلق دریافت کیا۔ ابو حنیفہ نے کہا
قرآن مخلوق ہے۔ انہوں نے کہا کہ توبہ کرتے
یا میں خود تیرے پر کوئی اقدام کروں؟ پس ا
حنیفہ نے اس کی بات مان لی (توبہ کرلی) او
کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ لوگوں میں جب
یہ بات پھیل گئی کہ خلق قرآن (کے نظریہ) سے ابو
نے رجوع کرلیا ہے تو میرے والد حماد نے ابو ح
سے پوچھا کہ تم نے کس طرح اس کی تابعداری ک
تو ابو حنیفہ نے جواب دیا کہ بیٹے! میں ڈر گیا ک
پر کوئی اقدام نہ کر ڈالے۔ پس میں نے تقیہ (جہ

وعن عبد سعيد بقصر ابن هبيرة حدثني ابي ان اباه اخبره ان ابن ابي ليلى كان يتمثل بهٰذهِ الأبيات
الى شنآن المرجئين ورأيهم
عمر بن ذر وابن قيس الماصر
وعتيبة الدباب لا نرضى به
وابوحنيفة شيخ سوء كافر
وعن قيس بن ربيع قال ارأيت يوسف بن عثمان امير الكوفة اقام اباحنيفة على المصطبة يستتيبه من الكفر. وعن شريك بن عبد الله قاضي الكوفة ان اباحنيفة استتيب من الزندقة مرتين وقيل لشريك مم استتيب ابو حنيفة؟ قال من الكفر. وعن سفيان يقول استتيب ابوحنيفة من الكفر مرتين وعن ابي بكر بن ابي داؤد السجستاني وهو يقول لاصحابه ما تقولون في مسئلة اتفق عليها مالك واصحابه والشافعي واصحابه والاوزاعي واصحابه والحسن بن صالح واصحابه وسفيان الثوري واصحابه واحمد بن حنبل واصحابه؟ فقالوا

بول کر) جان چھڑالی اور قصر ہبیرہ میں عبد اللہ بن سعید نے روایت کی کہ میرے باپ نے بیان کیا کہ ابن ابی لیلیٰ یہ شعر پڑھتا تھا (ترجمہ)
مرجی لوگوں اور ان کی آراء کے ساتھ بغض کی بات ہے۔ (وہ مرجی) عمر بن ذر اور ابن قیس الماصر اور عتیبۃ الدباب ہوں، جس سے ہم راضی نہیں ہیں اور (خواہ) ابوحنیفہ برائیوں کا ہبر اور کافر۔
اور قیس بن ربیع نے کہا کہ یوسف بن عثمان امیر کوفہ کو میں نے دیکھا کہ اس نے سزا کے طور پر ابوحنیفہ کو ایک ٹیلہ پر کھڑا کردیا تاکہ وہ کفر سے توبہ کرے۔
اور شریک بن عبد اللہ نے کہا کہ ابوحنیفہ کو دوبار بے دینی کی باتوں سے توبہ کرائی گئی۔ شریک سے پوچھا گیا کہ کس چیز سے ابوحنیفہ کو توبہ کرائی گئی؟ جواب دیا کفر سے۔ اور سفیان نے کہا کہ ابو حنیفہ کو کفر سے دوبار توبہ کرائی گئی۔ اور ابوبکر بن ابی داؤد سجستانی نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ ایسے مسئلہ میں آپ لوگ کیا کہتے ہیں جس پر مالک اور اس کے ساتھی، شافعی اور اس کے ساتھی، اوزاعی اور اس کے ساتھی، حسن بن صباح اور اس کے ساتھی، سفیان ثوری اور اس کے ساتھی، احمد بن حنبل اور اس کے ساتھی اتفاق کریں تو انہوں نے جواب دیا کہ اس سے صحیح مسئلہ تو کوئی نہیں

لہ یا ابا بکر لا تکون مسئلہ اصح من ھذہ۔ فقال ھؤلاء کلھم اتفقوا علی تضلیل ابی حنیفۃ۔ وعن ابی عوانۃ کان ابو حنیفۃ مرجئا یری السیف وعن سفیان الثوری والاوزاعی یقولان ما ولد فی الاسلام مولود اشأم علی ھذہِ الامۃ من ابی حنیفۃ وکان ابوحنیفۃ مرجیا یری السیف وعن سعید بن سالم قال قلت لابی یوسف سمعت اھل خراسان یقولون ان اباحنیفۃ جھمی مرجی؟ قال لی صدقوا ویری السیف ایضاً۔

قلت لہ این انت منہ؟ فقال انما کنا ناتیہ یدرسنا الفقہ ولم نکن نقلدہ دیننا۔

ہو سکتا۔ ابوبکر نے کہا کہ یہ سب لوگ ابوحنیفہ کی گمراہی پر متفق ہیں۔ ابوعوانہ سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ مرجیہ ہے اور مسلمان امیر کے خلاف تلوار اٹھانا جائز سمجھتا ہے۔ سفیان ثوری اور اوزاعی فرماتے ہیں کہ اسلام میں ابوحنیفہ سے زیادہ منحوس کوئی آدمی پیدا نہیں ہوا۔ وہ مرجیہ تھا اور مسلمان امراء کے خلاف تلوار اٹھانے کو جائز سمجھتا تھا۔ اور سعید بن سالم سے روایت ہے کہ میں نے ابو یوسف سے کہا کہ کیا تم نے اہل خراسان کو سنا ہے کہ وہ ابوحنیفہ کو جہمی اور مرجی کہتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ وہ سچ کہتے ہیں۔ نیز وہ مسلم حکمرانوں کے خلاف تلوار اٹھانے کو جائز سمجھتا تھا۔ تو میں نے کہا کہ آپ بھی تو ان کے ہی (شاگرد) ہیں۔ بولے ہم تو ان کے پاس آتے، فقہ کی تعلیم ہمیں دیتے تھے لیکن اپنے دین میں ہم ان کی تقلید نہیں کرتے تھے۔

ابوحنیفہ کے فضول اور قبیح اقوال کے بیان میں

عن ابی مطیع یقول ابوحنیفۃ ان کانت الجنۃ والنار مخلوقتین فانھما تفنیان۔ قال ابو مطیع وکذب واللہ! قال السراج وکذب واللہ قال النجاد وکذب۔ قال تعالیٰ

ابی مطیع سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ اگر جنت اور دوزخ مخلوق ہیں تو دونوں فنا ہوں گی۔ ابو مطیع نے کہا کہ ابوحنیفہ نے خدا کی قسم! جھوٹ کہا۔ سراج کہتے ہیں کہ خدا کی قسم! ابوحنیفہ جھوٹ کہتا ہے۔ نجاد نے

اكلها دائم. قال ابن الفضل
وكذب والله! ويوسف بن اسباط
يقول قال ابو حنيفة لو ادركني
رسول الله صلى الله عليه وسلم وادركته
لاخذ بكثير من قولى.

قال وسمعت ابا اسحاق
يقول كان ابو حنيفة يجيئه
الشيء عن النبي صلى الله عليه وسلم
فيخالف الى غيره. وعن ابى
اسحاق الفزاري كنت آتي اباحنيفة
اساله عن الشيء من امر الغزو
فسالته عن مسئلة فاجاب فيها
فقلت له انه يروى فيها عن النبي
صلى الله عليه وسلم كذا وكذا قال دعنا
عن هذا. قال وسالته يوما
آخر عن مسئلة قال فاجاب فيها
قال فقلت له ان هذا يروى عن
النبي صلى الله عليه وسلم كذا وكذا
قال حك هذا بذنب خنزير وعنه
قال حدثت اباحنيفة حديثا في رد
السيف فقال حديث خرافة. وعلى
بن عاصم يقول حدثنا ابو حنيفة
لحديث عن النبي صلى الله عليه وسلم

کہا کہ خدا کی قسم! وہ جھوٹ بولتا ہے۔ اللہ تعالیٰ
نے فرمایا کہ جنت کے کھانے دائمی ہیں۔ ابن الفضل
نے کہا کہ بخدا وہ جھوٹ بولتا ہے۔ اور یوسف بن
اسباط سے مروی ہے ابوحنیفہ کہتا ہے اگر مجھے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پالیتے یا میں آپ کا زمانہ
پاتا تو آپ میرے بہت سے اقوال اخذ کرلیتے۔
اور میں نے ابو اسحاق کو کہتے سنا کہ ابوحنیفہ کے
سامنے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث
آتی تو مخالفت کرکے دوسری جانب مڑ جاتا۔
اور ابواسحاق فرازی سے روایت ہے کہ میں ابوحنیفہ
کے پاس آتا اور ان سے جہاد کے متعلق پوچھتا تھا
ایک مسئلہ کے جواب کے بارے میں میں نے کہا کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تو اس کے خلاف
مروی ہے تو کہا کہ "رہنے بھی دو اس حدیث کو"
پھر دوسرے دن ایک اور مسئلہ دریافت کیا جواب دیا
تو میں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تو اس کے
بالکل برعکس روایت آئی ہے۔ بولا اسے خنزیر کی دم
سے کھرچ دے۔ اور ابو اسحاق سے مروی ہے کہ میں
نے ابوحنیفہ سے مسلمانوں کے خلاف تلوار نہ اٹھانے
کے بارے میں حدیث بیان کی تو جواب دیا کہ "یہ بکواس
ہے" اور علی بن عاصم کہتا ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے مروی ایک حدیث ابوحنیفہ کو بتائی کہنے لگے
کہ میں نہیں لوں گا تو میں نے کہا کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

فقال لا اخذ به. فقلت عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم فقال لا اخذ به
وعن بشر بن المفضل قال قلت
لابی حنیفة عن نافع عن ابن عمر
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال
البیعان بالخیار مالم یفترقا. قال
هذا رجز. قال فقلته عن انس
ان یهودیا رضخ راس جاریة
بین حجرین فرضخه النبی صلی اللہ
علیہ وسلم بین حجرین. قال هذیان.
وعن عبد الصمد عن ابیه قال
ذکر لابی حنیفة قول النبی صلی
اللہ علیہ وسلم افطر الحاجم والمحجوم
فقال هذا سجع. فذکر له من قضاء
عمر او قول عمر فی الولاء فقال
هذا قول شیطان ورواه عن عبد
الوارث فقال له الرجل فما روایة
عن عمر بن الخطاب قال ذلك قول
الشیطان. قال فسبحت فقال لی رجل
اتعجب؟ فقد جاءه رجل قبل هذا فساله
عن مسئلة فاجابه. قال فما روایة رویت
عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟
"افطر الحاجم والمحجوم" فقال هذا سجع

سے مروی ہے پھر جواب دیا کہ میں تو نہیں لیتا۔ اور بشر
بن المفضل سے مروی ہے کہ میں نے نافع کے حوالے سے
وہ ابن عمر سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث
ابو حنیفہ کو سنائی کہ "بائع اور مشتری جب تک
جدا نہ ہوں' دونوں اختیار والے ہیں۔ ابو حنیفہ
بولا کہ "یہ پرندے کی بولی ہے"۔ پھر میں انس رض کی
روایت پیش کی کہ ایک یہودی نے ایک لڑکی کا
سر دو پتھروں کے درمیان میں رکھ کر کچل ڈالا۔ تو
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کا سر اسی طرح سے
کچلا۔ ابو حنیفہ نے کہا کہ "یہ بکواس ہے" اور عبد
الصمد اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ ابو حنیفہ
کے سامنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث افطر الحاجم
والمحجوم ... (سینگی لگانے والا اور جس کو سینگی
لگائی گئی ہے' دونوں کا روزہ ختم ہے) بیان ہوئی
تو کہنے لگا کہ یہ تک بندی ہے۔ پھر ان کے سامنے
حضرت عمر رض کا ایک فیصلہ بیان ہوا جو ولاء کے
متعلق تھا تو بولا یہ شیطان کا قول ہے۔ اس پر
راوی نے سبحان اللہ پڑھا۔ ایک شخص نے کہا کہ کیا
تمہیں اس پر تعجب ہوتا ہے۔ حالانکہ اس سے قبل ایک
شخص نے آکر مسئلہ دریافت کیا تو اس نے جواب دیا
سائل نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت
کردہ حدیث افطر الحاجم والمحجوم۔ کا کیا جواب دو گے؟
تو ابو حنیفہ نے کہا کہ یہ تو تک بندی اور مسجع عبارت ہے

فقلت في نفسي هذا مجلس لا اعود فيه ابدا و
عن يحيى بن ادم ذكر لابي حنيفة
هذا الحديث ان النبي صلى الله عليه
وسلم قال الوضوء نصف الايمان
قال تتوضا مرتين حتى تستكمل الايمان
قال اسحاق فقال يحيى بن ادم
الوضوء نصف الايمان يعني نصف
الصلوٰة لان الله مسمى الصلوٰة
ايمانا وما كان الله ليضيع ايمانكم
يعني صلوٰتكم وقال النبي صلى الله عليه
وسلم لا تقبل الصلوٰة الا بطهور.
فالطهور نصف الايمان على هذا المعنى
اذا كانت الصلوٰة لا تتم الا به.

قال ابو عبد الله قال اسحاق قال
يحيى بن ادم ذكر لابي حنيفة قول
من قال لا ادري نصف العلم قال
فليقل مرتين لا ادري حتى يستكمل
العلم. قال يحيى وتفسير قوله لا ادري
نصف العلم لان العلم انما هو ادري
ولا ادري فاحدهما نصف الآخر
وعن سفيان بن عيينه قال ما رأيت
اجرأ على الله من ابي حنيفة. كان
يضرب الامثال لحديث رسول الله

پس راوی نے دل میں عزم کرلیا کہ اس مجلس میں کبھی
دوبارہ نہیں لوٹوں گا۔ یحیٰ بن آدم سے روایت
ہے ابوحنیفہ کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی حدیث الوضوء نصف الایمان یعنی وضوء آدھا
ایمان ہے بیان کی گئی ہے تو کہا کہ دو بار وضو کرو
تاکہ تمہارا ایمان کامل ہوجائے۔ اسحاق کہتے ہیں کہ
یحیٰ بن آدم نے کہا کہ وضوء آدھا ایمان ہے یعنی
آدھی نماز۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نماز کا نام ایمان رکھا
ہے۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ یعنی صلوٰتکم
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز پاکی کے بغیر
قبول نہیں ہوتی۔ لہٰذا طہور ایمان کا آدھا ہے۔
کیونکہ نماز اس کے بغیر نہیں ہوگی۔ اس معنیٰ میں
وضو نصف الایمان ہوا۔

ابوعبداللہ نے کہا کہ اسحاق نے کہا انہوں نے کہا
یحیٰ بن آدم کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ کے سامنے قول لا ادری
(میں نہیں جانتا) کا ذکر ہوا کہ یہ آدھا علم ہے تو کہنے
لگا کہ دو بار کہہ دو تاکہ علم مکمل ہوجائے۔ یحیٰ نے لا
ادری نصف العلم کی تشریح اس طرح پیش کی ہے کہ
چونکہ "ادری" علم ہے اور "لا ادری" میں دو الفاظ
ایک دوسرے کا نصف ہوئے لہٰذا ثابت ہوا کہ لا ادری
نصف علم ہے۔ اور سفیان بن عیینہ سے مروی ہے،
کہ اللہ پر ابوحنیفہ سے زیادہ جری میں نے کسی کو نہیں
دیکھا۔ ابوحنیفہ احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

صلی اللہ علیہ وسلم فیردہ وبلغه انی اروی
ان البیعان بالخیار مالم یتفرقا۔
فجعل یقول أرأیت ان کان فی سفینة
أرأیت ان کان فی سجن أرأیت ان
کان فی سفر کیف یفترقان ؟

وعن الفضل بن موسیٰ السینانی
یقول سمعت ابا حنیفة یقول من
اصحابی من یبول قلتین ، یرد علی
النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان الماء
قلتین لم ینجس . وعن وکیع یقول
سال ابا حنیفة عن رفع الیدین
فی الرکوع ، فقال ابوحنیفة یرید
ان یطیر فیرفع. قال وکیع و
کان ابن المبارک رجلا عاقلا
فقال ابن المبارک ان کان
طار فی الاول فانه یطیر
فی الثانیة فسکت ابوحنیفة ولم
یقل شیئا.

وعن سفیان قال کنت
فی جنازة ام خصیب بالکوفة
فسال رجل ابا حنیفة عن مسئلة
من الصرف فافتاه. فقلت
یا ابا حنیفة ان اصحاب محمد

کو مثالیں بیان کر کے رد کر دیتے تھے۔ انہیں پتہ لگا
کہ میں حدیث رسول "البیعان بالخیار مالم یتفرقا"
بیان کرتا ہوں تو بولے کہ دونوں لین دین کرنے والے
اگر کشتی میں سوار ہوں، یا قید میں ہوں یا سواری
اور سفر پر تو آخر کیسے جدا ہوں گے؟

اور فضل بن موسیٰ سینانی سے روایت ہے
کہ میں نے ابو حنیفہ سے سنا کہ میرے اصحاب میں سے
کون ہے جو دو مٹکے پیشاب کر سکے۔ اس سے
وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر رد کر رہے تھے کہ
آپ کا فرمان ہے (ترجمہ) پانی دو مٹکے ہوں تو وہ
پلید نہیں ہوتا۔ وکیع سے روایت ہے کہ رکوع میں
رفع الیدین کے متعلق ابو حنیفہ سے سوال کیا گیا
تو جواب دیا کہ اس سے اس کا مقصد اڑنا ہے،
جبھی تو وہ ہاتھ اوپر اٹھاتا ہے۔ وکیع فرماتے ہیں
کہ عبداللہ بن مبارک عقلمند انسان تھے۔ تو انہوں
نے جواب دیا کہ اگر تکبیر تحریمہ میں ابو حنیفہ ہاتھ اٹھاتے
وقت اڑتے ہیں تو دوسری بار میں بھی اڑ جا سکتا ہے
اس پر ابو حنیفہ خاموش ہو گئے اور کوئی جواب نہیں
دیا۔ سفیان سے روایت ہے کہ کوفہ میں ام خصیب کے
جنازہ میں میں شریک ہوا۔ تو ایک شخص نے
ابو حنیفہ سے سونے چاندی کے مسئلہ کے بارے میں
دریافت کیا تو انہوں نے فتویٰ دیا۔ میں نے کہا کہ
ابو حنیفہ! اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

صلی اللہ علیہ وسلم قد اختلفوا فی ھذہ فغضب وقال للذی استفتاہ اذھب فاعمل بھا فما کان فیھا من اثم فھو علیّ۔

وعن ابی صالح الفراء قال سمعت یوسف بن اسباط یقول رد ابوحنیفة علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اربع مأة حدیث او اکثر۔ قلت لہٗ یا ابا محمد! تعرفھا؟ قال نعم۔ قلت اخبرنی بشیء منھا۔ فقال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للفرس سھمان و للراجل سھم۔ قال ابوحنیفة لا اجعل سھم بھیمة اکثر من سھم المؤمن۔ واشعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ البدن وقال ابوحنیفة مثلة۔ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیعان بالخیار مالم یتفرقا قال ابوحنیفة اذا وجب البیع فلا خیار۔

وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقرع بین نسآئہ اذا اراد ان یخرج فی سفر واقرع اصحابہ وقال ابوحنیفة القرعة

اختلاف کرتے ہیں تو ابوحنیفہ کو غصہ آیا اور سائل سے کہا کہ جس طرح تجھے میں نے بتایا ہے اس طرح عمل کرنا۔ اگر اس میں گناہ ہے تو مجھ پر ہے۔

ابوصالح الفراء سے روایت ہے کہ یوسف بن اسباطؒ نے کہا کہ ابوحنیفہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چارسو احادیث کو رد کیا ہے یا اس سے بھی زیادہ۔ میں نے کہا کہ اے ابا محمد! کیا آپ ان احادیث کو جانتے ہیں؟ یوسف نے کہا ہاں! جانتا ہوں۔ میں نے کہا کہ بتانا ذرا! کہنے لگے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے (ترجمہ) گھوڑے کے لئے دو حصے اور پیادل آدمی کے لئے ایک حصہ ہے تو ابوحنیفہ نے کہا کہ میں مؤمن کے حصے سے گھوڑے (جانور) کا حصہ دگنا نہیں بناؤں گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدیہ کے جانور کے لئے اشعار (یعنی کوہان کو چیر دینا) کیا اور صحابہ نے بھی اشعار کیا لیکن ابو حنیفہ اس کے مثلہ (جانور کے ناک، کان وغیرہ اعضا کے کاٹنے) کا فتویٰ دیتے ہیں۔ (حالانکہ یہ شریعت میں حرام ہے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ لین دین کرنے والے جب تک جدا نہ ہوں، اختیار والے ہیں لیکن ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ سودا ہو گیا تو پھر کوئی اختیار باقی نہیں رہتا۔ سفر پہ جاتے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھی قرعہ اندازی کرتے تھے اپنی عورتوں کے درمیان۔ جبکہ ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ قرعہ اندازی

قمار. وقال ابوحنيفة لوادركني
رسول الله صلى الله عليه وسلم وادركته
لاخذ بكثير من قولي.

وهل الدين الا الرأى
الحسن. وعن وكيع يقول وجدنا
اباحنيفة خالف مأتي حديث.
وعن حماد بن سلمة يقول
ابوحنيفة استقبل الآثار
واستدبر برأيه. وعنه ايضا
ان اباحنيفة استقبل الآثار
والسنن فردها برأيه. وعن
على بن صالح البغوى قال انشدني
ابوعبدالله محمد بن زيد
الواسطى لاحمد بن المعدل

ان كنت كاذبة الذى حدثتني
فعليك اثم ابى حنيفة اوزفر
المائلين الى القياس تعمدا
والراغبين عن التمسك بالخبر

وعن ابى عوانة
قال سمعت اباحنيفة
يقول وسئل عن الاشربة
قال فما سأل عن شيء
الا قال حلال. حتى سأل

قمار بازی (جوا یا سٹہ) ہے اور ابوحنیفہ نے
کہا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا زمانہ پالیتے
یا میں ان کا زمانہ پالیتا تو آپؐ میرے بہت سے
اقوال اختیار کر لیتے۔ اور دین تو صرف اچھی رائے
کا ہی نام ہے۔ اور وکیع کہتے ہیں کہ ہم نے ابو
حنیفہ کو دو صد احادیث میں مخالف پایا۔ اور
حماد بن سلمہ سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ احادیث
کو سامنے لاکر اپنی رائے کے پیچھے پھینک دیتے
تھے۔ ان ہی سے یہ بھی مروی ہے کہ ابوحنیفہ
کے سامنے احادیث و آثار صحابہ پیش کیے جاتے
تو وہ ان کو پیٹھ پیچھے ڈال کر اپنی رائے کو اختیار
کرتے تھے۔ اور علی بن صالح بغوی سے روایت
ہے کہ ابوعبداللہ محمد بن زید الواسطی نے احمد
بن معدل کو یہ شعر لکھے (ترجمہ)

اگر تم جھوٹے ہو اس میں جو مجھ سے تم نے بیان کیا
تو تجھ پر ہی ابوحنیفہ اور زفر کا بھی جرم ہے
جو دونوں جان بوجھ کر قیاس کی طرف مائل تھے
اور حدیث پر عمل کرنے سے منہ موڑتے رہے

اور ابوعوانہ سے روایت ہے کہ میں نے
ابوحنیفہ کو کہتے ہوئے سنا، جبکہ ان سے شرابوں
کے متعلق سوالات کیے جا رہے تھے تو ہر سوال کے
جواب میں کہتے جاتے تھے کہ "حلال ہے" لوگوں
نے نشہ کے بارے میں سوال کیا تب بھی کہا کہ حلال

عن السكر فقال حلال قال قلت یا ھٰؤلاءِ انما زلۃ عالم فلا تاخذوا عنہ۔

ہے۔ اس پر میں نے کہا کہ اے لوگو! یہ ایک عالم کی لغزش ہے۔ (کہ حرام کو حلال قرار دے دیا) لہٰذا اس سے دین کے متعلق کچھ نہ لو۔

ابو حنیفہ کی رائے کی مذمت اور اس بچنے کے بیان میں۔
صحیح اور متصل روایات کی روشنی میں۔

عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ قال کان الامر فی بنی اسرائیل مستقیما حتی نشأ فیھم ابناء سبایا الامم فقالوا بالرأی فھلکوا واھلکوا وعنہ ایضا لم یزل امر بنی اسرائیل معتدلا حتی ظھر فیھم المولدون ابناء سبایا الامم فقالوا فیھم بالرأی فضلوا واضلو قال سفیان ولم یزل الناس معتدلا حتی غیر ذٰلک ابوحنیفۃ بالکوفۃ وعثمان البتی بالبصرۃ و ربیعۃ بن ابی الرحمان بالمدینۃ فنظرنا فوجدناھم من ابناء سبایا الامم۔

ہشام اپنے باپ عروہ سے روایت کرتے ہیں کہ بنی اسرائیل کا دین اور حال صحیح رہا۔ حتیٰ کہ ان میں لونڈیوں کے بچے پیدا ہوئے۔ پس انہوں نے رائے سے باتیں کی لہٰذا خود بھی ہلاک ہوئے اور لوگوں کو بھی ہلاک کیا۔ ایک دوسری روایت میں اسی سند سے ہشام سے مروی ہے کہ بنی اسرائیل کا حال صحیح رہا تا آنکہ باندھیوں سے لڑکے پیدا ہوئے، جنہوں نے اپنی رائے سے باتیں کیں، خود بھی گمراہ ہوئے اور لوگوں کو بھی گمراہ کیا۔ سفیان کہتے ہیں اس امت کا حال بھی اسی طرح صحیح رہا تا آنکہ ابو حنیفہ نے کوفہ میں، عثمان بتی نے بصرہ میں اور ربیع بن عبد الرحمان نے مدینہ میں بگاڑ پیدا کیا تو ہم نے ان کو دیکھا کہ یہ بھی باندھیوں کے لڑکے تھے۔

وعن الحمیدی سمعت سفیان یقول کان ھذا الامر مستقیما حتی نشا ابوحنیفہ بالکوفۃ وربیعۃ بالمدینۃ

اور حمیدی سے روایت ہے کہ میں نے سفیان کو کہتے سنا کہ دین اسلام سیدھا اور صحیح چلتا رہا۔ یہاں تک کہ ابو حنیفہ کوفہ میں، ربیعہ بن عبد الرحمان مدینہ میں اور عثمان بتی

والبتي بالبصرة. ثم نظر الى سفيان
فقال اما بلدكم فكان على قول
عطاء. ثم قال سفيان نظرنا في
ذالك فظننا انه كما قال هشام
بن عروة عن ابيه ان امر بني
اسرائيل لم يزل مستقيما معتدلا
حتى ظهر فيهم المولدون ابناء
سبايا الامم فقالوا فيهم بالرأي
فضلوا واضلوا. قال سفيان فوجدنا
ربيعة ابن سبي والبتي ابن سبي
وابو حنيفة ابن سبي. فنرى ان
هذا من ذالك.

اخبرنا ابن الفضل حدثنا علي
بن ابراهيم بن شعيب الغازي
حدثنا محمد بن اسماعيل البخاري
حدثنا صاحب لنا عن حمدويه
قال قلت لمحمد بن مسلمة ما
لرأي نعمان دخل البلدان كلها
الا المدينة. قال ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال لا يدخلها
الدجال والطاعون وهو دجال
من الدجاجلة. وقال محمد بن
مسلمة المدني وقال له ما بال رأي
ابي حنيفة دخل هذه الامصار

بصرہ میں پیدا ہوئے۔ پھر سفیان نے میری طرف
دیکھتے ہوئے کہا کہ تمہارا شہر بھی عطاء کے قول
کی طرح ہے۔ اس کے بعد سفیان نے کہا کہ ہم
نے دیکھا تو اسی طرح پایا کہ جس طرح ہشام نے
اپنے باپ سے بیان کیا کہ بنی اسرائیل کا حال
صحیح رہا، یہاں تک کہ ان کے اندر باندیوں
کے لڑکے پیدا ہوئے، جنہوں نے اپنی رائے سے
باتیں کیں۔ خود بھی گمراہ ہوتے اور دوسروں کو بھی
گمراہ کیا۔ سفیان نے کہا کہ ہمارا بھی یہی حال ہے
ربیعہ بھی لونڈی کا بچہ، بتی بھی لونڈی کا بچہ،
ابو حنیفہ بھی لونڈی کا بچہ۔ لہٰذا ہم اس کا نتیجہ
دیکھ رہے ہیں۔

ہمیں ابن الفضل نے بتایا، انہیں علی بن
ابراہیم بن شعیب الغازی نے انہیں محمد بن اسماعیل
البخاری نے بتایا کہ ہمیں حمدویہ کے ایک دوست
نے خبر دی اس نے کہا کہ میں نے محمد بن مسلمہ سے
پوچھا کہ ابو حنیفہ کا قیاس سارے شہروں میں پھیل
گیا، مگر مدینہ میں داخل نہ ہوا تو اس نے جواب
دیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدینہ میں
دجال اور طاعون داخل نہ ہوگا۔ اور قیاس
بھی ایک قسم کا دجال ہے۔ اور محمد بن مسلمہ
المدنی سے مروی ہے کہ انہیں کسی نے کہا کہ
ابو حنیفہ کے قیاس کو تو دیکھو کہ سواء مدینہ
کے ہر جگہ داخل ہو گیا ہے۔ جواب دیا کہ

كلها ولم يدخل المدينة. قال
لان رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال على نقب من انقابها ملك
يمنع الدجال من دخولها وهذا
من كلام الدجالين. فمن ثم لا
يدخلها والله اعلم. وقال مالك
ما ولد فى الاسلام مولودًا اضر
على اهل الاسلام من ابى حنيفة
وكان يعيب الرأى ويقول قبض
رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد
تم هذا الامر واستكمل فانما
ينبغى ان نتبع آثار رسول الله
صلى الله عليه وسلم واصحابه ولا
ولا تتبع الرأى وانه اتبع
الرأى جاء رجل آخر اقوى
منك فاتبعته فانت كلما جاء
رجل غلبك تبعته، ارى هذا الامر
لا يتم. وعن مالك بن انس قال
كانت فتنة ابى حنيفه اضر
على هذه الامة من فتنة ابليس
فى الوجهين جميعا فى الارجاء
وما وضع من نقض السنن. و
عن عبد الرحمن بن مهدى يقول ما اعلم فى
الاسلام فتنة بعد فتنة

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ ہے
مدینہ کے ہر راستہ میں ایک فرشتہ مقرر ہے جو دجال
کو مدینہ میں داخل ہونے سے روکدیگا یہ کلام
بھی دجالوں کے کلام میں سے ہے اس لئے مدینہ
میں داخل نہ ہوا۔ واللہ اعلم۔ اور امام مالک
نے فرمایا کہ ابوحنیفہ سے زیادہ نقصان دینے والا
کوئی آدمی اسلام میں پیدا نہیں ہوا۔ اور امام
مالک قیاس کو پسند نہیں فرماتے تھے اور کہتے
تھے کہ نبی پاکؐ نے انتقال فرمایا تو اسلام اپنے
اتمام کو پہنچا۔ لہٰذا مناسب یہی ہے کہ آپؐ
کی احادیث شریفہ کا ہی اتباع کیا جائے
اور ان کے اصحابؓ کے آثار کا بھی اتباع
ہو لیکن رائے اور قیاس کی پیروی نہ کی جائے
کیونکہ اگر تم قیاس کی پیروی کروگے تو جب بھی کوئی
قوی آدمی تم پر غالب آجائے گا تو تم اس کی اتباع
کروگے اور یہ سلسلہ یوں چلتا رہے گا۔ دین پورا
نہیں ہوگا۔

اور مالک بن انس فرماتے ہیں کہ ابوحنیفہ کا فتنہ
تمام لوگوں کے لئے دو وجوہ سے ابلیس کے فتنہ سے
بھی زیادہ ضرر رساں ہے۔ ایک تو ابوحنیفہ کے مذہب
ارجاء کی وجہ سے، دوسرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں
کو توڑنے کی وجہ سے۔ اور عبدالرحمان بن مہدی
کہتے ہیں کہ اسلام میں، میں فتنہ دجال کے بعد

الدجال اعظم من رأی ابی حنیفة و
قال سفیان ما وضع فی الاسلام من
الشر ما وضع ابوحنیفة الا فلان
لرجل صلب وعن شریك القاضی
یقول لان یکون فی کل حی من
الاحیاء خمار خیر من ان یکون فیه
رجل من اصحاب ابی حنیفة وعن
سلام بن مطیع قال کان ایوب
قاعدا فی المسجد الحرام فراٰه ابو
حنیفة فاقبل نحوہٗ فلما راٰه ایوب
قد اقبل نحوہٗ قال لاصحابه قوموا
لایعبرنا بجربه. قوموا فقاموا
فتفرقوا. وعن شریك قال انما
کان ابوحنیفة جربا. وعن سلیمان ابن
حسان الحلبی یقول سمعت الاوزاعی
مالا احصیه یقول عمد ابوحنیفة الی
عُریٰ الاسلام فنقضها عروة عروة و
قال الاوزاعی لما مات ابوحنیفة الحمد
لِلّٰہِ ان کان لینقض الاسلام عروة عروة
وعن عبد الرحمٰن بن مهدی کنت عند
سفیان الثوری اذ جاء نعی ابی حنیفة
فقال الحمد لِلّٰہِ الذی اراح المسلمین منه

ابوحنیفہ کی رائے سے بڑا کوئی فتنہ نہیں جانتا۔ اور
سفیان کہتے ہیں کہ اسلام میں ابوحنیفہ سے زیادہ
کوئی شر نہیں مگر فلاں آدمی جو سولی پر لٹکایا جا
اور قاضی شریک سے روایت ہے کہ ہر ایک قبیلہ
میں ایک شراب خانہ ہو، یہ اس سے بہتر ہے کہ ابوحنیف
کا کوئی ساتھی وہاں اس کی رائے کے مطابق فتویٰ د
اور سلام بن مطیع سے روایت ہے کہ ایوب مسج
حرام میں بیٹھے تھے تو ابوحنیفہ کو اپنی طرف آتے دیکھ
ایوب نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ یہاں سے چل
یہ شخص اپنی خارش سے ہمیں بھی خارش زدہ کر دیگا
چنانچہ وہ وہاں سے منتشر ہو گئے۔ اور سلیمان بن
حسان حلبی سے مروی ہے کہ میں نے لاتعداد مرتبہ
اوزاعی کو کہتے ہوئے سنا کہ ابوحنیفہ اسلام کے حلقو
کی طرف متوجہ ہوئے، پھر اسے حلقہ حلقہ کر کے توڑ دیا
اور اوزاعی نے ابوحنیفہ کی وفات کے وقت کہا کہ
الحمد للہ (ایک ایسا آدمی فوت ہوا) جس نے اسلام کو
ایک ایک حلقہ کر کے توڑ دیا۔ عبدالرحمان بن مہدی سے
روایت ہے کہ میں سفیان ثوری کے پاس بیٹھا ہوا
تھا کہ ابوحنیفہ کے موت کی خبر ملی۔ سفیان نے کہا کہ الحمد
للہ جس نے مسلمانوں کو ابوحنیفہ سے نجات دلا دی۔
ابوحنیفہ تو اسلام کو ایک ایک حلقہ کر کے توڑتا رہا۔
اسلام میں اس سے زیادہ منحوس کوئی انسان پیدا

لقد كان ينقض عرى الاسلام عروة
عروة. ما ولد فى الاسلام اشأم على
اهل الاسلام منه. وعن الاوزاعى
وسفيان يقولان ما ولد فى الاسلام
اشأم عليهم وقال الشافعى شر عليهم
من إبى حنيفة. وعن الوليد بن
المسلم قال قال لى مالك بن انس أ
يتكلم برأى ابى حنيفة عندكم؟
قلت نعم. قال ما ينبغى لبلدكم
ان تسكن. وعن مالك بن انس
ذكر اباحنيفة فقال كاد الدين
وعنه ايضا قال ان اباحنيفة
كاد الدين فليس له دين
وعنه ايضا يقول الداء العضال
الهلاك فى الدين. ابوحنيفة
من الداءِ العضال. وعن زفر
يقول كنا نختلف الى ابى حنيفة
معنا ابويوسف ومحمد بن الحسن
فكنا نكتب عنه. قال زفر
فقال ابوحنيفة يوما لابى يوسف
ويحك يا يعقوب! لاتكتب كل
ما تسمعه منى. فانى قد ارى
الرأى فاتركه وارى
الرأى غدًا واتركه بعد غد

ہوا۔ اور اوزاعی اور سفیان کہتے تھے کہ اسلام
میں ابوحنیفہ سے منحوس کوئی انسان نہیں پیدا
ہوا۔ اور شافعی سے روایت ہے کہ اہل اسلام پر اس
سے بدتر پیدا نہیں ہوا۔

اور ولید بن مسلم سے روایت ہے کہ
مجھے مالک بن انس نے کہا کہ کیا تمہارے یہاں ابو
حنیفہ کے قیاس کے مطابق بھی کوئی بات کرتا
ہے؟ میں نے جواب دیا کہ ہاں! کہنے لگے کہ
پھر تو تمہارے ہاں رہنا بھی مناسب نہیں ہے
اور مالک سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ابو
حنیفہ نے دین کو نقصان دیا۔ دوسری روایت
میں ان ہی سے یہ الفاظ بھی ہیں کہ ابوحنیفہ نے
دین کو نقصان دیا لہذا ان کا کوئی دین ہی نہیں
اور ان سے روایت ہے کہ دین میں چھوت دار بیماری
اس کے لئے ہلاکت ہے اور ابوحنیفہ بھی اسلام
کے لئے چھوت دار بیماری ہے۔ اور زفر سے مروی
ہے کہ ہم تعلیم حاصل کرنے کے لئے ابوحنیفہ کے
پاس آتے تھے اور ہمارے ساتھ ابویوسف اور
محمد بن حسن بھی ہوتے تھے، تو ہم ان سے لکھتے جاتے
تھے۔ زفر کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ نے ایک دن ابو یوسف
سے کہا کہ یعقوب! تجھ پر افسوس ہو۔ تو میری
ہر بات مت لکھا کر۔ اس لئے کہ آج میری ایک
رائے ہوتی ہے۔ پھر میں اسے چھوڑ دیتا ہوں
کو میری کوئی رائے ہوتی ہے پھر پرسوں میں

وعمر بن غياث عن
ابيه. قال كنت اجلس الى ابى
حنيفة فاسمعه، يسئل عن مسئلة
فى اليوم الواحد. فيفتى فيها
بخمسة اقاويل. فلما رأيت
ذلك تركته و اقبلت على الحديث
وعن ابى دائود السجستانى قال
قال ابن المبارك ما مجلس ما
رأيت ذكر فيه النبى صلى الله عليه وسلم
قط ولا يصلى عليه الا مجلس
ابى حنيفة. وما كنا ناتيه الا
الاخفياء وعن سفيان الثورى
وعن محمد بن عبد الله القناد يقول
حضرت مجلس ابى حنيفة فرايت مجلس
لغولا وقار فيه وحضرت مجلس سفيان
الثورى فكان الوقار والسكينة و
العلم فيه فلزمته. وعن الثورى
ذكر عنده ابو حنيفة فقال
يتعسف الامور بغير علم ولا سنة
وعن قيس بن الربيع سئل
عن ابى حنيفة فقال من اجهل
الناس لما كان اعلمه ولما
لم يكن.

اسے چھوڑ دیتا ہوں۔ اور عمر بن غیاث اپنے باپ
سے روایت کرتے ہیں کہ میں ابو حنیفہ کے پاس
بیٹھا تھا اور ان کی سنتا تھا۔ انہوں نے ایک دن
ایک ہی مسئلہ میں پانچ فتوے صادر کیے۔
پس جب میں نے یہ حال دیکھا تو میں نے ابو حنیفہ
کو چھوڑ دیا اور حدیث پر توجہ دی۔ اور ابو داؤد
سجستانی سے روایت ہے کہ عبد اللہ بن مبارک
کہتے ہیں کہ ابو حنیفہ کی مجلس کے سواء میں نے ایسی
کوئی اور مجلس نہیں دیکھی جہاں رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کا ذکر آتا ہو لیکن درود نہ پڑھا جاتا ہو۔
اور ہم اس کی محفل میں آتے بھی تھے تو چھپ کر۔ اور
سفیان ثوری اور محمد بن عبد الوہاب القناد
کہتے ہیں کہ میں ابو حنیفہ کی محفل میں شریک ہوا تو
لغو اور شور کے سوا کچھ نہیں تھا۔ اس کے برعکس
میں نے سفیان ثوری کی محفل کو دیکھا، اس میں وقار
سکون اور علم تھا۔ لہٰذا اس محفل سے میں چمٹ
گیا اور سفیان ثوری کے ہاں ابو حنیفہ کا ذکر
ہو تو کہنے لگے کہ بغیر علم اور طریقۂ سنت کے دین
کے کاموں کو بگاڑتے رہے۔

اور قیس بن ربیع سے ابو حنیفہ کے متعلق
پوچھا گیا تو جواب دیا کہ جو باتیں وہ جانتے تھے،
ان کو اس طرح چلاتے تھے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ
جاہل معلوم ہوتے اور جو نہیں جانتے تھے ان کو بھی

وعن ابی بکربن عیاش الناس
یقولون ان اباحنیفۃ ضرب علے
القضاء المناضرب علی ان یکون
عریفا علی طراز حاکۃ الخزازین
وعن سفیان الثوری قال ابوحنیفۃ
ضال مضل واما ابویوسف فاسق
من الفساق. وعن یزید بن ہارون
ما رأیت قوما اشبہ بالنصاری من
اصحاب ابی حنیفۃ وعن ربیع بن
سلیمان المزاری قال سمعت الشافعی
یقول ابوحنیفۃ یضع اول المسئلۃ
خطا ثم یقیس الکتاب کلہ علیہا
وعن ابن حنان اسد القطان
قال سمعت الشافعی یقول ماشبہت
رای ابی حنیفۃ الا بخیط السحارۃ
نمد کذا فیجیٔ الاخضر ویمد
کذا فیجیٔ الاصفر. وعن ابی بکر
الاثرم قال اخبرنا ابوعبد
اللہ بباب فی العقیقہ فیہ
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
احادیث مسندۃ وعن اصحابہ
وعن التابعین
ثم قال قال ابوحنیفۃ

طرح چلاتے تھے گویا کہ سب سے بڑے عالم تھے یعنی
دین کے کاموں کو الٹ پلٹ کو چلاتے تھے اور
ابوبکر عیاش سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ کا منہ
اللہ کالا کرے۔ ابوبکر عیاش سے (دوسری) روایت
ہے کہ لوگ کہتے ہیں قضا کے انکار پر اسے پیٹا گیا
لیکن (صحیح) بات یہ ہے کہ اسے کپڑے بننے والے
جولاہوں پر اہلکار نہ بننے کی وجہ سے پیٹا گیا۔
اور سفیان ثوری سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ گمراہ
تھا اور (دوسروں) کو گمراہ کرنیوالا تھا۔ جبکہ ابویوسف
فاسقوں میں سے ایک فاسق تھا۔ اور یزید بن
ہارون سے مروی ہے کہ میں نے ابوحنیفہ کے
ساتھیوں سے بڑھکر کسی کو نصاری کے مشابہ نہیں
دیکھا اور ربیع بن سلیمان مزاری سے روایت ہے
کہ امام شافعی فرماتے ہیں کہ ابوحنیفہ پہلے ایک
غلط اصول وضع کرتا، پھر اس پر ساری کتاب کو
قیاس کرتا تھا (تو ساری کتاب غلط ہو جاتی) اور
ابن حنان بن اسد القطان سے روایت ہے
کہ میں نے امام شافعی کو فرماتے سنا کہ ابوحنیفہ کا
قیاس جادوگروں کے تاگے کی طرح ہے۔ جب منہ
سے کھینچا گیا تو سبز نکلا۔ پھر کھینچا گیا تو زرد نکلا۔
اور ابوبکر اثرم سے مروی ہے کہ ہمیں ابوعبداللہ
نے عقیقہ کا باب سنایا۔ جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم
ان کے اصحاب رض اور تابعین کی باسند احادیث تھیں

هُوَ مِنَ الجاهليه و يتبسم كالمتعجب
وعلى بن جرير قال كنت فى الكوفة
فقدمت البصرة وبها ابن
المبارك فقال لى كيف تركت
الناس ؟ قال قلت تركت بالكوفة
قومًا يزعمون ان اباحنيفة اعلم
من رسول الله صلى الله عليه وسلم
قال كفر. قلت اتخذوك فى
الكفر اماما. قال فبكى حتى
ابتلت لحيته يعني انه حدث
عنه. وعن على بن جرير الابيوردى
قال قدمت على ابن المبارك
فقال له رجل ان رجلين تماريا
عندنا فى مسئلة فقال احدهما
"قال ابوحنيفة" وقال الآخر
"قال رسول الله صلى الله عليه وسلم"
فقال كان ابوحنيفة اعلم بالقضا
فقال ابن المبارك عد على. فاعاد
عليه. فقال كفر كفر قلت بك
كفروا وبك اتخذوا الكافر
اماما. قال ولم ؟ قلت بروايتك
عن ابى حنيفة. قال استغفر الله
من رواياتى عن ابى حنيفة.

پھر کہا کہ ابو حنیفہ نے کہا کہ یہ کام جاہلیت
ہیں اور متعجب ہوکر مسکراتا رہا۔ اور علی بن
کہتے ہیں کہ میں کوفہ میں تھا۔ پھر بصرہ میں
جہاں ابن مبارک سے ملاقات ہوئی۔ کہنے
کہ لوگوں کو کس حال میں چھوڑ آئے ؟ میں
کہا کہ کوفہ میں میں ایسے لوگوں کو چھوڑ آیا ہوں
کہتے ہیں کہ ابو حنیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سے زیادہ علم والے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ
کفر ہے تو میں نے کہا کہ اس کفر میں امام تو آپ
بناتے ہیں۔ اس پر عبداللہ رونے لگے یہاں
کہ ان کی ڈاڑھی بھیگ گئی۔ کیونکہ انہوں
ابو حنیفہ سے حدیث بیان کی تھی۔ اور علی بن جر
اللابیوردی نے کہا کہ میں ابن مبارک کے پاس آ
ان سے کسی آدمی نے کہا کہ ہمارے پاس کسی مس
میں دو آدمی جھگڑے ۔ان میں سے ایک نے
کہ ابو حنیفہ (اس طرح) کہتا ہے ۔ دوسرے نے
کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اس طرح
فرماتے ہیں۔ پھر اُس نے کہا کہ ابو حنیفہ قضا
میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ عل
تھے۔ ابن مبارک نے کہا کہ "دوبارہ بتانا ذرا
اس نے دوبارہ بتایا تو ابن مبارک نے کہا کہ کفر کہا ک
کہا۔ میں نے کہا کہ تیری وجہ سے کفر کیا اور تیری
کافر (ابو حنیفہ) کو امام بنایا۔ کہا کیوں ؟ میں

وعن عیسیٰ بن عبد الله
الطیالسی قال حدثنا الحمیدی
قال سمعت ابن المبارک یقول
صلیت وراء ابی حنیفة صلوٰة و
فی نفسی منها شیٔ قال وسمعت
ابن المبارک یقول وکتبت
عن ابی حنیفة اربع ماة
حدیث اذا رجعت الی العراق ان
شاء الله محوتها. وعن ابراهیم
بن شماس یقول کنت مع ابن المبارک
بالثغر. فقال لئن رجعت من هٰذا
لاخرجن ابا حنیفة من کتبی وعنه
قال سمعت ابن المبارک یقول
اضربوا علےٰ حدیث ابی حنیفة وقال
ابن المبارک لحدیث واحد من
حدیث الزهری احب الیّ من
جمیع کلام ابی حنیفة۔ وقال ابن
المبارک کان ابو حنیفة یتیما فی
الحدیث وقال ابن قطن کان ابو
حنیفة زمنا فی الحدیث وعن یحیٰ
بن معین قال ایش کان عند ابی
حنیفة من الحدیث حتی تسئل عنه
یسئل عن الاوزاعی فقال لا رأی

کہا کہ تم نے جو ابو حنیفہ سے روایات بیان کیں۔ کہا کہ میں ابو حنیفہ کے
روایات کی وجہ سے اللہ سے معافی چاہتا ہوں اور عیسیٰ بن عبداللہ
طیالسی سے روایت ہے کہ ہمیں حمیدی نے بتایا،
انہوں نے کہا کہ میں نے ابن المبارک کو کہتے سنا کہ
میں نے ابو حنیفہ کے پیچھے ایک نماز پڑھی،
اور میرے دل میں اس سے کچھ نفرت تھی۔ اور حمیدی
سے مروی ہے کہ ابن مبارک نے کہا کہ میں نے ابو حنیفہ
سے چار سو روایات لکھی ہیں، جب میں عراق واپس
جاؤں گا تو ان کو ان شاء اللہ مٹا دوں گا۔ اور
ابراہیم بن شماس کہتے ہیں کہ میں ثغر میں ابن مبارک
کے ساتھ تھا۔ تو کہا کہ اگر میں (عراق) واپس پہنچ
گیا تو اپنے کتابوں سے ابو حنیفہ (کا نام) مٹا کر دم
لوں گا۔ اور ان سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ابن
مبارک نے کہا کہ ابو حنیفہ کی (بیان کردہ) حدیث
کو دے مارو۔ ابن مبارک کہتے ہیں کہ زہری کی ایک
روایت مجھے ابو حنیفہ کے تمام کلام سے زیادہ محبوب
ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابو حنیفہ حدیث میں یتیم
تھے۔ ابن قطن نے کہا کہ ابو حنیفہ حدیث میں محتاج
تھے۔ اور یحیٰ بن معین کہتے ہیں کہ ابو حنیفہ کے
پاس حدیث میں رکھا ہی کیا ہے کہ آپ ان سے پوچھیں گے
اور اوزاعی نے کہا کہ ابو حنیفہ کی نہ رائے کام کی
اور نہ حدیث کام کی ہے۔ اور سفیان سے ابو حنیفہ
کے متعلق پوچھا گیا تو کہا کہ غیر ثقہ (جھوٹا) اور

ولاحديث لابى حنيفة وعن سفيان
سئل عن ابى حنيفة فقال غير ثقة
ولامامون. غير ثقة ولامامون. غير
ثقة ولامامون. وعن احمد بن حنبل
يقول كان ابوحنيفة يكذب وعن
يحيى بن معين يقول كان محمد بن
حسن كذابا وجهميا وكان ابوحنيفة
جهميا ولم يكن كذابا وعن ابى
حفص عمرو بن على قال ابوحنيفة
صاحب الرأى ليس بالحافظ مضطرب
الحديث واهى الحديث صاحب هوى
وعن مسلم ابن الحجاج القشيرى
يقول اباحنيفة صاحب الرأى مضطرب
الحديث ليس له كبير حديث صحيح وعن
عبد الصمد بن حسان يقول لما مات ابو
حنيفة قال لى سفيان الثورى اذهب
الى ابراهيم بن طهمان فبشره ان
فتان لهذه الامة قد مات فذهبت
اليه فوجدته قائلا فرجعت الى سفيان
فقلت انه قائل قال اذهب فصح
به ان فتان هذه الامة قد مات قلت
اراد الثورى ان يغم ابراهيم بوفاة
ابى حنيفة لانه على مذهبه عن الرجاء۔ انتهت عبارات الخطيب عن تاريخه ج ۱۳

امانت سے عاری تھا۔ غیر ثقہ اور امانت سے
عاری تھا۔ غیر ثقہ اور امانت سے عاری تھا۔
اور امام احمد بن حنبل سے مروی ہے کہ ابوحنیفہ
جھوٹ بولتے تھے۔ اور یحیٰ بن معین سے روایت
ہے کہ محمد بن حسن بڑے جھوٹے اور جہمیہ تھے اور
ابوحفص عمرو بن علی سے مروی ہے کہ ابوحنیفہ
صاحب رائے اور حافظہ والے نہ تھے۔ ان کی حدیث
میں اضطراب تھا اور وہ حدیث میں کمزور تھے۔ اور بدعت
والے تھے۔ اور مسلم بن حجاج قیشری سے روایت
ہے کہ ابوحنیفہ صاحب الراء اور مضطرب الحدیث
تھے، حدیث بھی ان کے پاس کوئی زیادہ نہ تھی صحیح۔
اور عبدالصمد بن حسان سے مروی ہے کہ جب ابوحنیفہ
کا انتقال ہوا تو مجھے سفیان ثوری نے کہا کہ ابراہیم
بن طہمان کے پاس جا اور انہیں خوشخبری سنا کہ
اس امت کا فتنہ باز انسان مرگیا۔ میں گیا تو وہ
دوپہر کو آرام میں تھے۔ آکر سفیان کو بتایا کہ وہ قیلولہ میں
ہیں۔ ثوری نے کہا کہ جا اور جگا کر بتادے کہ اس امت
کا فتنہ باز فوت ہوگیا۔ ثوری کا اس سے ارادہ یہ
معلوم ہوتا تھا کہ اس سے وہ طہمان کو مغموم کرنا چاہتے
تھے، کیونکہ ابراہیم مذہب ارجاء میں ابوحنیفہ کے
مسلک پر تھے۔ انتہیٰ۔ امام خطیب کی عبارات ان
کی کتاب تاریخ کے جلد ۱۳ پر پوری ہوئیں۔

ابو حنیفہ اور ہوس جاہ

عن ابی یوسف قال قال ابوا
حنیفة لما اردت طلب العلم
فجعلت اتخبر العلوم واسأل
عن عواقبها۔ فقیل لی تعلم القرآن
فقلت اذا تعلمت القرآن وحفظته
فما یکون آخرہ؟ قالوا تجلس مجلسه
ویقرأ علیك الصبیان والاحداث ثم
لا تلبث ان یخرج فیهم من هو
احفظ منك اویساویك فی الحفظ
فتذهب ریاستك۔ فقلت فان سمعت
الحدیث وکتبته حتی لم یکن فی
الدنیا احفظ منی فقالوا اذا کبرت
وضعفت حدثت واجتمع علیك
الاحداث والصبیان فلا تامن ان
تغلط فیرمونك بالکذب فیصیر
عارالك فی عقبك۔ فقلت لا حاجة
لی فی هذا۔ ثم قلت اتعلم النحو۔ فقلت
اذا حفظت النحو والعربیة مایکون
آخر امری؟ قالوا تقعد معلما
فاکثر رزقك دیناران الی ثلاثة
قلت وهذا عاقبة له۔ قلت فان نظرت

ابو یوسف سے روایت ہے کہ ابو حنیفہ نے کہا کہ
جب میں نے تحصیل علم کا ارادہ کیا تو ان علوم کے
نتائج کے بارے میں معلومات حاصل کرنے لگا۔ مجھے
کہا گیا کہ قرآن کی تعلیم حاصل کرو۔ میں نے کہا کہ قرآن
کی تعلیم حاصل کی اور حفظ بھی کر لیا تو اس کا نتیجہ
کیا ہوگا؟ لوگوں نے کہا کہ تم مسجد میں بیٹھو گے، بچے
اور نوجوان تمہارے پاس پڑھنے آئیں گے۔ (میں نے
سوچا کہ) اس طرح کچھ عرصہ کے بعد ان طلبہ میں کوئی
ایسا بڑا حافظ نکلے گا جو رتبہ میں تم سے بڑا یا مساوی
ہوگا تو تمہاری ریاست (یا سیادت) چلی جائے گی۔
پھر میں نے (دل میں) کہا کہ اگر میں حدیث کی
تحصیل کرتا ہوں، یہاں تک کہ میں سب سے بڑا حافظ
حدیث بن جاؤں (تو نتیجہ کیا نکلے گا؟) لوگ کہنے لگے
کہ جب تم بڑی عمر کے ہو گئے ہو یعنی ضعیف العمر تو
اب حدیث بیان کرو۔ تمہارے ارد گرد بچے اور نوجوان
جمع ہوں گے پھر (ایک وقت آئے گا کہ) تم غلطی سے
ہوگی تو تم پر جھوٹ کی تہمت لگائیں گے جو تمہاری عاقبت کے لئے
عار کی بات ہوگی۔ میں نے کہا اس کی بھی حاجت نہیں پھر میں نے
نحو سیکھنے کی سوچی۔ میں نے کہا کہ اگر نحو اور عربی پر عبور حاصل کر بھی لیا تو
نتیجہ کیا ہوگا؟ لوگوں نے کہا معلم بنو گے تمہاری آمدنی دو تین
دینار سے زیادہ نہ ہوگی۔ میں نے کہا کہ تو یہ ہوگا اسکا نتیجہ؟ پھر میں نے کہا کہ اگر میں

فی الشعر فلم یکن احد اشعر منی ما یکون امری؟ قال تمدح ھٰذا فیھب لك او یحملك علیٰ دابة او یخلع علیك خلعة وان حرمك ھجوته فصرت تقذف المحصنات. قلت لا حاجة لی فی ھٰذا. قلت فان نظرت فی الکلام ما یکون اٰخرہ؟ قالوا لا یسلم نظر فی الکلام من مشتنعات الکلام فیرمی بالزندقة فاما ان تؤخذ فتقتل واما ان تسلم فتکون مذموما ملوما. فقلت ان تعلمت الفقه قالوا تسئل فتفتی الناس وتطلب القضاء وان کنت شابا. قلت لیس فی العلوم شیء انفع من ھٰذا. فلزمت الفقه وتعلّمته.

وعن ابراھیم الحرنی یقول کان ابوحنیفة طلب النحو فی اول امرہ فذھب یقیس فلم یجیٔ واراد ان یکون فیه استاذا فقال قلب وقلوب وکلب وکلوب فقیل له کلب وکلاب فترکه ووقع فی الفقه فکان یقیس ولم یکن له علم بالنحو (تاریخ خطیب صـ ۳۳۲ ج ۱۳)

اور میں سب سے بڑا شاعر بن جاؤں تو کیا فائدہ ہوگا؟ لوگوں نے کہا کہ تم کسی کی شعر میں مدح کروگے تو تمہیں انعام دے گا یا کسی سواری پر بٹھادیگا یا کوئی اور انعام واکرام کی خلعت تجھے پہنادے گا اور اگر تم کو محروم کردے گا تو اس کی تم ہجو کہوگے، پھر پاکدامن عورتوں پر تہمت تراشی کروگے۔ میں نے کہا اس کی بھی مجھے ضرورت نہیں۔ میں نے کہا کہ اگر میں علم کلام سیکھوں تو کیسا رہے گا؟ لوگوں نے کہا کہ اگر کلام میں کوئی بے ہودہ بات نکلی تو لوگ لا دینیت کا الزام دیں گے پس یا تو تجھے پکڑ کر قتل کردیا جائے گا اور اگر بچ بھی گیا تو ندامت اور رسوائی کا سامنا ہوگا۔ تو میں نے کہا کہ اگر میں نے فقہ کو سیکھ لیا تو؟ لوگوں نے کہا کہ تو فتوے دے گا اور قضا کا طالب ہوگا اگرچہ تم عالم شباب میں کیوں نہ ہو۔ میں نے کہا کہ ایسا فائدہ مند کوئی اور علم نہیں ہوگا۔ چنانچہ میں فقہ سے چمٹ گیا اور اسے سیکھ لیا۔ اور ابراہیم بن حرنی کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ نے سب سے پہلے نحو سیکھی۔ پھر قیاس کرنے لگا۔ تو وہ اس کا درست نہیں ہوا۔ اور سوچنے لگا کہ میں اس میں استاذ ہوگیا ہوں تو کہنے لگا کہ قلب اور قلوب اور کلب اور کلوب۔ کہا گیا کلب اور کلاب ہوتا ہے۔ تب اسے چھوڑ کر فقہ کے پیچھے پڑ گئے۔ تو قیاس شروع کردیا حالانکہ علم نحو کی تحصیل بھی کرنہ پائے۔ (تاریخ خطیب صـ ۳۳۲ ج ۱۳)

وعن محمد بن ادریس الشافعی
یقول الناس عیال علیٰ هٰؤلاء الخمسة
من اراد ان یتبحر فی الفقه فهو عیال
علیٰ ابی حنیفة، ومن اراد ان یتبحر
فی الشعر فهو عیال علیٰ زهیر بن ابی
سلمیٰ ومن اراد ان یتبحر فی المغازی
فهو عیال علیٰ محمد بن اسحاق و
من اراد ان یتبحر فی النحو فهو عیال علی
الکسائی ومن اراد ان یتبحر فی
تفسیر القرآن فهو عیال علیٰ مقاتل
بن سلیمان (تاریخ خطیب ص ۳۴۶)
وعن حسن بن زیادة اللووی قال
کانت هٰهنا امراة یقال لها ام عمران
مجنونة وکانت جالسة فی الکناسة.
فمر بها رجل فکلمها بشیٔ فقالت
له یا ابن الزانیین! وابن ابی لیلیٰ
حاضر یسمع ذٰلک. فقال للرجل
ادخلها فی المسجد واقام علیها
حدین. حد الابیه وحد الامه
فبلغ ذلک ابا حنیفة. فقال اخطأ
فیها فی ستة مواضع. اقام الحد
فی المسجد ولا تقام الحدود فی
المساجد وضربها قائمة والنساء

اور امام شافعی فرماتے ہیں کہ لوگ پانچ شخصوں
کے عیال ہیں۔ جو شخص فقہ میں کمال حاصل
کرنا چاہے تو وہ ابوحنیفہ کا دست نگر ہے اور
جو شاعری میں کمال چاہتا ہو وہ زہیر بن
ابی سلمیٰ کا مرہون منت ہے اور جو مغازی
میں معراج حاصل کرنا چاہے وہ محمد ابن اسحاق
کا محتاج ہوگا۔ اور جو علم نحو میں کمال پیدا
کرنا چاہے' اسے کسائی کا دست نگر ہونا پڑے گا
اور جو تفسیر قرآن میں تبحّر کا طالب ہو تو وہ
مقاتل بن سلیمان کی خوشہ چینی کرے۔
(تاریخ خطیب ص ۳۴۶)
اور حسن بن زیادۃ للووی کہتے ہیں کہ ہمارے
یہاں ام عمران نامی ایک پاگل سی عورت تھی'
جو کچرہ کے ایک ڈھیر پر بیٹھی تھی۔ ایک آدمی وہاں
سے گذرا جس نے اس کے ساتھ کوئی بات کی اس
عورت نے اسے کہا کہ "اے زانی ماں باپ کے بیٹے!"
قاضی ابن ابی لیلیٰ جو موجود تھا اس نے سنا تو ایک
آدمی سے کہا کہ اسے مسجد میں لے آ اور اس پر دو
حدیں قائم کیں۔ ایک حد اس کے باپ کی ایک اس
کے ماں کی۔ ابوحنیفہ کو بات معلوم ہوئی تو کہا کہ
ابن ابی لیلیٰ نے اس میں چھ غلطیاں کی ہیں۔ ایک
یہ کہ مسجد میں حد لگائی جبکہ مساجد میں حدود قائم
نہیں کیے جاتے۔ دوسرے کھڑا کرکے حد لگائی حالانکہ

بضرب قعودا وضرب لابيه حدا ولامه حدا ولو ان رجلا قذف جماعة كان عليه حد واحد و جمع بين حدين ولا يجمع بين حدين حتى يخف احدهما و المجنونة ليس عليها حد وحد لابويه وهما غائبان لم يحضرا فيدعيان فبلغ ذلك ابن ابى ليلى فدخل على الامير فشكى اليه وحجر على ابى حنيفة (تاريخ خطيب ص ۳۵۱ ج ۱۳) وعن الامام الشافعى قال قيل لمالك بن انس أرأيت ابا حنيفة ؟ قال رأيت رجلا لو كلمك فى هذه السارية ان يجعلها ذهبا لقام بحجته (تاريخ خطيب ص ۳۳۸ ج ۱۳)

عورتوں پر بٹھا کر حد لگائی جائے گی۔ اور تیسرے یہ کہ ایک حد اس کے باپ اور ایک اس کی ماں کی طرف سے لگائی۔ حالانکہ کوئی پوری جماعت پر تہمت لگائے تو اس پر صرف ایک حد ہوگی۔ دونوں حدیں ایک ساتھ لگا دیں۔ حالانکہ دو حدود ایک ساتھ نہیں لگائی جائیں گی یہاں تک کہ ان میں سے ایک کے بعد تخفیف اور نرمی ہو۔ اور پاگل پر حد نہیں ہے اور اس کے والدین کی عدم موجودگی میں حد نافذ کر دی، حالانکہ ان کی موجودگی لازمی تھی۔ قاضی ابن ابی لیلیٰ کو ابو حنیفہ کی یہ تنقید پہنچی تو انہوں نے امیر کوفہ سے اس کی شکایت کی جس نے ابو حنیفہ پر فتویٰ دینے پر پابندی لگا دی۔ (تاریخ خطیب ص ۳۵۱ ج ۱۳)۔ اور امام شافعی سے مروی ہے کہ امام مالک سے پوچھا گیا کہ کیا آپ نے ابو حنیفہ کو دیکھا ہے؟ کہا کہ میں نے ایک ایسا آدمی دیکھا ہے کہ اگر اس ستون کے بارے میں تم سے کہے کہ میں اسے سونے کا کر دوں گا تو یقیناً وہ اس پر دلیل قائم کر دیگا (تاریخ ص ۳۳۸ ج ۱۳)

ابو حنیفہ اور اس کا نسب

النعمان بن ثابت ابو حنيفة التيمى امام اصحاب الرأى وفقيه اهل العراق رأى انس بن مالك وهو من اهل الكوفة قال العجلى هو كوفى تيمى من رهط حمزة الزيات وكان خزازا يبيع الخز وعن ابن

نعمان بن ثابت کوفی تیمی اصحاب رائے کا امام عراق والوں کا فقیہ، انہوں نے انس بن مالک کو دیکھا اور وہ اہل کوفہ میں سے تھے۔

عجلی کہتے ہیں کہ وہ کوفی تیمی اور حمزہ الزیات کے قبیلہ سے تھے۔ کپڑے کے بڑے بیوپاری تھے۔

اسباط ولد ابوحنیفة وابوہ
نصرانی واما زوطی فھو من اھل
کابل وولد ثابت علی الاسلام۔ کان
ابوحنیفة اسمهٗ عتیك بن زوطرة
فسمی نفسه نعمان۔ وعن یزید
بن زریع کان ابوحنیفة نبطیا و
عن ابی عبد الرحمٰن المقری کان
ابوحنیفة نبطیا وعنه کان ابو
حنیفة من اھل بابل وعن یحیی
بن النضر القرشی کان ابوحنیفة
من نسأ وعن الحارث بن ادریس
یقول ابوحنیفة اصلهٗ من ترمذ
وعن ابی جعفر احمد بن اسحاق
بن بھلول القاضی قال سمعت
ابی یقول عن جدی قال ثابت والد
ابی حنیفة من اھل الانبار وقال
اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفة
نعمان بن ثابت بن نعمان بن المرزبان
من ابناء الفارس الاحرار (تاریخ
خطیب ص۳۲۶ ج ۱۳) وقال عمر بن
حماد بن ابی حنیفة ان اباحنیفة
کان طوالا تعلوہ سمرة وکان لباسا
حسن الھیئة کثیر التعطیر یعرف بریح

اور ابن اسباط کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ کی ولادت
ہوئی اس وقت ان کے والد نصرانی تھے۔ اور
زوطی کابلی تھا۔ اور ثابت اسلام پر پیدا ہوئے
اور ابوحنیفہ کا نام عتیک بن زوطرہ تھا۔ پھر
انہوں نے اپنا نام نعمان رکھا۔ اور یزید بن
زریع سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ نبطی تھے۔
اور ابوعبدالرحمان مقری سے روایت ہے کہ
ابوحنیفہ نبطی تھے۔ انہی سے روایت ہے
کہ وہ بابلی تھے اور یحیی بن نضر قرشی سے مروی
ہے کہ ابوحنیفہ نسائی تھے۔ اور حارث بن ادریس
سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ ترمذی تھے اور
ابوجعفر احمد بن اسحاق بن بہلول قاضی
کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے انہوں نے
میرے دادا سے سنا کہ ابوحنیفہ کے والد ثابت
اہل انبار میں سے تھے۔ اسماعیل بن حماد
بن ابی حنیفہ کہتے ہیں کہ نعمان بن ثابت
بن نعمان بن المرزبان آزاد ایرانیوں کی
اولاد میں سے تھے۔ (تاریخ خطیب ص۳۲۶ ج۱۳)
اور عمر بن حماد بن ابی حنیفہ سے
روایت ہے کہ ابوحنیفہ دراز قد، گندم گوں،
خوش پوش، اچھی شکل وصورت والے اور زیادہ
خوشبو لگانے والے تھے۔ اپنے گھر کی طرف
آمد ورفت کا پتہ ان کی معطر ہوا سے

المطیب اذا اقبل واذا خرج من
منزلہٖ قبل ان تراہ (تاریخ خطیب
ص۳۳۱ ج ۱۳)

وعبد اللہ بن المسلمۃ القرشی
قال سمعت مالکا یقول مازال
ھٰذا الامر معتدلا حتّٰی نشأ ابوحنیفۃ
فاخذ فیھم بالقیاس فما افلح ولا
ابحج. وعن خالد بن نزار یقول
سمعت مالکا یقول لو خرج ابوحنیفۃ
علیٰ ھٰذہ الامۃ بالسیف کان ایسر
علیھم مما اظھر فیھم یعنی من
القیاس والرأی (جامع بیان العلوم
وفضلہ ص۱۴۷ ج ۲) وعن الحمیدی
قال ابن العیینۃ قال لم یزل
امر اھل الکوفۃ معتدلا حتی
نشأ فیھم ابوحنیفۃ. قال موسیٰ
وھو من ابناء سبایا الامامۃ
سندیۃ وابوہ نبطی والذین
ابتدعوا الرأی ثلاثۃ وکلھم
من ابناء سبایا الامم وھو ربیعۃ
بالمدینۃ وعثمان البتی بالبصرۃ و
ابوحنیفۃ بالکوفۃ (جامع بیان
العلم وفضلہ ص۱۴۸ ج ۲)

لگ جاتا تھا۔ (تاریخ خطیب بغدادی ص۳۳۱ ج ۱۳)

اور عبد اللہ بن مسلمہ قرشی سے روایت
ہے کہ میں نے امام مالک کو فرماتے سنا کہ اس
امت کا دین اور دنیا اعتدال کے ساتھ چلتا رہا
یہاں تک کہ ان کے اندر ابوحنیفہ پیدا ہوا
تو انہوں نے مسلمانوں میں قیاس (کی وبا) پھیلائی
پھر ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ اور خالد بن نزار
کہتے ہیں کہ میں نے امام مالک کو کہتے سنا کہ اگر ابوحنیفہ
اس امت کو (تباہ کرنے کیلئے) تلوار لیکر اٹھ
کھڑے ہوتے تو یہ ان کے فتنۂ قیاس ورائے
سے کم خطرناک ہوتا۔ (جامع بیان العلوم وفضلہ
ص۱۴۷ ج ۲) حمیدی کہتے ہیں کہ ابن عیینہ نے
نے فرمایا کہ اہل کوفہ کا نظام دین و دنیا اعتدال
کے ساتھ چلتا رہا یہاں تک کہ ان کے اندر ابوحنیفہ
پیدا ہوا۔ موسیٰ کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ ایک
سندھی باندھی کے بطن سے تھا اور اس
کا باپ نبطی تھا۔ اور جن تین لوگوں نے رائے
کو اختراع کیا وہ سب باندھیوں کی اولاد
تھے۔ یعنی مدینہ میں ربیع، بصرہ میں عثمان بتی
اور کوفہ میں ابوحنیفہ۔ (جامع بیان العلم
وفضلہ ص۱۴۸ ج ۲)

اقول قد جرح ائمة المحدثين
على ابى حنيفة جرحا شديدا،
كما ترى. فقد جرح ائمة الصحاح
الستة عليه سوا الامام ابن ماجة
فقال الامام الهمام النقاد صاحب
الصحيح البخارى ابو حنيفة كان
مرجيا سكتوا عنه، وعن رأيه
وعن حديثه (التاريخ الكبير
ص۸۱ ج ۴) وقال الامام ابو الحسين
مسلم بن حجاج القشيرى صاحب
الصحيح: ابو حنيفة صاحب الرأى
مضطرب الحديث ليس له كبير
حديث صحيح (كتاب الاسماء والكنى
ص ۱۰۷) وقال الامام ابو عيسى
الترمذى سمعت محمود بن غيلان
يقول سمعت المقرى يقول سمعت
اباحنيفة يقول عامة ما احدثكم
خطأ (علل الترمذى الكبير ص۹۶۶ ج۲)
وقال يقول يوسف ابن عيسى
سمعت وكيعا يقول حين روى هذا
الحديث فقال لا تنظروا الى قول

میں کہتا ہوں کہ ابو حنیفہ پر تمام محدثین نے سخت
جرح کی ہے جس طرح آپ دیکھ رہے ہیں۔ ائمہ
صحاح ستہ نے بھی جرح کی ہے۔ لیکن امام ابن
ماجہ جارحین میں شامل نہیں ہیں۔ چنانچہ امام ہمام
عظیم نقاد اور صحیح بخاری کے مصنف فرماتے
ہیں کہ ابو حنیفہ مرجیہ تھے اور محدثین نے ان
سے حدیث لینے میں سکوت اختیار کیا ہے اسی
طرح ان کی رائے سے بھی اجتناب کیا ہے۔ (تاریخ
الکبیر ص۸۱ ج ۴) اور امام ابو الحسین مسلم بن حجاج
القشیری صحیح مسلم کے مصنف نے کہا کہ
ابو حنیفہ دین میں اپنی رائے سے باتیں کرتا ہے۔
اس کی حدیث مضطرب تھی۔ یعنی سند اور متن میں
الٹ پلٹ کر دیتا تھا، اس کی کوئی صحیح احادیث
زیادہ بھی نہیں (کتاب الاسماء والکنی ص۱۰۷) اور
امام ابو عیسیٰ ترمذی نے فرمایا کہ میں نے محمود بن
غیلان سے سنا انہوں نے مقری سے سنا انہوں
نے ابو حنیفہ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں جو زیادہ تر
حدیثیں بیان کرتا ہوں وہ غلط ہوتی ہیں (علل
الترمذی ص۹۶۶ ج ۲) اور یوسف بن عیسیٰ نے کہا
کہ میں نے وکیع سے سنا، جبکہ ان کے پاس یہ
حدیث بیان کی گئی تو انہوں نے کہا کہ اہل الراء

اهل الرأی فی هذا فان الاشعار
سنة وقولهم بدعة. قال سمعت
ابا السائب يقول كنا عند وكيع فقال
الرجل ممن ينظر فی الرأی اشعر رسول
الله صلی الله علیه وسلم ويقول ابوحنيفة
هو مثلة. قال الرجل فانه قد روی
عن ابراهيم النخعی انه قال الاشعار
مثلة. قال فرأيت وكيعا غضب غضبا
شديدا. وقال اقول لك قال رسول
الله صلی الله علیه وسلم وتقول قال ابراهيم
ما احقك بان تحبس ثم لا تخرج
حتی تنزع عن قولك.

هذا الترمذی ص ۱۸۱ ج ۱ و
ابو حنيفة الكوفی امام اهل الرأی
ضعفه النسائی من جهة حفظه وابن
عدی و آخرون (ميزان الاعتدال
ص ۲۶۵ ج ۴) والنعمان رحمه الله الامام
قال ابن عدی عامة ما يرويه غلط
وتصحيف وزيادات وله احاديث
صالحة. وقال النسائی ليس بالقوی
فی الحديث كثير الغلط علی قلة روايته
وقال ابن معين لا يكتب حديثه.
(ديوان الضعفاء والمتروكين ص ۳۸

کے قول کو مت دیکھو اور بلاشبہ اشعار کرنا سنت
ہے (قربانی کے جانور کو جو حاجی لے جاتا ہے اس کے
کوہان کو چیرنا) اور اہل رائے کا قول ہے کہ یہ
بدعت ہے۔ انہوں نے ابوسائب سے سنا کہ ہم وکیع
کے پاس تھے کہ ایک آدمی نے جو قیاس کو پسند کرتا
تھا، اس نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشعار فرمایا ہے
جبکہ ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ یہ مثلہ ہے اس آدمی نے
(مزید) کہا کہ ابراہیم نخعی سے بھی یہی مروی ہے کہ
اشعار کرنا مثلہ (جانور کے کان ناک وغیرہ اعضاء کاٹنا)
ہے۔ انہوں نے کہا کہ پھر میں نے وکیع کو غضبناک
حالت میں دیکھا وہ کہہ رہے تھے کہ میں تجھ سے کہتا
ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اور
تو کہتا ہے کہ ابراہیم نخعی نے کہا۔ تو اس کا مستحق ہے
کہ تجھے قید کر لیا جائے اور اپنے قول سے رجوع ہونے تک
تجھے رہا نہ کیا جائے۔ امام ترمذی ص ۱۸۱ ج ۱ میں
فرماتے ہیں کہ ابوحنیفہ کوفی اہل رائے کے امام ہیں جن
کو نسائی، ابن عدی اور دوسروں نے حافظ کی کمزوری
کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے۔ میزان الاعتدال
(ص ۲۶۵ ج ۴) میں ہے کہ نعمان رحمہ اللہ امام تھے۔ ابن
عدی نے کہا کہ عام طور پر وہ جو احادیث روایت کرتے
ہیں وہ غلط، الٹ پلٹ اور اضافہ و ترمیم شدہ
ہوتی ہیں اگرچہ ان کی کچھ احادیث صحیح بھی ہیں اور
امام نسائی فرماتے ہیں کہ قوی نہیں ہے حدیث میں

وابوحنيفة نعمان بن ثابت قال
خلق القرآن واستتيب من كلامه
الردى غير مرة، كثير الخطاء والاوهام
(كتاب الضعفاء لابی نعيم ص ۱۵۴) وقد
جرح عليه ابوداؤد السجستانی وروايته
قد ذكرت من قبل.

اقول فقال المحدثون النقادون
ائمة الجرح والتعديل جميعا ان ابا
حنيفة جهمی مرجی واهی الحديث
مضطرب الحديث يتيما مسكينا زمنا
فی الحديث، صاحب هوى نقض الاسلام
عروة عروة، يرى السيف اشر من
قحطبة بن الشبيب الطائی انتهى.
وعن ابی حفص عمر بن علی قال ابو
حنيفة ليس بحافظ مضطرب الحديث
ذاهب الحديث (المنتظم لابن الجوزی
تحقيق الكلام لعبد الرحمن مباركفوری
ص ۱۳۸ ج ۲) واسماعيل بن حماد بن ابی
حنيفة قال ابن عدی ثلاثتهم الضعفاء
(ميزان الاعتدال وتحقيق الكلام
لمباركفوری ص ۱۲۹ ج ۲) واحتجوا الحديث
جابر عن النبی صلى الله عليه وسلم انه
قال من كان له امام فقرأة الامام

انتہائی کم احادیث کا راوی ہونے کے باوجود،
زیادہ غلطیاں کرتے ہیں اور یحییٰ بن معین نے
کہاکہ ابو حنیفہ کی حدیث نہ لکھی جائے (دیوان
الضعفاء والمتروکین ص ۱۳۸)

اور ابوحنیفہ نعمان بن ثابت نے خلق قرآن
کا دعویٰ کیا اور ان سے شرکیہ کلام سے کئی بار
توبہ کرائی گئی، کثیر الخطاء اور اوہام کے مریض تھے
(کتاب الضعفاء لابی نعیم ص ۱۵۴) ابوداؤد سجستانی
نے بھی ان پر جرح کی ہے ان کی روایت پہلے ذکر کی گئی۔

میں (مصنف) کہتا ہوں کہ محدثین ناقدین،
ائمہ جرح وتعدیل سب نے یہی کہا کہ ابو حنیفہ جہمی،
مرجی، واھی الحدیث، مضطرب الحدیث، حدیث میں
مسکین، یتیم، اپاہج، صاحب ہویٰ، اسلام کو حلقہ
حلقہ توڑنے والا، مسلم امراء کے خلاف تلوار اٹھانے
کو جائز سمجھنے والا، اور قحطبہ لطائی سے زیادہ بدتر
ہے۔ انتہیٰ۔ اور ابوحفص عمر بن علی نے کہاکہ ابو
حنیفہ حافظہ سے عاری، حدیث میں مضطرب اور حدیث
کو ضایع کرنیوالے تھے۔ (المنتظم لابن جوزی ص
تحقیق الکلام مبارکپوری ص ۱۳۸ ج ۲) اور اسماعیل بن حماد بن
ابی حنیفہ تینوں کو ابن عدی نے ضعیف کہا ہے۔
(میزان الاعتدال، تحقیق الکلام مبارکپوری ص ۱۲۹ ج ۲)
اور (احناف نے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس روایت
سے جو جابر سے مروی ہے دلیل لی ہے کہ آپ نے

لا قراءة وهذا الحديث رواه جابر
الجعفي عن ابي الزبير عن جابر
عن النبي صلى الله عليه وسلم وجابر الجعفي
ضعيف الحديث مذموم المذهب لا
يحتج بمثله وان كان حافظا وقد
روى هذا الحديث ابوحنيفة عن
موسى بن ابي عائشة عن عبد الله
بن شداد بن الهاد عن جابر بن
عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم
ولم يسنده غير ابي حنيفة وهو سيئ
الحفظ عند اهل الحديث وقد خالفه
الحفاظ فيه سفيان الثوري وشعبة
وابن عيينة وجرير فرووه عن ابي
عائشة عن عبد الله بن شداد
مرسلا والصحيح فيه الارسال وليس
مما يحتج به وقد رواه ليث بن سعد
عن ابي يوسف عن ابي حنيفة عن
موسى بن ابي عائشة عن عبد الله
بن شداد عن ابي الوليد عن جابر
بن عبد الله فادخل بين عبد الله
بن شداد وبين جابر ابا الوليد هذا
هو مجهول لا يعرف وحديثه هو هذا
لا يصح (التمهيد لابن عبد البر

فرمایا: جس کا کوئی امام ہے تو امام کی قرأت اس کی قرأت
ہے۔ (اس لئے امام کے پیچھے فاتحہ نہیں پڑھنے۔) یہ
حدیث جابر جعفی ابی الزبیر وہ جابر رضی سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے روایت کرتے ہیں۔ حالانکہ جابر جعفی روایت میں
ضعیف اور مذموم مذہب والا تھا۔ ایسا آدمی اگرچہ وہ حافظ
ہو، قابل حجت نہیں ہے۔ (نیز) یہ حدیث ابوحنیفہ نے
موسی بن ابی عائشہ سے انہوں نے عبداللہ بن شداد
بن الہاد سے، انہوں نے جابر بن عبداللہ رض سے انہوں
نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ لیکن اس
روایت کی سند صرف ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں جو
علماء اہل حدیث کے نزدیک حافظہ کے ردی ہیں۔
نیز اس روایت میں بڑے بڑے حفاظ سفیان ثوری،
شعبہ اور جریر نے ابوحنیفہ کی مخالفت کی ہے۔
تو انہوں نے مذکورہ حدیث کو ابی عائشہ سے انہوں نے
عبداللہ بن شداد سے مرسل روایت کی ہے اور ارسال
ہی اس میں صحیح ہے اور اس وجہ سے قابل حجت نہیں
نیز یہ حدیث لیث بن سعد نے ابو یوسف سے انہوں
نے ابوحنیفہ سے انہوں نے موسی بن ابی عائشہ
سے، انہوں نے عبداللہ بن شداد سے، انہوں نے
ابی الولید سے، انہوں نے جابر بن عبداللہ سے روایت
کی۔ لہٰذا عبداللہ بن شداد اور جابر کے درمیان میں
ابوالولید کا اضافہ کیا اور وہ مجہول ہے جس کا اتہ پتہ
نہیں اور اس کی یہ حدیث صحیح نہیں ہے (تمہید ابن

لمخطوطة ص۲۲۴ ج ۳) وعن عبد الله
بن علی المدینی سألت ابی عن ابی
حنیفة فضعفه جدا وقال خمسون
حدیثا اخطأ فیها انتهی (ابن الجوزی
فی المنتظم، تحقیق الکلام ص۱۳۸ ج ۲)
وابوحنیفة لا یقنع بحدیثه ولا برأیه
(احوال الرجال لابی اسحاق ابراهیم
بن یعقوب الجوزجانی ص۷۵)

عبد البر مخطوط ص۲۲۴ ج ۳) اور عبداللہ بن علی المدینی
سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد سے ابوحنیفہ
کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے ابوحنیفہ کو انتہائی
کمزور قرار دیا اور فرمایا کہ ابوحنیفہ نے پچاس احادیث
روایت کیں ان میں غلطی کی ہے۔
(ابن جوزی فی المنتظم، تحقیق الکلام ص۱۳۸ ج ۲)
اور ابوحنیفہ کی رائے اور حدیث قابل اعتبار
نہیں ہے (کتاب احوال الرجال للجوزجانی ص۷۵)

امام ابو یوسفؒ کا ترجمہ

ابو یوسف القاضی یعقوب
بن ابراهیم بن حبیب بن خنیس
بن سعد بن بحیر بن معاویة الانصاری
وانما حالف الانصار ولد ابو یوسف
سنة ثلاث عشرة ومائة بالکوفة
وکتب العلم عن طائفة من التابعین
وطبقتهم وتفقه بابی حنیفة وهو
اجل اصحابه ولی قضاء بغداد للموسی
الهادی ثم ولی القضاء لهارون الرشید
علا شانه وهو اول من دعی قاضی
القضاة لم یکن فی اصحاب ابی حنیفة
مثل ابی یوسف علما وفقها ومعرفة
ولولا ولم یذکر ابوحنیفة وکان

ابو یوسف قاضی، یعقوب بن ابراہیم بن حبیب
بن خنیس بن سعد بن بحیر بن معاویہ الانصاری
جو خود تو انصاری نہیں تھے، لیکن انصاریوں کے
حلیف ہونے کی وجہ سے انصاری شمار ہوتے ہیں
ابو یوسف ۱۱۳ھ کو کوفہ میں پیدا ہوئے۔ تابعین کے
ایک گروہ سے علم کی تحصیل کی۔ طبقہ تابعین اور ابو
حنیفہ کے پاس فقہ حاصل کی۔ ابوحنیفہ کے
ممتاز ترین شاگردوں میں سے تھے۔ خلیفہ موسیٰ الہادی
کے زمانہ میں بغداد کے قاضی مقرر ہوئے۔ پھر
ہارون الرشید کے (زمانہ میں) قاضی بنے اور اعلیٰ
مرتبہ پایا (عہد اسلام میں) پہلے شخص ہیں جن پر
قاضی القضاۃ کا نام پڑا۔ علم، فقہ اور معرفت
کے اعتبار سے ابوحنیفہ کے شاگردوں میں ان جیسا

ابویوسف یحب اصحاب الحدیث و
یمیل الیهم (ملخصا من مناقب ابی
حنیفة وصاحبیه للامام الذهبی)
وفی تاریخ الخطیب عن اسماعیل بن
حماد بن ابی حنیفة اصحاب ابی حنیفة
عشرة۔ ابویوسف وزفر واسد بن
عمر البجلی وعافیة الاودی وداؤد
الطائی وقاسم بن معن المسعودی
وعلی بن مسهر ویحیٰ بن ذکریا بن
ابی زائدہ وحبان ومندل ابنا علی
العنزی ولم یکن فیهم مثل ابی یوسف
وزفر۔ وعن عمار بن ابی مالک
یقول ما کان مثل ابی یوسف. لولا
ابو یوسف ما ذکر ابوحنیفة ولا
ابن ابی لیلی ولکنه نشر قولهما
و بث علمهما وعن طلحة بن محمد
ابن جعفر قال ابویوسف مشهور
الامر ظاهر الفضل واول من وضع
الکتب فی اصول الفقه علی مذهب
ابی حنیفة واملی المسائل ونشرها
وبث علم ابی حنیفة فی اقطار الارض
وعن القاسم بن محمد البجلی قال سمعت
اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفة

کوئی اور نہ تھا۔ اگر ابویوسف نہ ہوتے تو ابوحنیفہ
کا نام بھی نہ ہوتا۔ ابویوسف اہل حدیث سے محبت
کرتے اور ان کی طرف میلان رکھتے تھے (ملخص
کتاب مناقب ابی حنیفہ وصاحبیہ امام ذہبی)
اور خطیب کی تاریخ میں اسماعیل بن حماد بن
ابی حنیفہ سے روایت ہے کہ اصحاب ابوحنیفہ
کی تعداد دس ہے۔ ابویوسف، زفر، اسد بن عمر
البجلی، عافیۃ الاودی، داؤد الطائی، قاسم بن معن
المسعودی، علی بن مسہر، یحیٰ بن زکریا بن ابی زائدہ
حبان اور مندل (علی العنزی کے بیٹے)
اور ان میں ابویوسف اور زفر کی طرح کوئی نہ تھا۔
اور عمار بن ابی مالک کہتے ہیں کہ ان میں ابو
یوسف کی طرح کوئی نہ تھا۔ اگر ابویوسف نہ ہوتے
تو ابوحنیفہ کا نام بھی نہ ہوتا۔ اور نہ ابن ابی لیلی
کا ذکر ہوتا۔ لیکن ابویوسف نے ان دونوں کے
اقوال اور علم کو پھیلایا۔ اور طلحہ بن محمد بن ابی
جعفر کہتے ہیں کہ ابویوسف مشہور و معروف اور
بظاہر صاحب فضل تھے۔ وہ پہلے آدمی ہیں جنہوں
نے ابوحنیفہ کے مذہب کے مطابق اصول فقہ میں کتابیں
لکھیں۔ اور مسائل کو تحریر کیا اور ان کی اشاعت
کی اور ابوحنیفہ کے علم کو دنیا میں پھیلایا۔
اور قاسم بن محمد البجلی سے روایت ہے کہ
میں نے اسماعیل بن حماد بن ابی حنیفہ سے

يقول قال ابو حنيفة يوما اصحابنا
هؤلآء ستة وثلاثون رجلا منهم
ثمانية وعشرون يصلحون للقضاء
ومنهم ستة يصلحون للفتوى ومنهم
اثنان يؤدبان القضاة واصحاب
الفتوى واشار الى ابي يوسف وزفر

وعن عبد الله بن احمد بن حنبل
عن ابيه قال سمعت ابا يوسف القاضي
يقول رأس النعم ثلاثة فاولها
نعمة الاسلام التي لا يتم نعمة الا
بها والثانية نعمة العافية التي
لا تطيب الحيٰوة الا بها والثالثة نعمة
الغنى لا يتم العيش الا بها فاعجبني
ذلك. ويقول ايضا صحبة من لا
يخشى العار عار يوم القيامة وعلى
بن الجعد قال سمعت ابا يوسف
يقول العلم شئ لا يعطيك بعضه حتى
تعطيه كلك وان اعطيت كلك من
اعطاء البعض على غرر.

وعن حماد بن اسحاق الموصلي
حدثني ابي قال حدثني بشر بن
الوليد وسالته من اين جاء قال
كنت عند ابي يوسف قال طلبني امير

سنا۔ ایک دن انہوں نے کہا کہ میرے شاگردوں کی
تعداد ۳۶ ہے۔ ان میں سے اٹھارہ قاضی بننے کے
اہل ہیں، چھ مفتی بننے کے لائق ہیں اور دو
قاضی اور مفتی بننے کے اہل ہیں اور
ابو یوسف اور زفر کی طرف اشارہ کیا۔

اور عبد اللہ بن احمد بن حنبل اپنے
والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے قاضی ابو
یوسف کو کہتے ہوئے سنا کہ تین نعمتیں بنیادی
نوعیت کی ہیں۔ پہلی نعمت جس کے سوا کوئی
نعمت تمام نہیں ہو سکتی نعمت اسلام ہے۔ دوسری
امن وعافیت ہے جس کے سواء زندگی بے سود
ہے۔ تیسری نعمت تونگری ہے، جس کے سواء
گذارہ نہیں ہو سکتا۔ امام احمد فرماتے ہیں کہ مجھے
ان کی یہ باتیں اچھی لگیں۔ ابو یوسف کا قول ہے
کہ ایسے شخص کی دوستی جو عار وننگ سے ڈرتا
نہیں، قیامت کے دن باعث عار ہو گی۔ اور علی
بن جعد کہتے ہیں کہ میں نے ابو یوسف کو کہتے
ہوئے سنا کہ علم ایک ایسی چیز ہے جو اپنا کچھ حصہ تمہیں
اس وقت تک نہیں دے گا، جب تک تم اپنا سب
کچھ اس کے حوالہ نہ کرو گے اور جب تم اپنا کل اسے
دو گے تو وہ اپنا جز تمہیں دے گا اور یہ سودا بھی اچھا ہے،

اور حماد بن اسحاق موصلی سے روایت ہے کہ مجھے
میرے باپ نے انہوں نے کہا کہ مجھے بشر بن ولید نے بتایا

المؤمنين الرشيد فجئت عنده فقال
يا يعقوب! تدرى لمَ دعوتك؟ قلت
لا. قال دعوتك لأشهدك على عيسى
بن جعفر ان عنده جارية سألته
ان يهبها لى. فامتنع وسألته ان
يبيعها فابى. والله! لئن لم يفعل
لاقتلنه. قال فالتفت الى عيسى
فقلت وما بلغ الله بجارية تمنعها
امير المؤمنين وتنزل نفسك هذه
المنزلة؟ قال لى عجلت علىّ فى القول
قبل ان تعرف ما عندى. قلت وما
فى هذا من الجواب؟ قال ان علىّ
يمينا بالطلاق والعتاق. وصدقة ما
املك انى لا ابيع هذه الجارية و
لا أهبها. فالتفت الى الرشيد. فقال
هل من مخرج؟ قلت نعم! قال وما هو؟
قلت يهب لك نصفها و يبيعك نصفها
فتكون لم تهب ولم تبع. قال عيسى
ويجوز ذلك؟ قلت نعم! قال فاشهد
فانى قد وهبت له نصفها وبعتها
النصف الثانى بمأة الف دينار فقال
خذ الجارية. فاتى الجارية وبالمال
فقال خذها يا امير المؤمنين بارك

جب میں نے ان سے پوچھا کہ کہاں سے آ
تو کہا کہ میں ابو یوسف کے پاس تھا۔ انہوں نے ب
مجھے امیر المؤمنین ہارون الرشید نے طلب کیا
گیا تو کہا کہ یعقوب معلوم ہے میں نے تجھے کیوں ب
ہے؟ میں نے کہا کہ نہیں۔ رشید نے کہا کہ میں
تجھے اس لئے بلایا ہے تاکہ تجھے عیسیٰ بن جعفر
گواہ بناؤں۔ اس کے پاس ایک لونڈی ہے
نے کہا کہ وہ مجھے بخش دے تو وہ انکار کرتا ہے
میں نے کہا کہ فروخت کر دے تو بھی نہیں مانتا
نے کہا کہ اگر میری بات نہیں مانی تو خدا کی قسم ا
تجھے قتل کروا دوں گا۔ میں نے عیسیٰ سے کہا کہ تم
کس وجہ سے امیر المؤمنین کو لونڈی نہیں دیتے اور خود کو
حد تک گرا دیا ہے؟ عیسیٰ نے کہا کہ میرے عذر کو سنے
بغیر تم نے مجھ پر جلد بازی سے کام لیا۔ میں نے کہا
کہ وہ کیا عذر ہے؟ کہا کہ میں نے قسم کھائی ہے کہ
اسے طلاق دوں گا نہ آزاد کروں گا، نہ صدقہ د
اور نہ کسی کو ہبہ کروں گا۔ پھر ہارون میری طرف متو
ہوا کہ ہے کوئی راہ نجات؟ میں نے کہا کہ ہاں! اب
وہ کیا ہے؟ میں نے کہا کہ اس لونڈی کا آدھا
آپکو ہبہ کر دے اور آدھا بیچ دے تو پھر نہ ہبہ ہوا نہ بیع
عیسیٰ بولا کیا ایسا جائز ہوگا؟ میں نے کہا ہاں!
عیسیٰ نے کہا کہ لہذا تم گواہ رہنا۔ میں نے اس کا آدھا
حصہ ہبہ کر دیا اور دوسرا حصہ ایک لاکھ دینار میں بیچ

الله لك فيها. قال يا يعقوب! بقيت
واحدة - قلت وما هي؟ قال هي
مملوكة ولا بد ان تستبرئ و والله!
ان لم ابت معها ليلتي اني اظن ان
نفسي سيخرج. قلت يا امير المؤمنين
تعتقها وتتزوجها فان الحرة لا تستبرئ.
قال فاني قد اعتقتها فمن يزوجنيها
قلت انا. فدعا بمسرور وحسين.
فخطبت وحمدت الله ثم زوجته
على عشرين الف دينار ودعا بالمال
ودفعه اليها. ثم قال يا يعقوب
انصرف ورفع رأسه الى مسرور
فقال يا مسرور! قال لبيك يا امير
المؤمنين! قال احمل الى يعقوب مائتي
الف درهم وعشرين تختا ثيابا.
فحمل ذالك معي. قال فقال بشر
بن الوليد فالتفت الى يعقوب فقال
هل رأيت بأسًا فيما فعلت؟ قلت
لا. قال فخذ منها حقك. قلت وما
حقي؟ قال العشر. قال فشكرته و
دعوت له.

وعن ابي عبد الله اليوسفي قال
ان ام جعفر كتبت الى ابي يوسف

دیا۔ پھر کہا کہ لونڈی لے لو۔ لونڈی اور مال لایا گیا
پھر کہا کہ اے امیر المؤمنین! باندی لے لیجئے اللہ اس
میں آپ کو برکت دے۔ رشید نے کہا یعقوب! ایک
بات رہ گئی۔ میں نے کہا کہ وہ کیا؟ کہا کہ یہ مملوکہ
ہے اور اس کا استبراء (عدت) ضروری ہے اور خدا
کی قسم! اس کے بغیر تو میں ایک رات بھی زندہ
نہیں رہ سکتا میری تو سانس نکلی جا رہی ہے۔ میں
نے کہا کہ اسے آزاد کر کے نکاح کر لیں۔ کیونکہ آزاد
عورت پر استبراء نہیں۔ رشید نے کہا کہ میں نے اسے
آزاد کر دیا لیکن میرا اس کے ساتھ نکاح کریگا کون؟
میں نے کہا کہ میں۔ پھر اس نے مسرور اور حسین کو بلایا
میں نے خطبہ پڑھا اللہ کی ثنا بیان کی اور بیس ہزار
دینار پر اس کا نکاح کر دیا۔ رشید نے مال منگوایا
اور عورت کے حوالہ کیا۔ پھر کہا یعقوب اب آپ جا سکتے
ہیں۔ مسرور کی طرف رخ کر کے کہا کہ اے مسرور! اس نے
کہا کہ امیر المؤمنین! لبیک۔ کہا کہ یعقوب کو دو لاکھ
درہم اور کپڑے کے بیس تختے (تھان) ان کے حوالہ
کر دو۔ تو اس نے میرے حوالہ کر دیا۔ بشر بن ولید فرماتے
ہیں کہ پھر یعقوب نے مجھے دیکھتے ہوئے پوچھا کہ کیا
میں جو فتوی دیا ہے اس میں آپکو کوئی خرابی نظر آتی ہے
میں نے کہا نہیں۔ بولے تو اس میں سے اپنا حق لے
لو۔ میں نے کہا کہ میرا کیا حق ہے؟ کہا دسواں حصہ۔
بشر نے کہا کہ میں نے ابو یوسف کا شکریہ ادا کیا اور دعا دی۔

ماترى فى كذا واجب الاشياء الى ان
يكون الحق فيه كذا. فافتاها بما
احبت. فبعثت اليه بحق فضة فيه
حقاق فضة مطبقات فى كل واحدة
لون من الطيب فى جام دراهم فى
وسطها جام فيه دنانير. فقال له
جليس له قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
من اهديت له هدية فجلسائه
شركائه فيها. فقال ابو يوسف ذلك
حين كانت هدايا الناس التمر واللبن
وعن يحيى بن معين قال كنت عند
ابى يوسف القاضى وعنده جماعة
من اصحاب الحديث فوافقه هدية
من ام جعفر احتوت على تخوت دبيقى
ومصمت وشرب وطيب وتماثيل ند
وغير ذلك. فذاكرنى رجل يحدث
عن النبى صلى الله عليه وسلم من اتته
هدية وعنده قوم جلوس فهم
شركاء فيها قسمة. فسمعه ابو يوسف
فقال ابى تعرض ذلك؟ انما قاله
النبى صلى الله عليه وسلم والهدايا يومئذ
الاقط والتمر والزبيب ولم تكن
الهدايا ما ترون يا غلام شل الى

اور ابو عبداللہ الیوسفی سے مروی ہے کہ ام جعفر نے ابو یوسف
کی طرف لکھا کہ اس مسئلہ میں آپ کی فتویٰ کیا ہے؟ میری
خواہش ہے کہ اس میں حق میرا ثابت ہو تو ابو یوسف
نے اس کی مرضی کے موافق فتویٰ دیا۔ پس ام جعفر
نے چاندی کی ایک ڈبیہ بھیجی۔ جس میں چاندی کی
ڈبیاں تہ بر تہ تھیں ان میں رنگا رنگی خوشبو تھی۔ اس
میں ایک پیالہ تھا جس میں درہم تھے اور ان میں
ایک اور پیالہ تھا جس کے اندر اشرفیاں تھیں۔
ان کے ایک ساتھی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کا ارشاد ہے کہ جس کو کوئی ہدیہ ملے تو حاضرین
مجلس بھی اس میں حصہ دار ہیں۔ ابو یوسف نے کہا
کہ یہ اس وقت کی بات ہے جب لوگ ہدیہ میں کھجور
اور دودھ دیا کرتے تھے۔ یحیٰ بن معین کہتے ہیں
کہ میں قاضی ابو یوسف کے پاس تھا۔ ان کے پاس
اہلحدیث کی ایک جماعت بیٹھی تھی اتفاق سے ام
جعفر کی طرف سے ان کے پاس ایک ہدیہ آیا جس میں عمدہ
کپڑے کا تھان، شربت، خوشبیات، غیر اللہ کی بنی
ہوئی مورت یا بت اور دیگر چیزیں تھیں۔ کسی نے یاد
دلایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے کہ
اگر مجلس میں کسی کے پاس ہدیہ آئے تو لوگ بھی اس
میں برابر کے شریک ہیں۔ ابو یوسف نے سنا تو کہا کہ
مجھ پر تعریض کی جا رہی ہے کیا؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
یہ اس وقت فرمایا تھا جبکہ ہدیے میں پنیر، کھجور،

الخزائن. وعن عثمان بن حکیم یقول
انی لارجوا لابی یوسف فی هذه المسئلة
رفع الی هارون زندیق. فدعی ابو
یوسف یکلمه فقال له هارون کلمه
وناظره. فقال له یا امیر المؤمنین
ادع السیف والنطع واعرض علیه الاسلام
فان اسلم والا فاضرب عنقه. هذا
لایناظر وقد الحد فی الاسلام. و
عن ابا زرعة الرازی یقول کان
ابوحنیفة جهمیا وکان محمد بن
الحسن جهمیا. وکان ابویوسف
سلیما من التجهم. وعن یحیٰ بن
یحیٰ قال سمعت ابایوسف القاضی
عند وفاته یقول کلما افتیت به فقد
رجعت عنه الا ما وافق کتاب الله
وسنة رسول الله صلی الله علیه وسلم.
وعن محمد بن سماعة یقول سمعت
ابا یوسف فی الیوم الذی مات فیه
یقول اللهم انك تعلم انی لم اجر
فی حکم حکمت به بین عبادك متعمدا
ولقد اجتهدت فی الحکم بما وافق
کتابك وسنة نبیك وکل ما اشکل
علیّ جعلت اباحنیفة بینی وبینك

اور کشمش ہوتی تھی۔ اور اس طرح کے ہدیئے نہیں ہوتے
تھے جو تم آج دیکھ رہے ہو۔ اسے چھوڑ دے! اسے خزانے
میں جمع کر دے۔ اور عثمان بن حکیم کہتے ہیں کہ میں ایک
مسئلہ میں ابویوسف سے پر امید تھا۔ ہارون کے
پاس ایک ملحد لایا گیا۔ تو انہوں نے ابویوسف کو بلوا
کر کہا کہ اس کے ساتھ بات چیت اور حجت بازی کرو
ابویوسف نے کہا کہ اے امیر المؤمنین! تلوار اور چمڑہ
(جس پر لوگ قتل کئے جاتے ہیں) منگوا لیجئے۔ پھر اس
پر اسلام پیش کیجئے۔ قبول کرتا ہے تو فبہا۔ ورنہ گردن
اڑوا دیجئے۔ اس کے ساتھ مناظر نہیں ہوگا۔ اس نے
اسلام میں کجی اختیار کرلی ہے (ابویوسف مناظرہ سے
جاہل تھا، اس لئے فرار اختیار کرلیا) اور ابوزرعہ
رازی سے روایت ہے کہ ابوحنیفہ اور محمد بن حسن
دونوں جہمی تھے۔ ابویوسف اس سے سلامت تھا۔
یحیٰ بن یحیٰ سے مروی ہے کہ میں نے ابویوسف سے
وفات کے وقت سنا کہ میں نے جو فتوے دیے ہیں،
ان سب سے رجوع کرتا ہوں، سوائے ان کے جو کتاب اللہ
اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ہوں۔
اور محمد بن سماعت کہتے ہیں کہ وفات کے دن میں
نے ابویوسف کو کہتے سنا کہ اے اللہ! تو جانتا ہے کہ میں
نے جان بوجھ کر تیرے بندوں پر ظلم نہیں کیا لیکن میں نے
تیری کتاب اور تیرے نبی کی سنت کے مطابق فیصلہ
دیا اور جب مجھے کوئی مشکل درپیش آئی تو میں نے

وكان عندی واللہ ممن يعرف
امرك ولا يخرج عن الحق و
هو يعلمه.

وعن احمد بن حنبل يقول اول
ماطلبت الحديث ذهبت الى ابى
يوسف القاضى ثم طلبنا بعد فكتبنا
عن الناس. وعن عبد الله بن على
بن عبد الله المدينى قال سمعت
ابى يقول قدم ابو يوسف البصرة
مرتين اولا سنة ست وسبعين فلم
اته و الثانية سنة ثمانين فكان
يحدث بعشرة احاديث وعشرة رأى
واراه قال ما احد على ابى يوسف
شىء الا حديث هشام فى الحجر
وكان صدوقا ولم يرو عن هشام
غيره هذا الحديث. وعن سليمان
بن فليح قال حضرت مجلس هارون
الرشيد ومعه ابو يوسف فذكر
سباق الخيل. فقال ابو يوسف
سابق رسول الله صلى الله عليه وسلم
من الغابة الى بنية الوداع فقلت
يا امير المؤمنين ! صحف انما من
الغابة الى ثنية الوداع وهو فى غير
هذا اشد تصحيفا.

نے اپنے اور تیرے درمیان ابوحنیفہ کو رکھ کر اس کے
اصول کے مطابق فیصلہ دیا اور ابوحنیفہ خدا کی قسم
ان لوگوں میں سے تھے جو تیرا امر جانتے تھے اور وہ
جان بوجھ کر حق سے انحراف نہیں کرتے تھے۔

اور امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ طلب حدیث
کے وقت سب سے پہلے میں ابویوسف کے ہاں گیا اس
کے بعد دوسرے لوگوں کے پاس گیا اور ان سے احادیث
لکھیں۔ اور عبداللہ بن علی بن عبداللہ المدینی
سے روایت ہے کہ میں نے اپنے باپ سے سنا کہ ابویوسف
بصرہ میں دو بار آئے۔ پہلی بار ۷۶ھ میں تو میں ان
کے پاس نہیں آیا اور دوسری بار ۸۰ھ میں۔ تو دس
احادیث اور دس آراء بیان کیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ
انہوں نے فرمایا کہ میں نے ابویوسف سے کوئی قابل
قدر بات نہیں سنی۔ سوا لین دین اور روایا کے
بارے میں ہشام کی حدیث کے۔ ابویوسف سچے ہیں اور
ہشام سے ان کے سوا کوئی اور یہ حدیث روایت
نہیں کرتا۔ اور سلیمان بن فلیح سے مروی ہے کہ میں
ہارون الرشید کی محفل میں شریک ہوا۔ ان کے
پاس ابویوسف تھے۔ گھوڑے دوڑ کا ذکر ہوا۔
ابویوسف نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے غابہ سے بنیۃ الوداع تک گھوڑے دوڑ کروائی
میں نے کہا کہ یہ غلطی ہے اے امیر المؤمنین! صحیح
یہ ہے کہ غابہ سے ثنیۃ الوداع تک دوڑ کروائی۔ وہ
اس کے علاوہ اور بھی سخت غلطیاں کرتے رہتے تھے۔

وعن سعيد بن منصور يقول قال
رجل لابی یوسف رجل صلی مع الامام
فی مسجد عرفة ثم وقف حتی دفع
بدفع الامام قال ماله قال لاباس
به. قال فقال سبحن الله! قد قال
ابن عباس مَن افاض مِن عرفة فلا
حج له. مسجد عرفة فی بطن عرفة.
فقال انتم اعلم بالاحکام ونحن
اعلم بالفقه. قال اذا لم تعرف
الاصل فکیف تکون فقیها؟

وعن یحیی القطان وقال له جار
له حدثنا ابو یوسف عن ابی حنیفة
عن جواب التیمی فقال مرجی عن
مرجی عن مرجی. وعن نعیم بن حماد
قال سمعت ابن المبارک وذکروا عنده
ابا یوسف فقال لا تفسدوا مجالسنا
بذکر ابی یوسف. وعن حبان بن
موسی قال سمعت ابن المبارک یقول
انی لاستثقل مجلسا فیه ذکر ابی یوسف

وعن المسیب بن الواضح یقول ما
سمعت ابن مبارک ذکر احدا بسوء
قط الا ان رجلا قال له مات ابو یوسف
قال مسکین یعقوب ما اغنی عنه ما

اور سعید بن منصور سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے
ابو یوسف سے پوچھا کہ ایک شخص نے امام کے ساتھ
مسجد عرفات میں نماز پڑھی۔ پھر وقوف کیا یہاں
تک کہ امام کے ساتھ لوٹ گیا۔ اب اس پر کچھ ہے؟
ابو یوسف نے کہا کہ کوئی حرج نہیں۔ سائل نے
کہا کہ سبحان اللہ! ابن عباس تو فرماتے ہیں کہ جو
عرفہ سے واپس لوٹ جائے، اس کا حج نہیں اور
مسجد عرفہ عرفات کے میدان میں ہے۔ ابو یوسف نے
جواب دیا کہ تم احکام کو زیادہ جانتے ہوں اور ہم فقہ کو۔
میں نے کہا کہ اصل ہی نہیں جانتے تو فقیہ کیسے ہوں گے؟

اور یحیی قطان کہتے ہیں کہ مجھے پڑوسی نے بتایا
کہ ابو یوسف نے ابو حنیفہ سے انہوں نے جواب
التیمی کے حوالہ سے ہم سے حدیث بیان کی۔ تو یحیی
نے جواب دیا کہ مرجی نے دوسرے مرجی سے اس نے
تیسرے مرجی سے۔ نعیم بن حماد سے روایت ہے کہ
میں نے ابن مبارک کو سنا، جبکہ ان کے ہاں ابو یوسف
کا ذکر چھڑا تو کہا کہ ابو یوسف کا ذکر کرکے ہماری
مجالس خراب مت کرو اور حبان بن موسی سے
روایت ہے کہ میں نے ابن مبارک کو کہتے سنا
کہ جس مجلس میں ابو یوسف کا ذکر ہوتا ہے
وہ مجھ پر بھاری ہوتی ہے اور مسیب بن واضح
سے روایت ہے کہ میں نے ابن مبارک کو کسی کا برائی
کے ساتھ ذکر کرتے نہیں سنا مگر جب ایک شخص

كان فيه ۔ وعن عبد الرزاق بن عمر يقول كنت عند ابن المبارك فجاءه رجل فسأله عن مسئلة فافتاه فيها فقال له قد سالت ابا يوسف فخالفك فقال ان كنت صليت خلف ابی يوسف صلوات تحفظها فعدها. وعن علی بن مهران الرازی حدثنا ابن المبارك بالری قال فيما حدثنا يعقوب قال له رجل يا ابا عبد الرحمٰن يعقوب بن ابراهيم ابويوسف. فقال ابن المبارك لان اخر من السماء الی الارض فتخطفنی الطير اوتهوی بهِ الريح فی مكان سحيق احب الیّ ان اروی عن ذلك. وعن زكريا الساجی قال يعقوب بن ابراهيم ابويوسف صاحب ابی حنيفة مذموم مرجی.

وعن عبدة بن عبد الله الخراسانی قال قال رجل لابن المبارك ايما اصدق ابويوسف او محمد؟ قال لا تقل ايهما اصدق قل ايهما اكذب؟ قيل لابن المبارك ايما؟ قال ابويوسف. قال ما ترضی ان تسميه حتی تكنيه قل؟ قال يعقوب. قال ابوداؤد وسمعت المسيب

نے ابویوسف کی وفات کا ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ "مسکین ابویوسف! جو اس کے پاس تھا اس نے اسے فائدہ نہ دیا"۔ اور عبد الرزاق بن عمر کہتے ہیں کہ میں ابن مبارک کے پاس تھا تو ایک شخص نے آکر مسئلہ پوچھا انہوں جواب دیا اس نے کہا کہ یہ میں نے ابویوسف سے بھی معلوم کیا تھا انہوں نے دوسرا جواب دیا۔ ابن مبارک نے کہا کہ اگر تم نے ابویوسف کے پیچھے نمازیں پڑھی ہیں وہ تجھے یاد بھی ہیں تو دوبارہ پڑھ لے۔ علی بن مہران رازی سے مروی ہے کہ شہر رے میں ابن مبارک نے ہمیں حدیث بتائی اور کہا کہ ہمیں یعقوب نے بیان کیا تو ایک آدمی نے کہا کہ اے عبد الرحمٰن کے باپ! کیا یعقوب بن ابراہیم ابویوسف نے؟ انہوں نے کہا کہ اگر میں آسمان سے گر پڑوں یا پرندے مجھے اچک لیں یا ہوا دور دراز جگہ اٹھاکر پھینک دے تو یہ مجھے پسند ہے لیکن ابویوسف سے روایت کرنا پسند نہیں اور زکریا ساجی کہتے ہیں کہ یعقوب بن ابراہیم ابویوسف ابوحنیفہ کا شاگرد مذموم (اور) مرجی تھا۔ اور عبدۃ بن عبد اللہ خراسانی کہتے ہیں کہ ابن مبارک سے کسی شخص نے کہا کہ ابویوسف اور محمد دونوں میں سے زیادہ سچا کون ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ مت کہو کہ "زیادہ سچا" بلکہ یہ پوچھو کہ زیادہ جھوٹا کون تھا؟ کہا گیا کہ کون تھا؟ جواب دیا "ابویوسف"۔ راوی نے کہا کہ ان کا نام لینا بھی

بن الواضح قال قیل لابن المبارک
مات ابویوسف، فقال الشقی. وعن
عبداللہ بن ادریس یقول کان ابو
حنیفۃ ضالا مضلا و ابویوسف
فاسق من الفاسقین. وعن یزید بن
ھارون ما تقول فی ابی یوسف؟ قال
لا تحل الروایۃ عنہ. انہ کان یعطی
اموال الیتامی مضاربۃ ویجعل الربح
لنفسہ. وعن محمد بن اسماعیل
البخاری یقول حکی لنا عن النعمان
انہ قال الا تعجبون من یعقوب
یقول علی ما لم اقل. وعن الفضل
بن دکین یقول سمعت ابا حنیفۃ
یقول لابی یوسف ویحکم کم تکذبون
علی فی ھذہ الکتب ما لم اقل. و
عن یحیی بن معین قال فی ابی یوسف
لا یکتب حدیثہ وعنہ ایضا لم یکن
یفرق بالحدیث وعنہ ایضا کان
ابویوسف ثقۃ الا انہ
غلط. وعن احمد بن حنبل یقول
اول کتبت عنہ الحدیث ابویوسف
وانا لا احدث عنہ. وعن عبداللہ
بن احمد بن حنبل یقول قال ابو یوسف

گوارہ نہیں فرماتے تو پھر کوئی کیسے ان سے لکھیگا؟ تب عبداللہ
نے کہا کہ "یعقوب"۔ ابو داؤد سے روایت ہے کہ میں نے
مسیب بن واضح سے سنا کہ ابن مبارک کو ابو یوسف کے
موت کی خبر دی گئی تو کہا کہ بدبخت آدمی! اور عبداللہ
بن ادریس کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ خود گمراہ اور دوسروں کو
گمراہ کرنیوالا تھا اور ابو یوسف فاسقوں میں سے ایک
فاسق تھا۔ اور یزید بن ہارون سے ابو یوسف سے روایت
کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو کہا کہ اس سے روایت
کرنا جائز نہیں کیونکہ وہ یتیموں کا مال تجارت کے لئے
دیا کرتا اور منافع خود کھا جاتا تھا۔ اور محمد بن اسماعیل
بخاری کہتے ہیں کہ ہم سے ابوحنیفہ کا قول بیان کیا گیا
انہوں نے کہا کہ آپ کو ابو یوسف پر تعجب نہیں ہوتا
کہ ہماری طرف وہ باتیں منسوب کرتا ہے جو ہم نے نہیں
کہیں۔ اور فضل بن دکین سے مروی ہے کہ میں نے ابو
حنیفہ کو کہتے سنا، انہوں نے ابو یوسف سے کہا کہ تمہارے
لئے ہلاکت ہو تم نے ان کتابوں میں ہم پر کتنی جھوٹی
باتیں منسوب کی ہیں جو ہم نے نہیں کہیں۔ اور یحیی بن
معین ابو یوسف کے بارے میں کہتے ہیں کہ ان کی حدیث
لکھی نہیں جائے گی۔ انہی سے روایت ہے کہ ابو یوسف
حدیث اور عام کلام میں فرق نہیں کر سکتا تھا۔ یحیی کہتے
ہیں کہ ابو یوسف تھے تو ثقہ لیکن کبھی غلطیاں کر
جاتے تھے اور امام احمد فرماتے ہیں میں نے سب سے پہلے
ابو یوسف سے حدیث لکھی لیکن اب ان سے حدیث

صدوق ولكن اصحاب ابی حنیفة لا ينبغى ان يروى عنهم شئ و عن محمد بن اسماعيل البخاری قال يعقوب بن ابراهيم ابو يوسف القاضی تركوه وعن القاضى ابو الطيب طاهر بن عبد الله الطبری قال قال ابو الحسن الدارقطنی سئل عن ابی يوسف القاضی فقال اعور بين عميان وعن يعقوب بن سفيان قال سنة اثنتين وثمانين ومائة فيها توفی ابو يوسف وابن تسع وستين (تاريخ خطيب)

حدیث نہیں لوں گا۔ عبداللہ بن احمد بن حنبل فرماتے ہیں کہ ابو یوسف نجے تو سچے لیکن ابو حنیفہ کے ساتھی اس قابل نہیں کہ ان سے کوئی بھی چیز لیا جائے۔ اور امام بخاری فرماتے ہیں کہ یعقوب بن ابراہیم قاضی ابو یوسف کو محدثین نے متروک قرار دیا ہے اور قاضی ابو طیب طاہر بن عبداللہ الطبری فرماتے ہیں کہ امام ابو الحسن دارقطنی نے جبکہ ابو یوسف کے بارے میں ان سے سوال کیا گیا فرمایا کہ اندھے کا بیٹا کانا ہے اور یعقوب بن سفیان سے مروی ہے کہ ابو یوسف نے ۱۸۲ھ میں وفات پائی ان کی عمر ۶۹ سال تھی۔ (تاریخ خطیب ص ج ۱۴)

ترجمة محمد بن حسن الشيبانی

ترجمة محمد بن حسن الشيبانی فهو جهمی كذاب (الضعفاء للعقيلی ص ۴۳۷ ج ۴ لسان الميزان ص ۱۲۲ ج ۵ كتاب المجروحين لابن حبان ص ۲۷۶ ج ۳ ومحمد بن ابی الفتح البعلی مختصر اسماء المجروحين ص ۱۰۳ والكامل وتاريخ بغداد ص ۱۸۰ ج ۲، محمد بن الحسن الشيبانی ليس بشئ لا يكتب حديثه (لسان الميزان ص ۱۲۲ ج ۵)

محمد بن حسن الشیبانی کے حالات زندگی۔ یہ شخص جہمی اور پرلے درجہ کا جھوٹا تھا۔ (ملاحظہ فرمائیے عقیلی کی کتاب الضعفاء ص ۴۳۷ ج ۴، لسان المیزان ص ۱۲۲ ج ۵، ابن حبان کی کتاب المجروحین ص ۲۷۶ ج ۳، محمد بن ابی الفتح البعلی مختصر اسماء المجروحین ص ۱۰۳، کامل اور تاریخ بغداد ص ۱۸۰ ج ۲، محمد بن حسن الشیبانی قابل وقعت نہیں اس کی حدیث نہیں لکھی جائیگی (لسان المیزان ص ۱۲۲ ج ۵)

حدیث اور روایت کی سند بیان کرنا اور فقہ حنفی کا حال

يجب على المسلمين ان يوخذ العلم
الذی فيه اساس الدين واصل
الشريعة من العقائد التي يجب عليها
اعتقاده والعمل الذی يجب عليه
استقامته بالاسناد فعلم الاسناد
علم يعنى بمعرفة حال رجال الاسناد
وصفاتهم المعتبرة وضبط اسمائهم و
انسابهم وموالیدهم ووفياتهم وغير
ذلك من الصفات فيكون على بصيرة
وقال عبد الله بن مبارك الاسناد من
الدين ولولا الاسناد لقال من شاء
ما شاء وقال ايضا مثل الذی
يطلب امر دينه بلا اسناد كمثل الذی
يرقى السطح بلا سلم وعنه ايضا
بيننا وبين القوم القوائم يعنى
الاسناد وقال صالح بن احمد ان
الحديث بلا اسناد ليس بشىء
وقال احمد بن محمد بن حنبل
طلب الاسناد العلو من السنة وقال
ايضا طلب الاسناد العالى سنة
عمن سلف وقال محمد بن اسلم
الطوسی قرب الاسناد قرب او قربة

مسلمان پر لازم ہے کہ وہ علم جس پر دین کا مدار
اور شریعت کے بنیادی عقائد جن پر ایمان رکھنا
واجب ہے اور عمل (صالح) جس پر استقامت
کرنا لازمی ہے، اسے سند کے ساتھ حاصل کرے،
کیونکہ اسناد کا علم یعنی راویان اسناد کے احوال،
اور ان کے قابل اعتماد اوصاف اور ان کے ناموں
انساب، ولادت، وفات اور دیگر کارکردگی کا علم
ہے۔ جسے یہ علم ہوگا وہ پوری بصیرت اور واقفیت
کا حامل ہوگا۔ اسی وجہ سے ابن مبارک فرماتے
ہیں کہ اسناد کا علم دین کا کام ہے۔ اسناد کے بغیر
ہر شخص جو چاہے اور جس طرح چاہے کہدے۔ انہوں
نے یہ بھی فرمایا کہ جو شخص دین کو بغیر اسناد کے حاصل
کرتا ہے، اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی بغیر
سیڑھی کے چھت پر چڑھے۔ ابن مبارک فرماتے ہیں
کہ ہمارے اور دوسرے لوگوں میں یہی بنیادی فرق
ہے کہ ہم ستون یعنی اسناد لیتے ہیں۔

اور امام احمد کے بیٹے صالح فرماتے ہیں کہ اسناد
کے بغیر حدیث کی کوئی وقعت نہیں۔ امام احمد بن
حنبل فرماتے ہیں کہ اسناد عالی کی تحصیل سنت رسول
ہے ایک اور روایت میں فرماتے ہیں کہ اسناد عالی طلب
کرنا اسلاف کی سنت ہے۔ محمد بن اسلم طوسی
فرماتے ہیں کہ قریب کی اسناد بیان کرنا اللہ کا

الی الله تعالی۔ وقال محمد بن ادریس
ابو حاتم الرازی لم یکن فی امۃ
من الامم منذ خلق الله آدم ان
یحفظون آثار نبیهم وانساب سلفهم
مثل هذه الامۃ وعنه ایضا لم
یکن فی امۃ من الامم امۃ
یحفظون آثار نبیهم غیر هذه الامۃ
فقیل له ربما روا حدیثا لا اصل
له؟ قال علمائهم یعرفون الصحیح
من السقیم وقال ابو علی الجبائی خص
الله تعالی هذه الامۃ بثلاثۃ
اشیاء ولم یعطها من قبلها الاسناد
والانساب والاعراب قال الشافعی
مثل الذی یطلب الحدیث بلا اسناد
کمثل حاطب لیل۔ وقال ابن حزم
عن علی بن احمد نقل الثقۃ عن
الثقۃ یبلغ به النبی صلی الله علیه وسلم
مع الاتصال خص الله به المسلمین
دون سائر الملل واما مع الارسال و
الاعضال فیوجد فی کثیر من الیهود
ولکن لا یقربون فیه من موسی
قربنا من محمد صلی الله علیه وسلم بل
یقفون بحیث یکون بینهم وبین موسی

کا قرب حاصل کرنا ہے۔ محمد بن ادریس ابو حاتم
رازی فرماتے ہیں، جب سے اللہ تعالی نے حضرت
آدم کی تخلیق کی ہے، اس امت کے سوا کسی
بھی امت میں یہ اہتمام نہیں تھا کہ لوگ اپنے
انبیاء کی سنتوں اور اپنے اسلاف کے نام و نسب
کو محفوظ رکھتے۔ ایک اور روایت میں فرماتے
ہیں کہ اس امت کے سوا کسی امت میں یہ دستور نہ
تھا کہ وہ اپنے انبیاء کے آثار و سنن کو محفوظ رکھتے
امام ابو حاتم سے کہا گیا کہ اکثر اوقات (محدثین)
ایسی روایات بیان کرتے ہیں جن کی کوئی اصل نہیں
ہوتی؟ فرمایا کہ ان کے علماء صحیح اور سقیم سب جانتے
ہیں۔ ابو علی جبائی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی نے اس
امت کو تین اشیاء ایسی دی ہیں جو پہلے کسی کو نہیں
دی تھیں۔ اسناد بیان کرنا، نسب بیان کرنا اور
اعراب لگانا۔ امام شافعی کا قول ہے کہ جو شخص بغیر
سند کے احادیث لیتا ہے اس کی مثال رات کو لکڑیاں
جمع کرنیوالے کی ہے (لکڑی ہاتھ لگے یا سانپ بچھو آئے)
ابن حزم علی بن احمد سے روایت کرتے ہیں کہ ثقہ
راوی کا دوسرے ثقہ سے نقل کرنا اس طریقے سے
سند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ جائے یہ امر
دوسری امتوں کی بجائے اس امت پر اللہ کا خاص
فضل ہے۔ باقی رہی مرسل یا معضل روایت بیان
کرنا تو یہ کثیر یہودیوں میں موجود ہے لیکن وہ جس طرح

اکثر من ثلاثین عصرا و انما یبلغون
الی شمعون و نحوه ثم قال رحمه
الله تعالی و اما النصاری فلیس عندھم
من صفة ھذا النقل الا تحریم الطلاق
فقط و اما النقل بالطریق المشتملة علی
کذاب او مجھول العین فکثیر فی الیھود
والنصاری ثم قال و اما اقوال الصحابة
والتابعین فلا یمکن للیھود ان یبلغوا
الی صاحب نبی اصلا ولا ال[illegible]ع له
ولا یمکن للنصاری ان یصلوا الی اعلی
من شمعون و بولس۔

وقال ابو بکر محمد بن احمد
بلغنی ان الله خص ھذہ الامة بثلاثة
اشیاء لم یعطھا من قبلھا من الامم
الاسناد والانساب والاعراب وقال ابو بکر
ابن العربی والله اکرم ھذہ الامة بالاسناد
و لم یعطوا احد غیرھا فاحذروا ان تسلکوا
مسلك الیھود والنصاری . فتحدثوا
بغیر اسناد فتکونوا سالبین نعمة الله
انفسکم مطرقین للتھمة الیکم و حافظین
لمنزلتکم و مشترکین مع قوم لعنه الله
وغضب علیھم وراکبین لسنتھم وقال
ابو العباس احمد بن عبد الحلیم ابن

ہم سند نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچا دیتے ہیں، وہ
موسیٰ علیہ السلام تک قریب نہیں پہنچاتے بلکہ ان کا سلسلہ
سند حضرت موسیٰ سے تیس زمانوں سے بھی زیادہ دور
رک جاتا ہے اور یہ شمعون وغیرہ تک سلسلۂ سند پہنچاتے
ہیں۔ امام ابن حزم مزید فرماتے ہیں کہ نصاریٰ کے
ہاں تو کوئی سلسلہ اسناد ہی نہیں سواء طلاق کی حرمت
کے۔ البتہ جھوٹے اور مجہول راویوں سے روایات
بیان کرنے کی یہود و نصاریٰ میں عادت بہت پائی
جاتی ہے۔ پھر فرماتے ہیں کہ باقی رہے صحابہ اور
تابعین کے اقوال تو یہود و نصاریٰ کے لئے یہ بھی
ممکن نہیں کہ کسی نبی کے صحابی تک سلسلہ اسناد کو
متصل پہنچائیں سوائے شمعون اور بولس تک
اور ابوبکر محمد بن احمد سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ
نے اس امت کو تین خصائص سے نوازا ہے جو
پہلے کسی امت کو نہیں دیئے گئے اسناد اور انساب
اور اعراب (کا علم) ابوبکر ابن عربی فرماتے ہیں
کہ اللہ تعالیٰ نے اس امت کو علم اسناد سے معزز
کیا اور یہ شرف اور امت کو عطا نہیں ہوا تو خبردار
کہیں تم بھی یہود و نصاریٰ کی روش نہ چلنا تو کیا تم
اسناد کے بغیر احادیث بیان کروگے تو اللہ تعالیٰ
کی نعمت تم سے چھن جائے اور اس تہمت کی
وجہ سے تم کمزور ہو جاؤ اور اپنا مرتبہ کھو جاؤ اور اس
قوم کے ساتھ مل جاؤ جس پر اللہ کی لعنت اور غضب

تیمیة شیخ الاسلام علم الاسناد والروایة
مما خص اللہ بہ امة محمد صلی اللہ
علیہ وسلم وجعلہ سلما الی الدرایة فاھل
الکتاب لا اسناد لھم یاثرون بہ المنقولات
وھکذا المبتدعون من ھذہ الامة واھل
الضلالات وانما الاسناد لمن اعظم اللہ
علیہ المنة اھل الاسلام والسنة یعرفون
بہ الصحیح والسقیم والمعوج والقویم و
غیرھم من اھل البدع والکفار انما
عندھم منقولات یاثرونھا بغیر
اسناد وعلیھا من دینھم الاعتماد وھم
لا یعرفون فیھا الحق من الباطل ولا الحالی
من العاطل وقال دکتور عاصم القریوطی
لقد کان الصحابة رضی اللہ عنھم یتلقون
امور دینھم کلھا من رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم مباشرة او بواسطة من شھد
ذلک مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من
قولہ او فعلہ او تقریرہ والذی تدل
علیہ الآیات القرآنیہ والاحادیث
النبویة الثابتة ان الصحابة کلھم
عدول بتعدیل اللہ تبارک وتعالی لھم
خلافا لبعض اھل الھواء والطاعنین
الحاقدین علی صحابة رسول اللہ صلی اللہ

ٹوٹا اور ان کے طریقہ پر گامزن ہو جاؤ۔ امام ابن
تیمیہ فرماتے ہیں کہ سند اور روایت کا علم وہ اللہ
کا انعام ہے جس کے ساتھ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو خاص کیا ہے اور اسے درایت کا زینہ وسیلہ بنایا
کیونکہ اہل کتاب میں علم اسناد نہیں جس سے وہ اپنے
انبیاء اور صلحاء سے دینی علم روایت کریں۔ اسی
طرح اس امت کے بدعتی اور مشرک فرقے، جن کے
پاس کوئی علم اسناد نہیں ہوتا، اپنے اماموں کی طرف
خود ساختہ اور جھوٹی باتیں منسوب کر کے روایت
کرتے رہتے ہیں۔ اور سند بیان کرنا اہل اسلام پر
اللہ کا عظیم احسان ہے، جس کے ذریعے صحیح اور
ضعیف، سیدھی اور ٹیڑھی بات کی شناخت ہوتی ہے
اور مسلمانوں کے سواء جتنی بھی کافر قومیں ہیں، ان
کے جو دین ہے اسے وہ بغیر اسناد کے اختیار کرتے
ہیں اور اسی پر ان کا اعتماد ہے، جس کی وجہ سے وہ
حق و باطل اور طاقتور اور بیکار کی تمیز نہیں کر سکتے۔
اور ڈاکٹر عاصم القریوطی کہتے ہیں کہ صحابہ دین کے سارے
امور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کرتے تھے۔
براہ راست یا بالواسطہ طور پر جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کا قول، فعل یا تقریر کا مشاہدہ کیا ہو اور قرآن کی آیات
اور احادیث رسول اس حقیقت پر دلالت کرتی
ہیں کہ صحابہ سارے عادل ہیں۔ کیونکہ اللہ نے ان کی
صداقت اور عدالت بیان کی اس کے برعکس کچھ اہل ہوا

عليه وسلم وهذا اوغيره لايتصور
ابدا احتمال الكذب من ذالكم
الرعيل الذى قدم الغالى النفيس
فى الدعوة الى الله ونشر الدين الاسلامى
والذب عن الشريعة بل هم حملتها و
نقلتها الينا جزاهم الله خيرا والجزاء أ
مسلم عنده تقوى فى عصرنا على التقول
على احد بغير علم فكيف يجرأ على التقول
على الله اوعلى رسوله بل كيف يخطر ببال
عاقل امكانية وقوع ذالك من صحابة
رسول الله صلى الله عليه وسلم وهم يسمعون
ويعلون ويعلمون بقوله تعالى وَلَا
تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ إِنَّ السَّمْعَ
وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَئِكَ كَانَ
عَنْهُ مَسْئُولًا (١٧ الاسراء)

وبقوله عليه الصلوٰة والسلام من
كذب علىّ متعمدا فليتبوأ مقعده من
النار اخرجه الشيخان وبقوله عليه
السلام من حدث عنى بحديث يرى انه
كذب فهو احد الكاذبين نقلت هذا
ملخصا من الكتاب الاسناد من الدين
للدكتور عاصم بن عبد الله القريوتى
استاذ الجامعة الاسلامية بالمدينة

اور حاسد ناقدین ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب
پر طعن کرتے ہیں۔ لہٰذا ان پیشوا لوگوں سے دین خالص
پیش کرنے میں جھوٹ اور ملاوٹ کا ادنیٰ شبہ بھی نہیں
کیا جا سکتا کیونکہ وہ اللہ کے دین کی دعوت اور
اس کی اشاعت اور شریعت کے دفاع میں ثابت
قدم تھے۔ بلکہ یہ صحابہ ہی ہم تک دین کو پہنچانے
والے اور حاملین تھے۔ اللہ ان کو جزائے خیر عطا
فرمائے۔ ہمارے زمانہ میں ایسا مسلمان جس کے اندر
تقویٰ ہو بغیر علم کے کسی پر جھوٹ باندھنے کی جرأت
نہیں کرتا تو وہ کیسے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ
علیہ وسلم پر جھوٹ باندھے گا؟ لہٰذا کوئی عقلمند
آدمی یہ کیسے باور کر سکتا ہے کہ اللہ کے رسول کے
اصحاب ایسی کوئی جرأت کر سکتے تھے جبکہ وہ سنتے اور
عمل کرتے اور جانتے تھے کہ اللہ فرماتا ہے (ترجمہ)
جس بات کا تمہیں علم نہ ہو اس کا کھوج مت لگا۔
کیونکہ کان، آنکھ، دل سب کے بارے میں سوال کیا
جائے گا (اسراء)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے
(ترجمہ) جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا وہ
اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔ (بخاری ومسلم) نبی
پاک کا دوسرا ارشاد ہے کہ جس نے مجھ سے ایسی کوئی
حدیث بیان کی جس کے بارے میں جانتا ہے کہ وہ
جھوٹی ہے تو وہ آدمی جھوٹوں میں سے ایک جھوٹا ہے

المنورة.

واقول علم من عبارات الائمة
ان الدين والشريعة والفقه يعتبر
ويعتمد ويصدق بالاسناد وان لم
يوجد فيه سند فهو الكلام مثل كلام
اليهود والنصارى والمبتدعين والراهبين
الذين ابتدعوا الرهبانية لحصول
الجاه والرياسة ما كتبها الله عز وجل
عليهم. فالفقه الحنفى لانرى فيه
اسنادا وما وصلت الى ائمتهم اقوالهم
وزاد من الحد اختلافهم واشرب فى
قلوبهم تقليد ائمتهم وانشدوا

ع فلعنة ربنا اعداد رمل ،
على من رد قول ابى حنيفة.

وايضا ع

ان الهداية كالقرآن قد نسخت
من قبلها فى الشرع من كتب

فمات ابوحنيفة فى مأة وخمسين و
صنف احمد بن محمد بن احمد البغدادى
كتاب الفقه القدورى فى المأة الخامسة
وصنف برهان الدين على بن ابى بكر
المرغينانى شرح القدورى الهداية فى
المأة السادسة وصنف فيها بدر الدين

یہ مضمون کتاب "الاسناد من الدین" ڈاکٹر عاصم بن
قریوطی استاذ جامعۃ الاسلامیہ مدینہ منورہ سے لیا گیا
ائمہ کی ان عبارات سے معلوم ہوا کہ دین اور شریعت
نیز فقہ کی تصدیق اور تائید اور اعتماد سند سے
جائے گی۔ اگر سند نہیں تو اس کی حیثیت یہود و
نصاریٰ اور بدعتیوں اور راہبوں کے کلام کی ہوگی
جنہوں نے طلب جاہ وریاست کی خاطر رہبانیت
اختراع کی تھی حالانکہ اللہ نے ان پر یہ فرض نہیں
کی تھی۔ اسی طرح فقہ حنفی میں ہم کوئی سلسلہ
اسناد نہیں دیکھتے اور نہ ہی (مقلدین) اپنے ائمہ
کے اقوال کی سند ان تک پہنچاتے ہیں۔ مزید برآں
ان میں حد سے زیادہ اختلافات ہیں۔ اور ائمہ کی تقلید
ان کے قلوب اور رگ وریشہ میں سرایت کر گئی ہے۔
اور اس طرح کے کفریہ اشعار کہے ہیں۔ (ترجمہ)
جو شخص ابو حنیفہ کے قول کو رد کرے اس پر ہمارے رب کی ریت کے
ذروں جتنی لعنت ہو۔ (نیز)
ہدایہ قرآن کی طرح ہے جس نے شریعت کی پہلی کتابیں
منسوخ کر دیں۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ
ابو حنیفہ نے ۱۵۰ھ میں وفات کی اور فقہ کی
کتاب قدوری احمد بن محمد بن احمد البغدادی
نے پانچویں صدی میں تالیف کی۔ اور قدوری
کی شرح ہدایہ چھٹی صدی میں برہان الدین علی
بن ابی بکر المرغینانی نے لکھی اور بدر الدین

الكاشغري منية المصلى وكتب عبد الله
بن احمد النسفي كنز الدقائق في المائة
الثامنة. فقس تصانيف الفقه على هذا.
فهكذا اكتب وسود دفاتر الفقه بعد
مرور السنين وبعد مضى الدهور ووفاة
ائمتهم بواسطة رواة كاذبين وضاعين
بروايات كاذبة مختلقة لا اصل لها
في الكتاب والسنة.

کاشغری نے اس سلسلہ میں منیۃ المصلی لکھی۔ اور عبداللہ
بن احمد نسفی نے کنز الدقائق آٹھویں صدی میں
تحریر کی۔ فقہ کی تصانیف کو اسی پر قیاس کیجئے!
اس طرح فقہ کی کتابوں کے دفتر ان کے اماموں
کے صدیاں گذریاں جلنے کے بعد وجود میں آئے۔
اور یہ کتب جھوٹے اور وضعی راویوں اور خود ساختہ
اور من گھڑت روایات کی بنیاد پر تحریر کی گئیں جن
کی کتاب و سنت میں کوئی بنیاد نہیں ہے۔

احناف کے ہاں صحابہ کا مرتبہ

بعض الصحابة كابي هريرة وانس بن
مالك ووابصة بن معبد ومعقل بن
سنان وسمرة بن جندب رضي الله عنهم
ليسوا فقهاء عند الاحناف (اصول
الشاشي وحسامي ونور الانوار) فاكثر
الاحاديث المروية عن ابي هريرة تخالف
مذهب الاحناف ومذهبهم اسس على
المقاييس والآراء والاحاديث النبوية
تخالفها لهذا. قالوا الخ لا نقبل حديث
صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم غير
الفقيه لانه يروي الاحاديث ولا يعلم
حكمها وحقيقتها لان المقلدين اصلوا

احناف کے ہاں بعض صحابہ جیسے ابوہریرہ، انس
بن مالک، وابصہ بن معبد، معقل بن سنان،
اور سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہم فقہاء نہیں تھے
(اصول الشاشی، حسامی، نور الانوار)
چنانچہ ابوہریرہؓ کی بیشتر روایات حنفی مذہب
کے خلاف ہیں اور احناف کے مذہب کی اساس
قیاس اور آراء پر ہے اور چونکہ احادیث نبوی
اس کے خلاف ہوتی ہیں اس لئے انہوں نے
یہ اصول گھڑ لیا کہ جو صحابی رسولؐ غیر فقیہ
(پاگل، سفیہ) ہوگا اس کی روایت ہم اخذ
نہیں کریں گے۔ اس لئے کہ وہ حدیث تو روایت
کرتا ہے، مگر اس کی حکمت اور حقیقت کو

بان الراوی عرف بالعدالة والضبط
دون الفقہ کانس وابی ہریرة ان وافق
حدیثہما القیاس عمل بہ وان خالفہ
لم یترک القیاس الا بالضرورة وھی انہ
لو عمل بالحدیث لانسد باب الرأی من
کل وجہ وقالوا: الراوی ان عرف
بالفقہ والاجتہاد کالخلفاء الراشدین
والعبادلة وھو جمع عبدل مرخم عبد
اللہ والمراد بہم عبداللہ بن مسعود و
عبداللہ بن عمرو بن العاص وعبداللہ بن
عمر وعبداللہ بن عباس وقیل عبداللہ
بن زبیر ویلحق بہم زید بن ثابت وابی
بن کعب ومعاذ بن جبل وعائشة و
ابوموسی کان حدیثہم حجة یترک بہ
القیاس کذا فی نور الانوار۔

ھذا ھو الاصل عند الاحناف لکنہم
لما احتجوا الی تخریج المسائل وترویج
مذہبہم ترکوا الاحادیث المرویة من عبد
اللہ بن مسعود وعبداللہ بن عباس و
غیرہما رضی اللہ تعالی عنہم کما لا یخفی
علی من لہ ممارسة بالفقہ والحدیث و
قال صاحب اصول الشاشی فی کتابہ "و
القسم الثانی من الرواة ہم المعروفون

نہیں جاتا۔ کیونکہ مقلدین نے یہ اصول وضع کر رکھا
ہے کہ راوی اگرچہ عدالت اور حفظ وضبط کے معیار
پر پورا اترے لیکن اگر وہ فقیہ (سمجھدار) نہیں
(جیسے انسؓ اور ابوہریرہؓ) تو اس کی حدیث اگر
قیاس کے مطابق ہوگی تو اس پر عمل کیا جائے گا
اور اگر قیاس کے خلاف ہوگی تو قیاس کو نہیں چھوڑا
جائیگا مگر ضرورت کے تحت۔ اور حدیث پر عمل کیا جائے
تو قیاس اور رائے کا دروازہ ہر صورت میں بند ہو جائیگا
(اس لئے قیاس حدیث مقدم ہوگا) (نیز) احناف
کہتے ہیں کہ اگر راوی فقہ اور اجتہاد میں مشہور ہے
جیسے خلفاء راشدین اور عبادلہ (عبداللہ کی تصغیر
جس سے مراد عبداللہ بن مسعود، عبداللہ بن عمرو
بن العاص، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عباس او
کہا گیا کہ عبداللہ بن زبیر ہے۔ اور ان میں زید بن
ثابت، ابی بن کعب، معاذ بن جبل، عائشہ اور ابوموسی
شامل ہیں تو ان کی حدیث حجت ہے جس کی وجہ
قیاس کو ترک کیا جائے گا۔ نور الانوار میں اسی طرح

تو احناف کا یہ ہے اصول اور قانون۔ لیکن جب
ان کو مسائل تخریج کرنے اور مذہب کے ترویج دینے کی
ضرورت پڑی تو اپنے وضع کردہ اصول کے برعکس (ابن
مسعود اور ابن عباسؓ وغیرہما کی روایات کو بھی چھوڑ دیا جیسا
حدیث وفقہ کی واقفیت رکھنے والے سے پوشیدہ نہیں
اصول الشاشی کا مصنف کہتا ہے "اور راویوں

بالحفظ والعدالة دون الاجتهاد و
الفتویٰ کابی هریرة وانس فاذا صحت
روایة مثلهما عندك فان وافق الخبر
القیاس فلا خفاء فی لزوم العمل به
وان خالفه کان العمل بالقیاس اولیٰ
مثاله ماروی ابوهریرة الوضوء مما مست
النار فقال له ابن عباس ارأیت لو
توضات بماءٍ سخن اکنت تتوضأ
منه؟ فسکت. وانما رده بالقیاس
اذ لو کان عنده خبر لرواه. وعلی هذا
ترك اصحابنا روایة ابی هریرة فی مسئلة
المصراة بالقیاس. انتهی

اقول ما نقله جواب ابی هریرة لابن
عباس مثله خیانة ونصرة لمذهبهم بل
جوابه هذا یا ابن اخی! اذا حدثت
حدیثا عن رسول الله صلی الله علیه وسلم
فلا تضرب له مثلاً کما هو فی الترمذی
ص۵ ج۱. وایضاً یجیب ابوهریرة
بطریق آخر هذا ما اراکم منتهین
حتی یعذبکم الله. فحدثتکم عن رسول
الله صلی الله علیه وسلم وتحدثونا عن ابی
بکر وعمر (جامع بیان العلم ص۱۹۵ ج۲
(ص۲۹۶ ج۲)

دوسری قسم وہ ہے کہ اجتہاد اور فتویٰ کے سوا عدالت اور حفظ میں معروف ہوں
جیسے ابوہریرہ اور انس۔ پس اگر ان مثلی کی روایت
تمہارے نزدیک صحیح ثابت ہو تو (دیکھا جائے گا)
اگر ان کی روایت کردہ حدیث قیاس کے مطابق ہوگی
تو اس پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔ لیکن اگر حدیث قیاس کے
خلاف ہوگی تو قیاس پر عمل کرنا اولیٰ ہوگا۔ اس کی
مثال ابوہریرہ کی روایت کردہ حدیث "الوضوء مما مست
النار" ہے یعنی آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے سے وضوء
لازم ہے۔ اس پر ابن عباس نے ابوہریرہ سے معارضہ
کرتے ہوئے کہا کہ بھلا بتائیے تو سہی! گرم پانی سے
وضو کیا تو کیا آپ دوبارہ وضو کریں گے؟ ابوہریرہ لاجواب
ہوگئے۔ ابن عباس نے قیاس سے ان کا رد کیا۔ ان کے
پاس کوئی حدیث ہوتی تو یقیناً بیان کر دیتے۔ مسئلہ
مصراۃ (گاہک کو دھوکہ دینے کے لئے ایک دو دن روک کر
پھر دودھ نکالنا) میں بھی قیاس کے اسی اصول کے
مطابق ہمارے اصحاب نے ابوہریرہ کی روایت کو ترک کیا اھ
میں کہتا ہوں کہ ابوہریرہ نے ابن عباس کو جو جواب دیا
اسے نقل کرنے میں اپنے مذہب کی حمایت کی خاطر
خیانت کی ہے۔ بلکہ ابوہریرہ نے جواب میں کہا کہ "اے میرے
بھتیجے جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث
بیان کروں تو معارضہ میں مثال بیان نہ کیا کر (ترمذی
ص۵ ج۱) ابوہریرہ نے ایک اور طریقہ سے بھی جواب دیا فرمایا
"میرے خیال میں تم لوگ باز آنے والے نہیں یہاں تک کہ اللہ
تمہیں عذاب دے میں تم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

وهذا الجواب الثاني بعينه يكرره عبدالله بن عباس اذا عارضه احد من الناس.

فحديث ابي هريرة: الوضوء مما مست النار فانه قد صحت في ايجاب الوضوء منه احاديث ثابتة من طريق عائشة وام حبيبة من امهات المؤمنين وابي ايوب وابي طلحة وابي هريرة وزيد بن ثابت رضي الله تعالى عنهم وقال به كل من ذكر وابن عمر وابو موسىٰ وانس وابو مسعود وجماعة التابعين منهم اهل المدينة جملة و سعيد بن المسيب وابو ميسرة وابو مجلز ويحيىٰ بن يعمر والزهري و ستة من ابناء النقباء من الانصار والحسن البصري وعروة بن الزبير وعمر بن عبدالعزيز ومعمر وابو قلابة وغيرهم ولولا انه منسوخ لوجب القول به (المحلى ص٢٤٣ ج ١)

كما حدثنا عبدالله بن الربيع ثنا محمد بن معاوية حدثنا احمد بن شعيب حدثنا عمرو بن منصور ثنا علي بن عياش حدثنا شعيب بن ابي

حدیث بیان کرتا ہوں اور تم ابوبکر و عمر کا قول بیان کرتے ہو۔ (جامع بیان العلم ص۹۵ ج ۱) بعینہ یہ دوسرا جواب خود ابن عباس دیتے تھے جبکہ کوئی آدمی ان سے معارضہ کرتا تھا۔

لہٰذا ابوہریرہ کی حدیث مذکورہ بالا کی تائید یعنی آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے کی وجہ سے وضو کے وجوب میں متعدد طریقوں سے احادیث ثابت ہیں جن میں امہات المؤمنین عائشہ اور ام حبیبہ، ابوایوب، ابوطلحہ، ابوہریرہ، زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی احادیث ہیں اور یہی قول ابن عمر، ابوموسیٰ، انس، ابومسعود اور تابعین کی ایک جماعت یعنی تمام اہل مدینہ، سعید بن المسیب، ابومیسرہ، ابومجلز، یحییٰ بن یعمر، زہری، انصار کے چھ نقیبوں کے بیٹوں، حسن بصری، عروہ بن زبیر، عمر بن عبدالعزیز، معمر، ابوقلابہ وغیرہم کا بھی ہے اور اگر یہ حدیث منسوخ نہ ہوتی تو اس پر عمل کرنا واجب ہوتا۔
(المحلی ص۲۴۳ ج ۱)

چنانچہ عبداللہ بن ربیع نے ہم سے حدیث بیان کی۔ ان سے معاویہ کے بیٹے محمد نے، ان سے احمد بن شعیب نے ان سے عمرو بن منصور نے ان سے علی بن عیاش نے ان سے شعیب بن ابی حمزہ نے انہوں نے

حمزة عن محمد بن المنكدر قال سمعت جابر بن عبد الله كان آخر الامرين من رسول الله صلی الله علیه وسلم ترك الوضوء مما مست النار فصح نسخ تلك الاحاديث ولله الحمد. (المحلی ص ۲۴۳ ج ۱)

وقال صاحب اللمحات (ص ۲۱۴ ج ۱) روی ابوهريرة الحديث الوضوء من مامست النار فطعن فيه ولكن روت هذه الحديث سيدة فقهاء الصحابة ام المومنين عائشة وزيد بن ثابت و ابوطلحة وابو موسیٰ وسهل بن حنظلة ومن امهات المومنين ام حبيبة وام سلمة وانس بن مالك وعبد الله بن عمرو ابوسعيد الخير وابو ايوب الانصاري وعبد الله بن زيد وسلامة بن وقش ومحمد بن مسلمة وجابر بن عبد الله وابو امامة الباهلي وغيرهم (مجمع الزوائد باب الوضوء مما مست النار ص ۲۴۸ ج ۱ وجامع الترمذی مع تحفة الاحوذی ص ۸۱-۸۲ ج ۱ وسنن النسائی مع التعليقات السلفية ص ۲۴ ج ۱، وكتاب الاعتبار للحازمی ص ۵۱-۵۲ وسنن البيهقی ص ۱۵۵ ج ۱ وص ۱۵۶ ج ۱ وغيرها)

محمد بن المنکدر سے انہوں نے جابر بن عبد اللہ سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری امر (یا عمل) آگ سے پکی ہوئی چیز سے وضو کو چھوڑنا تھا۔ لہذا مذکورہ بالا احادیث کا نسخ صحیح ثابت ہوا۔ وللہ الحمد۔ المحلی ص ۲۴۳ ج ۱)

اور کتاب "اللمحات" کے مصنف (ص ۲۱۴ ج ۱) میں فرماتے ہیں کہ ابوہریرہ کی روایت الوضوء مما مست النار کی وجہ سے ان پر طعن کیا گیا ہے۔ لیکن یہی حدیث فقہاء کی سردار ام المومنین عائشہ، زید بن ثابت، ابوطلحہ، ابوموسیٰ، سہل بن حنظلہ اور امہات المومنین ام حبیبہ، ام سلمہ، انس بن مالک، عبد اللہ بن عمرو، ابوسعید الخیر، ابو ایوب انصاری، عبد اللہ بن زید اور سلامت بن وقش، محمد بن مسلمہ، جابر بن عبد اللہ اور ابوامامہ باہلی وغیرہم سے مروی ہے۔

(مجمع الزوائد۔ باب الوضوء مما مست النار ص ۲۴۸ ج ۱، جامع الترمذی مع تحفۃ الاحوذی ص ۸۱-۸۲ ج ۱، سنن النسائی مع تعلیقات السلفیہ ص ۲۴ ج ۱، کتاب الاعتبار للحازمی ۵۱-۵۲، سنن البیہقی ص ۱۵۵ ج ۱-۱۵۶ ج ۱ وغیرہا)

اقول روی ابوھریرۃ ھذہ الروایۃ فصار غیر فقیہ عند الاحناف لکن ھؤلاء الرواۃ المذکورون منھم سیدۃ فقھاء الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھم وغیرھا اکثر من عشرین رووھا وثبت العمل علیھا عندھم فھم فقھاء عندھم فما ذنب اذنب ابوھریرۃ عندھم وعند الشیعۃ ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنھم ؟ منافقون ! اذا رووا احادیث المتعۃ اخذتھا الشیعۃ عنھم واستدلوا بھا لحلتھا، کانوا حینئذ صادقین کما فی التفسیر الشیعۃ "منھج الصادقین" و الا فھم منافقون عندھم! فالاحناف والشیعۃ سواء فی توھین الصحابۃ و تحمیقھم وروایات المتعۃ اخذت الشیعۃ من صحیح الامام مسلم وسمعت الحکایۃ من لعل حسین اختر الحنفی الجالندری الواعظ بانہ ناظر الشیعی و النصرانی علی الاسلام ھل ھو حق ام لا؟ فقرأ الشیعی ایات قرانیۃ "اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ" "وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ" و "اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ

میں (مصنف) کہتا ہوں کہ حضرت ابوہریرہؓ نے یہ روایت کیا بیان کی معاذ اللہ احناف نے انہیں غیر فقیہ اسفیہ، پاگل اقرار دیا۔ لیکن مذکورہ بالا سارے راوی حضرات جن میں صحابہ میں فقہ کی استاذ محترمہ عائشہ صدیقہ اور ان کے علاوہ بیس سے زیادہ دیگر راوی ہیں، نیز متعدد اصحاب رسول اور تابعین کرام کا اس پر عمل بھی ثابت ہے۔ اب یہ سارے راویان حدیث اور عاملان حدیث تو احناف کے نزدیک عاقل اور فقہاء کے زمرہ میں شامل ہیں لیکن خدا را غور فرمایئے کہ آخر جناب ابوہریرہؓ نے ایسا کونسا جرم کیا ان کا؟ اور شیعوں کے نزدیک حضرت ابوبکرؓ وعمرؓ نے؟ شیعوں کے ہاں حضرات شیخین معاذ اللہ! منافق ہیں۔ لیکن جب ان سے متعہ کی حلت کے بارے میں روایات ملتی ہیں تو شیعہ اخذ کرتے ہیں اور اس سے حلت کے بارے میں استدلال کرتے ہیں۔ اس وقت وہ سچے ہوتے ہیں۔ جیسا کہ شیعوں کی تفسیر "منہج الصادقین" میں ہے ورنہ وہ ان کے نزدیک منافق ہیں۔ لہٰذا صحابہ کی توہین اور تحمیق میں احناف اور شیعہ دونوں برابر ہیں۔ متعہ کی روایات شیعوں صحیح مسلم سے لی ہیں۔ حنفی واعظ لعل حسین اختر جالندری سے ایک حکایت میں نے سنی کہ اسلام کی حقانیت کے متعلق ایک شیعہ مولوی اور پادری کے درمیان مناظرہ ہوا۔ شیعہ مولوی نے اسلام کی حقانیت پر قرآن کی آیات

أَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا"

واستدل بها على صدق الاسلام وحقه، ثم سكت. فقال له النصراني اى الاسلام عندك صادق واى القرآن عندك حق؟ واما هذا القرآن الذى فى ايدى المسلمين فجاء به ابوبكر وعمر وعثمان وغيرهم من الصحابة رضى الله عنهم وهم منافقون غاصبون عندك فى دينك فكيف تقول انه حق لان القرآن حرفوه وبدلوه واخرجوا منه امامة على رضى الله عنه واحكاما اُخرىٰ. فكيف يكون المحرف حقا؟ فان يصدق الصحابة فيكون مذهبه باطل وان يكذبهم فيكون القرآن باطل عنده. فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ.

فهؤلاء الاحناف مثل الشيعة اذا جاء وقت التاويل وترويج مذهبهم فيكون اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم غير فقهاء ورواياتهم مردودة بالقياس والعمل اولىٰ بالقياس من الخبر وقالوا لانا اذا عملنا بالخبر الواحد لانسد باب الرأى والا فهم اخيار الامة

پڑھی (ترجمہ) "اللہ کے نزدیک دین تو صرف اسلام ہے جس نے اسلام کے سوا کوئی اور دین اختیار کیا تو اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔" "آج کے دن میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کر لیا۔" ان آیات سے اس شیعہ مولوی نے اسلام کی صداقت اور حقانیت پر استدلال کیا۔ پادری بولا "تمہارے نزدیک کونسا اسلام اور کونسا قرآن سچا ہے؟ باقی رہا موجودہ قرآن جو مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے تو یہ تو ابوبکر، عمر اور عثمان وغیرہ اصحاب رضی اللہ عنہم کا پیش کردہ ہے جو تمہارے نزدیک تمہارے دین میں غاصب اور منافق ہیں پھر تم کیسے کہتے ہو کہ وہ حق ہے کیونکہ قرآن کو تو ان لوگوں نے بدل ڈالا اور اس میں سے علی رضؓ کی امامت وغیرہ احکام کو نکال دیا ہے۔ تو تحریف شدہ کتاب کس طرح حقیقت پر مبنی ہو سکتی ہے؟ اب اگر وہ صحابہ رضؓ کی صداقت کا کلمہ پڑھتا ہے تو ان کا مذہب باطل ہوتا ہے اور اگر ان کی تکذیب کرتا ہے تو ان کے نزدیک (معاذ اللہ!) قرآن باطل قرار پاتا ہے تو کافر عاجز اور حیران ہو گیا۔ شیعوں کی طرح احناف کا بھی حال ہے تاویل اور اپنے مذہب کی ترویج کا وقت آتا ہے تو صحابہ رضؓ بھی ان کو غیر فقیہ نظر آتے ہیں اور ان کی روایات قیاس کی بنا پر رد کر دیتے ہیں اور حدیث کے مقابلہ میں قیاس پر عمل کو اولیٰ بتاتے

واصفیائهم وعقلائهم وترکوا احادیث ابی هریرة لانه اکثر روایة من غیرهم لان النبی صلی الله علیه وسلم دعی لحفظه. فروی خمسة الاف واربع مأة وخمسا وسبعین روایة. فهذه الذخیرة تصب الماء علی الفقه الحنفی وتدحض تاویلاته.

اور کہتے ہیں کہ اگر خبر واحد پر عمل کریں گے تو رائے اور قیاس کا دروازہ بند ہو جائیگا۔ بصورت دیگر وہ امت کے سب سے بہتر، سب سے برگزیدہ اور سب سے زیادہ عقلمند ہیں۔ حضرت ابوہریرہ کی روایات کو اس وجہ سے چھوڑتے ہیں کیونکہ آپ نبیؐ پاک کی دعا کی وجہ سے سب سے کثیر روایات کے راوی ہیں۔ آپ سے ۵۴۷۵ احادیث مروی ہیں۔ روایات کا یہ ذخیرہ فقہ حنفی پر پانی پھیر دیتا ہے اور ان کی تاویلات کو باطل کر دیتا ہے۔

فقہ حنفی

معنی الفقه لغة العلم لکنه وضعه الفقهاء للعلم الذی یذکر فیه اعمال المکلفین من حیث انه فرض وسنة وحلال وحرام و مباح ومندوب. لکنهم اولوا القرآن الکریم والاحادیث النبویة وما ترکوهما علی ظاهرهما وزادوا ایضا اصلین الاجماع والقیاس فصار الفقه الحنفی ملوثا بالبطل ویهدی الی انکار القران والحدیث کما هو ظاهر.

لغت میں فقہ کے لفظی معنیٰ جاننا ہے۔ فقہائے اس لفظ کو اس علم کے لئے وضع کیا ہے، جس میں انسانوں کے عمل کا تعین فرض، واجب، سنت، حلال وحرام اور مباح اور مندوب کی صورت میں کیا جاتے لیکن فقہائے قرآن اور حدیث کی تاویلات کر کے ان کو اصلی حالت پر رہنے نہیں دیا اور دو دیگر اصول اجماع اور قیاس کا اضافہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے فقہ حنفی حق و باطل کا معجون مرکب بن گئی۔ یہاں تک کہ فقہ پرستی نے ان کو قرآن و حدیث کے انکار تک پہنچا دیا۔ جس طرح کہ ظاہر ہے۔

فقہ حنفی کی ترویج کے اسباب

السبب الاول خلق الانسان ضعيفا هلوعا جزوعا منوعا مجادلا يحب الاشياء المضرة له بينه وعرضه و جسمه والمعينة على فسقه و حرصه وشحه والسبب الثانى يحب الانسان ان يكون حرا طليقا لا يحاسبه احد و ان يكون سدى و لا يسئل عما يفعل. والسبب الثالث يريد الانسان ان يرتكب المعاصى و الذنوب ويتبع الشهوات ويتعد الحدود و يفعل ما يشاء لا يكون عليه حد ولا تعزير على ارتكاب الذنوب. والسبب الرابع يريد الانسان ان يرتكب المعاصى فيكون له دافع يدفع عنه الحدود و يكون له وكيل يناظر عنه ويحرم ما احل الله عز وجل ويحل ما حرم الله و رسوله. فهذه الاشياء كلها موجودة فى الفقه الحنفى. يدافع عن المذنب ويعلم الحيل ويحرم الاشياء ما احل الله عزوجل ويحلها ما حرم الله تعالى

سبب اول۔ انسان ضعیف، بے صبر، چیخ و پکار کرنیوالا، بخیل اور جھگڑالو بنا کر پیدا کیا گیا ہے۔ ایسی چیزوں کو پسند کرتا ہے جو اس کے دین، آبرو، جسم کے لئے نقصان دہ اور فسق و فجور اور حرص و ہوس پر مددگار ہو۔ سبب ثانی یہ ہے کہ انسان اس بات کو پسند کرتا ہے کہ آزاد اور بے لگام ہو، اس کا کوئی محاسبہ کرنے والا نہ ہو۔ اور یہ کہ بے مہار ہو، اس کے اعمال و کردار کے بارے میں کوئی مواخذہ اور سوال نہ کرے۔ تیسرا سبب یہ کہ انسان گناہوں، معصیتوں، خواہشات کا ارتکاب کرنا چاہتا ہے اور اخلاق و شریعت کے حدود کو توڑتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ اس پر کوئی حدود و قیود اور تعزیر و سزا لاگو نہ ہو۔ چوتھا سبب یہ کہ انسان یہ چاہتا ہے کہ وہ گناہوں کا ارتکاب کرتا ہے اور اس کی اس مجرمانہ روش اور طور طریقوں کا دفاع اور حمایت کرنیوالا کوئی قانون اور کوئی جماعت موجود ہو جو اس کی وکالت کرے، اس کو حرام بتلائے جو اللہ تعالیٰ نے حلال قرار دیا ہے اور جس کو اللہ اور اس کے رسول نے حرام بتایا ہے اسے حلال قرار دے۔ یہ ساری باتیں فقہ حنفی میں موجود ہیں۔ یہ فقہ مجرم کا دفاع کرتا ہے اور حیلہ بازی سکھاتا

کما تروون فی فتاوی القاضی ابی یوسف وابی حنیفة لهذا یحتاج الیه الامراء والملوك والارذلاء و السوقة الذین صدق علیهم ابلیس ظنه فاتبعوه واتخذوا احبارهم و رهبانهم اربابا من دون الله. لهذا وجب علیّ ان اذکر ماذکرت نصحا للناس لیعلم المقلدون انهم لیسوا علی شیءٍ من دین الاسلام حتّٰی یتبعوا ما انزل الله تعالیٰ علیٰ رسولهٖ الکریم صلی الله علیه وسلم

ہے۔ جن اشیاء کو اللہ تعالیٰ نے حلال قرار دیا ہے ان کو حرام اور جن کو خدا تعالیٰ نے حرام بتایا ہے، ان کو حلال قرار دیتا ہے۔ جیسا کہ قاضی ابو یوسف اور ابو حنیفہ کے فتوے آپ نے اوپر ملاحظہ کیئے اس وجہ امراء، بادشاہ، اوباش اور بازاری لوگ جن پر ابلیس نے اپنا گمان سچا ثابت کیا، مجبور ہوئے اور انہوں نے فقہ حنفی کا اتباع کیا اور ان کے علماء، ملاں مولاناؤں کو خدا کو چھوڑ کر اپنا معبود بنالیا اس لئے میں نے اپنا یہ فرض سمجھا کہ لوگوں کو نصیحت اور خیر خواہی کروں تاکہ مقلدین کو معلوم ہو کہ جب تک وہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نازل کیا ہے، اس کی پیروی نہیں کرتے، دین اسلام سے ان کا کوئی واسطہ نہیں ہو سکتا۔

عورتوں کا متعہ

متعة النساء حرمها الله تعالیٰ و رسولهٗ لا تحل الی یوم القیٰمة. لها احادیث ناسخة فی الصحاح ستة وغیرها لاحاجة لذکرها هنا. بل نذکر نفس المسئلة التی حلت عند الشیعة و الاحناف. ففرق بینهم واضح لان الشیعة یقولون من تمتع فلهٗ ثواب عظیم عند الله تعالیٰ۔

لٰکن الاحناف لا یقولون بهٖ

عورتوں کے متعہ کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت تک حرام قرار دیا ہے جو کبھی حلال ہو ہی نہیں سکتا۔ اس کے منسوخ ہونے کے بارے میں صحاح ستہ وغیرہ میں احادیث موجود ہیں جن کا بیان ضروری معلوم نہیں ہوتا۔ بلکہ ہم نفس مسئلہ کا ذکر کرتے ہیں جسے شیعہ اور احناف نے حلال قرار دیا ہے۔ البتہ دونوں میں واضح فرق پایا جاتا ہے۔ کیونکہ شیعہ متعہ کرنے کو اللہ کے ہاں اجر عظیم کا موجب بتاتے ہیں لیکن احناف اس

بل تجوز عندهم فقط فلا ثواب و
لا اجر عليها عندهم۔

فنذكر متعة الشيعة اولا لانها
عندهم اعظم عبادة لا فسخ عنهم
خذلهم الله تعالى . فنذكر من
كتبهم الاحاديث المكذوبة الموضوعة
الساقطة عند النقاد لوجود المتعة
مقابلہ کرنا کیونکہ سنت (حدیث) والے کتاب اللہ کو سب سے زیادہ جانتے ہیں (دارمی) تو آپؓ نے اندھے مقلدین اور ارباب رائے پر رد کرتے ہوئے اور خواہشات کی پیروی سے منع کرتے ہوئے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کے احکام پر چلنے کی وصیت کی۔ اور اپنی اور نہ کسی اور شخص کی تقلید کرنے کا حکم نہیں دیا۔ امام ابن تیمیہ کتاب فرقان میں فرماتے ہیں کہ بخاری و مسلم میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان وارد ہے کہ تم سے پہلے کی قوموں میں محدث (ملہم) ہوا کرتے تھے، اگر میری امت میں کوئی محدث ہے تو وہ عمر ہیں اور ترمذی کی روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے عمر کی زبان اور ان کے قلب پر حق کو رواں کر دیا ہے اور اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر ہوتے۔ اور علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اس بات کو بعید نہیں سمجھتے تھے کہ سکینت عمر کی زبان پر بولتی ہے۔ دلائل النبوۃ بیہقی میں یہ روایت شعبی کے حوالہ سے ثابت ہے۔ ابن عمر فرماتے ہیں کہ جب کبھی عمر یہ کہتے کہ اس مسئلہ میں میری رائے یہ ہے تو اسی طرح ہو جاتا جیسے وہ کہتے۔

اور قیس بن طارق سے روایت ہے کہ ہم کہتے تھے کہ فرشتہ عمر کی زبان پر بولتا ہے۔

لسانه ملك وكان عمر يقول
اقتربوا فى افواه المطيعين و
اسمعوا منهم ما يقولون فانه يتجلى
لهم امور صادقة وهٰذه الامور
الصادقة التى اخبر بها عمر بن
الخطاب رضى الله عنه انها تتجلى
للمطيعين هى الامور التى يكشفها
الله عز وجل فقد ثبت ان اولياء
الله مخاطبات ومكاشفات و
افضل هٰؤلاء فى هٰذه الامة
بعد ابى بكر عمر بن الخطاب
فان خير هٰذه الامة بعد نبيها
ابوبكر ثم عمر وقد ثبت فى
الصحيح تعيين عمر بانه محدث
فى هٰذه الامة . فاى محدث و
مخاطب فرض فى امة محمد
رسول الله صلى الله عليه وسلم فعمر
افضل ومع هٰذا فكان عمر
رضى الله عنه يفعل ما هو الواجب
عليه فيعرض ما يقع له على
ما جاء به الرسول صلى الله عليه وسلم
فتارة يوافقه فيكون ذلك

عمر فرماتے ہیں - نیک لوگوں کی باتیں تم خود ملبہ ہو کر
سنا کرو کہ وہ کیا کہتے ہیں - کیونکہ سچی باتیں ان پر روشن
ہو جاتی ہیں اور یہ سچی باتیں جن کی حضرت عمر رضی اللہ
عنہ بھی خبر دیا کرتے تھے ان باتوں کو اللہ نیک اور
فرمانبردار لوگوں پر منکشف کر دیتا ہے کیونکہ یہ بات
پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ جو لوگ اللہ کے دوست
ہوتے ہیں ان کو الہامات اور مکاشفات و مخاطبات
ہوا کرتے ہیں۔

اور اس امت میں ابوبکر صدیق کے بعد سب سے
افضل عمر فاروق ہیں - کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
بعد سب سے بہتر ابوبکر اور پھر عمر ہیں (رضی اللہ عنہما)
بخاری کی صحیح حدیث میں اس بات کی تعیین بھی
ہو چکی ہے کہ عمر فاروق اس امت کے محدث
(ملہم) ہیں۔

لہٰذا اس امت کے اندر جس کو بھی محدث ملہم
اور مخاطب قرار دیا جائے گا، لامحالہ طور پر وہ حضرت
عمر رضی اللہ عنہ ہی ہیں اور وہی اس کے لئے اہل و
افضل اور موزون ہیں - اس کے باوجود حضرت عمر وہی
کرتے تھے جو ان کا فرض بنتا تھا - وہ اپنی ہر بات اور
ہر مسئلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کر دیتے تھے
تو کبھی حضرت عمر کی رائے اور بات اللہ اور اس
کے رسولؐ کے موافق ہو جاتی تو یہ چیز ان کے

من فضائله كما نزل القرآن
بموافقته غير مرة و تارة
يخالفه فيرجع عمر عن
ذٰلك كما رجع يوم الحديبية
لما كان رأيه بمحاربة المشركين
والحديث معروف فى البخارى
وغيره. فان النبى صلى الله عليه وسلم
اعتمر فى سنة ست من الهجرة
ومعه مسلمون نحو الف واربع
مائة وهم الذين بايعوا تحت
الشجرة. وكان قد صالح المشركين
بعد مراجعة جرت بينه و
بينهم على ان يرجع فى ذٰلك
العام ويعتمر من العام القابل
وشرط لهم شروط فيها
نوع غضا على المسلمين فى
الظاهر فشق ذٰلك كثيرًا
من المسلمين وكان الله و
رسوله اعلم واحكم بما فى
ذٰلك من المصلحة وكان
عمر فيمن كره ذٰلك
حتى قال للنبى صلى الله عليه وسلم

فضائل میں شمار ہوتی۔ جس طرح متعدد بار قرآن
ان کی رائے کے مطابق نازل ہوا۔ اور جب ان کی
رائے خدا اور رسول کی مرضی کے خلاف واقع ہوجاتی
تو وہ اپنی رائے سے رجوع فرما لیتے تھے، جس طرح
کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر انہوں نے اپنی رائے سے
رجوع کر لیا کیونکہ ان رائے یہ تھی کہ مشرکین کے ساتھ
جنگ کی جائے۔ اس ضمن میں بخاری وغیرہ میں حدیث
مشہور ہے۔ چنانچہ ۶ھ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کا
احرام باندھ کر نکلے۔ ۱۴۰۰ کے لگ بھگ اصحاب رضؓ آپ
کے ساتھ تھے۔ جنہوں نے درخت کے نیچے آپؐ کے
ساتھ بیعت کی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طویل مذاکرات
کے نتیجے میں اس بات پر مشرکوں کے ساتھ صلح فرمائی
کہ اس سال آپ واپس چلے جائیں اور اگلے سال
آکر عمرہ کریں۔ ان سے جو شرائط طے ہوئیں ان سے
بظاہر مسلمانوں کی کمزوری ظاہر ہوتی تھی اور یہ بات
مسلمانوں کو بہت ناگوار گذری۔ لیکن اللہ اور
اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس صلح کی مصلحت
اور حکمت کو زیادہ جانتے اور جانتے تھے
اور اس صلح کی مخالفت کرنے میں حضرت عمر
پیش پیش تھے۔ حتیٰ کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم سے کہا کہ "کیا ہم حق پر نہیں اور ہمارا دشمن
باطل پر نہیں ہے؟"

يارسول الله! السنا بالحق وعدونا
على الباطل؟ قال بلى! قال
افليس قتلانا فى الجنة وقتلاهم
فى النار؟ قال بلى! قال فعلام
نعطى الدنية فى ديننا؟ فقال
النبى صلى الله عليه وسلم انى رسول
الله وهو ناصرى ولست اعصيه ثم
قال افلم تكن تحدثنا انا ناتى
البيت ونطوف به؟ قال بلى! قال
افقلت لك انك تاتيه العام؟
قال لا. قال انك اتيه ومطوف
به فذهب عمر الى ابى بكر
فقال له مثل ما قال للنبى
صلى الله عليه وسلم ورد عليه ابو
بكر مثل جواب النبى صلى
الله عليه وسلم ولم يكن يسمع جواب
النبى صلى الله عليه وسلم فكان ابوبكر
اكمل موافقة لله وللنبى
صلى الله عليه وسلم من عمر وعمر
رجع عن ذلك وقال فعملت
لذلك اعمالا وكذلك لما مات
النبى صلى الله عليه وسلم انكر
عمر موته اولا. فلما قال

آپؐ نے جواب دیا "بالکل یہی بات ہے"۔
حضرت عمرؓ نے جو کہا کہ (یارسول اللہ!) کیا ہمارے
مقتولین جنت میں اور ان کے دوزخ میں نہیں جائیں
گے؟ فرمایا کہ "بالکل یہی بات ہے" عرض کی کہ
آخر پھر کس لئے اپنے دین میں ہم ان کے سامنے یہ
ذلت اختیار کریں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد
فرمایا کہ "میں اللہ کا رسول ہوں، وہی میرا مددگار
ہے اور میں اس کی نافرمانی کرنے والا نہیں ہوں"۔
پھر حضرت عمر بولے۔ "کیا آپؐ ہم سے نہیں فرمایا کرتے
تھے کہ ہم بیت اللہ کے اندر داخل ہوں گے اور اس کا
طواف کریں گے؟" فرمایا "ہاں!" پھر فرمایا "کیا میں
نے یہ کہا تھا کہ تم لوگ اسی سال بیت اللہ میں آؤ گے؟"
حضرت عمرؓ نے کہا "نہیں" ارشاد فرمایا "(بہرحال تم خانۂ
خدا میں آؤ گے اور اس کا طواف کرو گے"۔

اس کے بعد عمرؓ ابوبکرؓ کے پاس آئے اور ان سے
بھی وہی کہا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا
اور ابوبکرؓ نے بھی بن سنے بعینہٖ وہی جواب دیا جو نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا۔ اس وجہ سے ابوبکرؓ عمرؓ کے
مقابلہ میں، اللہ اور اس کے رسولؐ کے زیادہ موافق تھے
اور عمرؓ نے اپنی اس رائے سے رجوع کر لیا خود فرماتے
ہیں اس طرز عمل کے کفارہ کے طور پر میں نے بہت سی نیکیاں
کیں۔ اسی طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا
تو شروع میں حضرت فاروقؓ نے اس کا انکار کیا۔ پھر

ابوبکر انہ تدمات رجع عن ذٰلك وكذٰلك فى قتال مانعى الزكوٰة قال عمر لابى بكر كيف تقاتل الناس وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أمرتُ ان اقاتل الناس حتّٰى يشهدوا ان لا اله الا الله وانى رسول الله. فاذا فعلوا ذٰلك عصموا منى دمائهم واموالهم الا بحقها.

فقال له ابوبكر رضى الله عنه الم يقل " الا بحقها "؟ فان الزكوٰة من حقها. والله! لو منعونى عُناقا كانوا يؤدونها رسول الله صلى الله عليه وسلم لقاتلتهم على منعها قال عمر فوالله! ماهو الا ان رأيت الله قد شرح صدر ابى بكر للقتال فعلمت انه الحق.

ولهٰذا نظائر تبين تقدم ابى بكر على عمر مع ان عمر محدث فان مرتبة الصديق فوق مرتبة المحدث لان الصديق يتلقى عن الرسول المعصوم كل مايقوله و فعله و المحدث ياخذ عن قلبه

جب ابوبکرؓ نے ان کو سمجھایا کہ فی الواقع آپ نے انتقال فرمالیا ہے تو اپنی بات سے رجوع کرلیا۔ اسی طرح مانعین زکوٰۃ سے قتال کے مسئلہ میں عمرؓ نے ابوبکرؓ سے کہاکہ آپ ان لوگوں سے کیونکر جہاد کرسکتے ہیں، حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ وہ لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دیں۔ پھر جب وہ اس کا اقرار کرلیں تو میری طرف سے ان کے خون اور ان کے اموال کی حفاظت ہوگی، مگر اس کے حق کے ساتھ۔

حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ "کیا آپؐ نے یہ نہیں فرمایا کہ مگر اس کے حق کے ساتھ؟" تو تحقیق زکوٰۃ بھی اس کا حق ہے۔ خدا کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ لوگ زکوٰۃ کے وقت جانور کے ساتھ جو رسی دیتے تھے مجھے وہ بھی نہ دیں تو بھی میں ان سے لڑوں گا۔ عمرؓ فرماتے ہیں خدا کی قسم! میں سمجھ گیا کہ اللہ تعالیٰ نے قتال کے لئے ابوبکر صدیق کے قلب کو کھول دیا پھر میں نے جان لیا کہ یہی بات حق ہے۔

ان شواہد کی وجہ سے ابوبکرؓ کی فضیلت عمرؓ پر ثابت ہوتی ہے۔ باوجود اس کے کہ عمرؓ محدث وملہم تھے۔ کیونکہ صدیق کا مرتبہ محدث سے برتر ہے۔ کیونکہ صدیق براہ راست رسولِ معصوم سے استفادہ اور فیض لیتے ہیں جو بھی آپؐ فرماتے یا کرتے تھے۔ لیکن محدث

اشیاء و قلبه لیس بمعصوم فیحتاج
ان یعرضه علیٰ ما جاء به النبی
صلی اللہ علیه وسلم ولهذا کان
عمر رضی الله عنه یشاور الصحابة
رضی الله عنهم و یناظر و یرجع
الیهم فی بعض الامور و ینازعونه
فی اشیاء فیحتج علیهم و
یحتجون علیه بالکتاب والسنة
ویقرهم علیٰ منازعته ولا یقول
لهم انا محدث ملهم مخاطب
فینبغی لکم ان تقبلوا منی و
لا تعارضونی. فای احد ادعیٰ
او ادعیٰ له اصحابه انه ولی الله
وانه مخاطب یجب علیٰ اتباعه ان
یقبلوا منه کل ما یقوله و لا
یعارضوه و یسلموا له حاله من
غیر اعتبار بالکتاب والسنة
فهو وهم مخطئون و مثل
هذا اضل الناس. فعمر بن
الخطاب رضی الله عنه افضل منه
و امیر المؤمنین وکان المسلمون
ینازعونه و یعرضونه ما یقول و
هو وهم علیٰ الکتاب والسنة

اپنے قلب سے اشیاء اخذ کرتا ہے حالانکہ دل معصوم
نہیں ہوتا اس وجہ سے وہ مجبور ہے کہ وہ اپنی ہر بات
کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم (کے معیار حق وصداقت) پر پیش
کرے۔ اسی وجہ سے عمرؓ صحابہ کرامؓ سے مشورہ فرماتے
تھے اور ان سے بحث وتمحیص کرتے اور بعض معاملات
میں ان کی بات مان لیتے تھے، صحابہ کرام ان کے
ساتھ بہت سی باتوں اور مسائل میں حجت بازی فرماتے
تھے اور فریقین اپنی بات کے حق میں قرآن وسنت
سے دلیل پکڑتے تھے اور عمر ان کے استدلال اور
حجت بازی سے خوش ہوتے تھے۔ اور ان سے
یہ نہیں کہتے تھے کہ میں تو محدث وملہم ہوں، تم پر
لازم ہے کہ میری بات مانو اور میرے ساتھ دلیل
بازی مت کرو۔ پس جو شخص بھی دعویٰ خود کرے یا
اس کے دوست احباب دعویٰ کریں کہ (فلاں تو) اللہ
کا ولی ہے، اس پر انکشافات اور الہامات ہوتے ہیں
اس کے مریدوں اور شاگردوں پر لازمی ہے کہ ہر بات
میں بلا چون وچرا اس کا اتباع کریں اور کتاب و
سنت پر پرکھے بغیر اس کے آگے سر تسلیم خم کردیں
تو ایسا آدمی اور اس کے ماننے والے خطاء پر ہیں
بلکہ اس قماش کے لوگ پرلے درجے کے گمراہ ہیں۔
کیونکہ حضرت عمرؓ اس سے بدرجہا افضل ہیں
وہ امیر المؤمنین تھے۔ مسلمان ان کے ساتھ (مسائل
میں) معارضہ اور حجت بازی کرتے رہتے تھے اور دونوں

قد اتفق سلف الامة و ائمتها
على ان كل احد يؤخذ من قوله
ويترك الا رسول الله صلى الله
عليه وسلم وهذا من اهم الفرق
بين الانبياء وغيرهم. فان الانبياء
صلوات الله عليهم اجمعين وسلامه
يجب لهم الايمان بجميع ما
يخبرون به عن الله عزوجل
وتجب طاعتهم في كل ما يؤمرون
بخلاف الاولياء فانهم لا
تجب طاعتهم في كل ما يؤمرون به
ولا الايمان بجميع ما يخبرون
بل يعرض امرهم وخبرهم
على الكتاب و السنة. فما وافق
الكتاب والسنة وجب قبوله
وما خالف الكتاب والسنة مردود
وان كان صاحبه من اولياء الله
وكان مجتهدا معذورا فيما قاله
له اجر على اجتهاده ولكنه
اذا خالف الكتاب والسنة كان
مخطئا وكان من الخطأ المغفور
اذا كان صاحبه قد اتقى الله ما
استطاع فان الله تعالى يقول: فَاتَّقُوا

اپنی ہر بات کو قرآن وسنت پر پیش کرتے تھے۔
امت کے سلف صالحین اور ان کے ائمہ کا اس
بات پر اتفاق ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
سواء ہر آدمی کا قول اختیار بھی کیا جائے گا اور اسے
چھوڑا بھی جائیگا۔ اور انبیاء اور غیر انبیاء کے
درمیان یہ بنیادی فرق ہے۔ کیونکہ انبیاء کرام علیہم
السلام والصلوٰۃ اجمعین کی ان تمام باتوں پر جن
کی وہ اللہ عزوجل کی طرف سے خبر دیتے ہیں ایمان
لانا فرض ہے اور جو بھی وہ حکم دیتے ہیں ان کی
اطاعت بجالانا فرض عین ہے۔ اس کے برعکس
اولیاء اللہ کی ان تمام امور میں جس کا وہ حکم دیں نہ
اطاعت واجب ہے اور نہ ہی ان کی بیان کردہ ہر
بات پر یقین [illegible]نا اور ایمان لانا واجب ہے۔ بلکہ
ان کا ہر حکم اور ہر بات کتاب وسنت پر پیش کی جائے
گی تو جو قرآن وسنت کے مطابق ہوگی اس کا
قبول کرنا واجب ہوگا اور جو ان کے برخلاف ہوگی
اسے مردود قرار دیا جائے گا۔ اگرچہ ایسا شخص اولیاء
اللہ میں سے ہو۔ البتہ وہ اپنی بات میں معذور ہوگا۔
اور اس پر اسے اجر ملے گا۔ لیکن اس کی بات جب
کتاب وسنت کے مخالف ہوتو وہ مجتہد خطا پر ہوگا اور
اپنی اس خطاء پر مغفور بھی ہوگا، جبکہ اس نے حسب
استطاعت تقویٰ اختیار کی ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے: (ترجمہ) تو تم اللہ سے ڈرتے رہو

ما استطعتم وهذا تفسير قوله
تعالى: يا ايها الذين امنوا اتقوا
الله حق تقاته. قال ابن مسعود
وغيره حق تقاته ان يطاع فلا يعصى
وان يذكر ولا ينسى وان يشكر
ولا يكفر. اى بحسب استطاعتكم
فان الله تعالى لا يكلف نفسا الا وسعها
تمت عبارة الفرقان.

اقول هذا عمر واصحاب
النبی صلى الله عليه وسلم لا يقلد احد
احدا وكانوا كلهم يرجعون الى
الكتاب والسنة تاركين تقليد
غيرهم غير مقلدين لاحد فكيف
يقلد من جاء بعدهم ومع بعد
مذهبه عن الادلة الشريعة يؤول
الكتاب على غير ما انزل والسنة
على غير ما وردت فيجب ترك
تقليده كائنا من كان. وقال ولى
الله الدهلوى فى الانصاف فى
بيان اسباب الاختلاف قال ابن
عمر رضى الله عنهما لا تسئل عما
لم يكن فانى سمعت عمر بن الخطاب
رضى الله عنه يلعن من سأل عما

جس قدر تمہارے اندر استطاعت ہو اور آیت الٰہی
باری کی تفسیر ہے (ترجمہ) ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسا
خوب ہے اتنا ڈرو۔ ابن مسعود فرماتے ہیں کہ "جس قدر اللہ
تعالیٰ سے ڈرنے کا حق ہے" کا مطلب یہ ہے کہ اللہ
کی اطاعت کی جائے پھر اس کی نافرمانی نہ کی جائے
یا یہ کہ اس کو یاد کیا جائے اور اسے بھلایا نہ جائے
اس کا شکر کیا جائے اور اس کا کفر نہ کیا جائے
یعنی اپنی استطاعت کے مطابق۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ
استطاعت سے زیادہ کسی کو مکلف نہیں بناتا۔
"فرقان" کی عبارت تمام ہوئی۔

میں کہتا ہوں کہ یہ حال ہے سیدنا عمر فاروق کا
اور اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کوئی کسی
کی تقلید نہیں کرتا تھا۔ سب کتاب اللہ اور سنت
رسول کی طرف مراجعت کرتے تھے۔ دوسروں کی
تقلید چھوڑ کر اور غیر مقلد بن کر۔ تو پھر آخر بعد
میں آنے والے لوگوں کی تقلید فرض کیسے ہو گئی؟
بالخصوص ان کی تقلید جن کا مذہب و مسلک شرعی دلائل
سے دور ہے اور قرآن و سنت میں ایسی تاویلات کرتے
ہیں جن کا شریعت اور حقیقت سے واسطہ بھی نہیں ہوتا
لہذا ایسے کی تقلید چھوڑنا واجب ہے، خواہ کوئی بھی
ہو۔ شاہ ولی اللہ اختلافات کے اسباب کا بیان
کرتے ہوئے انصاف میں فرماتے ہیں۔ "ابن عمر رض
فرماتے ہیں کہ وہ مسئلہ ہی مت پوچھو جو وجود میں

لہ یکن. فاقول یجب علے المقلدین ان لا یتبعون دواوین الفقه التی دونت علے الاکاذیب التی فرضت من الفقهاء لیست لها اصل ولا سأل من الانسان ولا نزل علیها ایة القرآن وماوردت لها الاحادیث من رسول الانس والجان بل هی هفوات الفقهاء علمهم الشیطان و اوحی الیهم لهذا یلعن عمر رضی الله عنه من یخترع ویفتری و یسئل عن اشیاء مالم تظهر ولم توجد ولا یمکن ان توجد کما فی الفقه الحنفی۔ وقال ولی الله فی الانصاف: فنشأت بعدهم قرون علی التقلید الصرف لا یمیزون الحق من الباطل ولا الجدل من الاستنباط فالفقیه یومئذ الثرثار المتشدق الذی حفظ اقوال الفقهاء قویها وضعیفها من غیر تمیز وسردها بشقشقة شدقیه و المحدث من عد الاحادیث صحیحها وسقیمها و هذها بقوة لحییه ولا اقول ذلك

نہیں آیا۔ کیونکہ میں نے عمر بن خطاب کو ایسے آدمی پر لعنت کرتے سنا ہے جو ایسا مسئلہ پوچھے جو وجود میں نہیں آیا۔ اسی وجہ سے میں (مصنف) کہتا ہوں کہ مقلدین پر لازم ہے کہ وہ فقہ کے دفتروں کا اتباع کرنا چھوڑ دیں کیونکہ وہ فقہاء کی فرض کی ہوئی جھوٹی اور خود ساختہ باتوں کی بنا پر مدون کئے گئے ہیں، جن کی کوئی اصل نہیں ہے اور نہ اس کے بارے میں کسی انسان نے کوئی مسئلہ دریافت کیا اور نہ ہی قرآن کی کوئی آیت اور کوئی حدیث شریف رسول انس وجان نے بیان فرمائی ہے، بلکہ یہ فقہاء کی اپنی ہفوات ہے جس کی شیطان نے انہیں تعلیم دی ہے اور اس نے ہی یہ باتیں ان کی طرف وحی کی ہیں، اسی وجہ سے عمر فاروق اس پر لعنت کرتے تھے جو نئی باتیں اختراع کر کے جھوٹی باتیں تراشتا ہے اور ان مسائل کے بارے میں دریافت کرتا ہے جو نہ ظہور میں آئے ہیں نہ وجود پذیر ہوئے ہیں اور نہ ان کا وجود ممکن ہے جس طرح کہ فقہی حنفی میں ان فرضی باتوں کی بھرمار ہے۔ شاہ ولی اللہ انصاف میں رقمطراز ہیں " ان کے بعد ایسی جماعتیں وجود میں آئیں جن کی نشو ونما تقلید پر ہوئی۔ جو حق و باطل میں فرق نہیں کر سکتے تھے۔ اور نہ ہی جدل بحث وتمحیص کو استنباط سے الگ کر سکتے تھے۔ پس آج فقیہ وہ ہے جو بکواس زیادہ کرتا ہے، باچھیں کھول کر بحث کرتا ہے، فقہاء کے اقوال رٹ لیتے ہیں جن کے قوی اور

كليا مطردا فان لله طائفة من
عباده لا يضرهم من خذلهم
ولهم حجة الله فى ارضه و
ان قلوا ولم يأت قرن بعد
ذلك الا وهو اكثر فتنة و
اوفر تقليدا و اشد انتزاعا
للامانة من صدور الرجال
حتى اطمأنوا بترك الخوض
بامر الدين و بان يقولوا اِنَّا
وَجَدْنَا اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا
عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ. تمت
عبارات الانصاف.

فاقول يكون المدرس فى
هذا الزمن المقلد الحنفى الفقيه
جامع العلوم والفنون وكاملها
الذى يؤول آيات قرانية مطابقا
لمذهبه ولو كان منطوق الآيات
غيره ويؤول الاحاديث الصحيحة
مطابقا للاقوال الفقهاء ولو
كان مصداقها غيره ويرد
على الامام الشافعى ردا غليظا
شنيعا ويرجح مذهبه الباطل
على الآيات الكريمة والاحاديث

اور ضعیف کی کوئی تمیز نہیں ہے اور ان
زبان کی فصاحت سے کترنی کی طرح چلاتا ہے
ہیں محدث وہ ہے جس نے چند صحیح اور ضعیف
احادیث کو رٹ کر اپنی قوت زبان سے اس
کرنا سیکھ لیا ہو۔ میں اسے قاعدہ کلیہ نہیں بنا
بندوں میں سے ایک گروہ ایسا ہوتا ہے جن کو
ضرر دیگا اور نہ رسوا کر سکتا ہے۔ ایسے لوگ اگر
ہوں، اللہ کی زمین میں ان کو حجت ہوتی ہے
بھی زمانہ آتا ہے، پہلے کے مقابلہ میں وہ فتنہ
سے زیادہ، تقلید میں بدتر اور لوگوں کے دلوں سے
سلب کرنیکے لحاظ سے سنگین تر ہوتا ہے، یہاں تک
دین میں اجتہاد کو چھوڑ کر بیٹھ گئے اور کہنے لگے کہ
نے اپنے آباؤ اجداد کو ایک دین پر پایا ہے ہم تو ان کے ہی
پر گامزن ہیں "انصاف" کی عبارت پوری ہو
میں کہتا ہوں کہ آج کل مدرس اور محقق وہ ہوتا ہے، جو
حنفی کا مقلد، مختلف علوم و فنون کا ماہر ہو اور آیات
قرآنی کی دور از کار تاویلات کر کے ان کو اپنے مذ
کا تابع بنادے اگرچہ ان آیات کا مدلول دوسرا ہو۔
طرح جو صحیح احادیث کو اپنے فقہاء کے اقوال کے مطا
ڈھال دے اگرچہ ان کا مصداق دوسرا ہو۔ اور امام ش
پر نہایت قبیح ترین الفاظ میں تنقید کرنیوالا ہو
اپنے باطل مذہب کو قرآن کی آیات اور احادیث
صحیحہ پر بھی ترجیح دینے والا ہو۔

الصحيحة كما قال الشيخ الكرخي الحنفي في اصوله: كل اية او حديث خالف ماعليه اصحابنا فهو مؤول او منسوخ. وقالوا ايضاً كل اية تخالف ماعليه اصحابنا فهي مؤولة اومنسوخة وكل حديث كذالك فهو مؤول او منسوخ. (التاريخ التشريعي الاسلامي ص ۲۴۴ مطبوعة الاستقامة بالقاهرة)

جس طرح شیخ کرخی حنفی اپنے اصول میں بیان کرتے ہیں "ہر آیت یا حدیث جو ہمارے اصحاب (احناف) کے نظریات و آراء سے متصادم ہو اسے قابل تاویل یا منسوخ سمجھا جائے گا"

نیز "ہر آیت جو ہمارے احناف کے اصولوں سے متصادم ہو تو وہ مؤول ہے یا منسوخ اور اسی طرح جو بھی حدیث ہمارے خلاف ہو اسے بھی مؤول یا منسوخ قرار دیا جائے گا۔ (تاریخ تشریع اسلامی ص۲۴۴ مطبوعہ الاستقامت قاہرہ)

فهذا المدرس عند الاحناف مدرس كامل لانظير له ولاند ولامثل له ولامثال في الهند و الباكستان لاني جربتهم ايام التعليم وايضا لا يخفى على من له مخالطة بالمدارس الحنفية. وقال ولي الله في الانصاف: روى عن عمر و علي و ابن عباس و ابن مسعود رضي الله عنهم في كراهية التكلم فيما لم ينزل. وعن شريح ان عمر بن الخطاب رضي الله عنه كتب اليه ان جاءك شئ في كتاب الله فاقض به ولا يلتفتك عنه الرجال فان جاءك ماليس في

تو احناف کا یہ ہے مدرس، مدرس کامل، جس کی نہ کوئی نظیر ہے نہ کوئی ثانی ہے اور نہ مثل اور نہ ہی مثال ہندوستان اور پاکستان میں۔ کیونکہ تعلیم کے زمانہ میں میں نے اس کا تجربہ کیا اور جن لوگوں کو احناف کے مدارس سے واسطہ پڑا ہے ان سے بھی یہ بات مخفی نہیں ہوگی اور شاہ ولی اللہ" انصاف" میں فرماتے ہیں کہ "عمر، علی، ابن عباس اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ وہ ایسی بات میں تکلم کو ناپسند جانتے تھے جو واقع نہیں ہوئی۔ اور قاضی شریح سے روایت ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف لکھا۔ اگر تمہارے پاس کتاب اللہ میں سے کوئی بات آئے تو اس کے مطابق فیصلہ کردے اور لوگ اس سے تمہیں بھٹکا نہ دیں۔ اور اگر تمہارے پاس کوئی ایسا مسئلہ آئے

كتاب الله فانظر سنة رسول الله
صلى الله عليه وسلم فاقض بها. فان
جاءك ما ليس فى كتاب الله ولم
يكن فيه سنة رسول الله صلى الله
عليه وسلم فانظر فاجتمع الناس
عليه فخذ به. فان جاءك ما ليس
فى كتاب الله ولم يكن فيه سنة
رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يتكلم
فيه احد قبلك فاختر اى الامرين
شئت. ان شئت ان تجتهد برأيك
ثم تقدم فتقدم. وان شئت ان
تتاخر فتاخر. ولا ارى التاخير
الا خيرا لك.

وقال عمر حين بعث رهطا
من الانصار الى الكوفة انكم
تأتون الكوفة فتاتون قوما لهم
ازيز بالقرآن فيأتونكم فيقولون
قدم اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم
قدم اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم
فيأتونكم فيسألونكم عن
الحديث فاقلوا الرواية عن رسول
الله صلى الله عليه وسلم وكان عمر اعلم
الناس. لكن تارة لا يحفظ آية

کتاب اللہ میں نہیں ہے تو سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم میں نظر کر اور اس کے مطابق فیصلہ کرنا۔ پھر اگر
تمہارے پاس کوئی ایسا معاملہ آئے جو کتاب اللہ اور
سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں میں اس کا حل
موجود نہ ہو تو دیکھ لو آیا لوگوں کا اس پہ اجماع عمل
میں آیا ہے تو اس پر فتویٰ دو۔ لیکن کوئی ایسا مسئلہ
درپیش ہوا ہو، جس کا حل نہ کتاب اللہ کے اندر
ہے اور نہ سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اور
نہ ہی تم سے پہلے کسی نے اس میں کوئی بات کی ہے
تو دو باتوں میں سے تمہیں اختیار رہے، جس کو چاہو
اختیار کر لو۔ اگر چاہو تو اپنی رائے کے ساتھ اجتہاد
کر کے پھر آگے کی جانب پیش قدمی کر لو اور اگر
چاہو تو تاخیر سے کام لو اور (جلد بازی کی بجائے)
تاخیر میں ہی میں تیرے لئے خیر دیکھتا ہوں۔

اور عمرؓ نے جب انصار کے ایک گروہ کو
کوفہ روانہ کیا تو انہیں کہا کہ تم لوگ کوفہ جا رہے ہو
اور ایسی قوم کی طرف جا رہے ہو، جن کے اندر قرآن
کا ہیجان ہے۔ پس یہ لوگ تمہارے پاس آئیں گے
اور کہیں گے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابؓ
آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب آئے۔
تو تمہارے پاس آئیں گے اور تم سے حدیث کے بارے
میں سوال کریں گے۔ لہذا رسول اللہ کی حدیث ان کو کم
بتانا۔ حضرت عمرؓ لوگوں میں سب سے بڑے عالم تھے لیکن

او حديثا. فيذهب خلافهما ولكن اذا ذكر رجع. ونقل ابن قيم عن ابن حزم حاصلهٗ انهٗ قد يحفظ الانسان الحديث ولا يحضرهٗ ذكرهٗ فيفتى بخلافه وقد يعرض هٰذا فى القرآن الا ترى ان عمر نهى ان يزداد فى المهر على عدد مهر ازواج النبى صلى الله عليه وسلم حتى ذكرته امرأة بقول الله تعالٰى: ﴿اٰتَيْتُمْ اِحْدٰهُنَّ قِنْطَارًا﴾ فترك قولهٗ وقال كل واحد اعلم من عمر وكذالك امر عمر برجم امرأة وولدت بستة اشهر فذكر على رضى الله عنهم ﴿وَحَمْلُهٗ وَفِصَالُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا﴾ مع قوله تعالٰى: ﴿وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ﴾. فرجع عن الامر برجمها.

وهمّ ان يبسط بعيينة بن حصن اذا جفا عليه حتى ذكرهٗ الحر بن قيس بقوله تعالٰى: ﴿وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ﴾ فامسك و انكر موته صلى الله عليه وسلم حتى

کبھی کوئی آیت یا حدیث ذہن سے نکل جاتی تھی تو اس کے خلاف ہو جاتے لیکن جب اسے یاد کر لیتے تھے تو رجوع فرما لیتے۔ ابن قیم ابن حزم سے نقل فرماتے ہیں، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کو کوئی حدیث معلوم تو ہوتی ہے لیکن وہ یاد نہیں رہتی تو اس کے خلاف فتویٰ دے دیتا ہے اور وہ فتویٰ قرآن کے بھی خلاف ہوتا ہے۔ کیا آپ نہیں جانتے کہ حضرت عمرؓ نے ممانعت کر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات سے زیادہ مہر نہ دیا جائے۔ حتّٰی کہ ایک عورت نے ان کو یہ فرمان باری یاد دلایا (ترجمہ) "تم نے عورتوں کو ڈھیر سا مال دیا ہو" تو اپنا قول چھوڑ دیا اور کہا کہ عمرؓ سے تو ہر آدمی علم میں بڑھ کر ہے۔ اسی طرح حضرت عمرؓ نے اس عورت کو رجم کرنے کا حکم دیا جس نے چھ ماہ میں بچہ کو ولادت دی۔ حضرت علیؓ نے اللہ کا ارشاد (ترجمہ) اس بچہ کا حمل اور دودھ چھڑانے کا زمانہ ۳۰ ماہ ہے"، نیز یہ فرمان باری (ترجمہ) "اور اولاد کو ان کی مائیں پورے دو سال دودھ پلائیں" یاد دلایا تو عمرؓ نے عورت کو سنگسار کرنے کا حکم واپس لے لیا۔ اور انھوں نے عیینہ بن حصن کی نکتہ چینی کے جواب میں اسے سزا دینے کا ارادہ کیا تو حرّ بن قیس نے یہ فرمان باری یاد دلایا (ترجمہ) اور جاہلوں سے درگذر کیجئے۔ اس پر رک گئے۔ اور رسول اللہ

قرأ عندهٗ قولهٗ: إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَّيِّتُونَ. فرجع عن ذلك وقد كان عندهٗ علم الآيات لكن نسيها لعظم الخطب الوارد عليهم وكان علم التيمم للجنب عند العمار وغيره وغاب عن عمر وابن مسعود وتوقيت الاستيذان عند ابى موسىٰ و إبى سعيد و ابىّ وغاب عن الفاروق رضى الله عنهم وخفى على عمر توريث امرأة من دية زوجها حتّى اخبرهٗ رجل من اهل البادية وخفى عليه حديث اخذ الجزية من المجوس حتى اخبرهٗ عبدالرحمٰن بن عوف و كان لا يرى التطييب عند الاحرام ولا بعد رمى الجمرة قبل طواف الفرض و قد صح جواز ذلك عن النبى صلى الله عليه وسلم وكان يرى عدم التوقيت فى المسح على الخفين وقد صح فى التوقيت الاحاديث وهٰذا الباب واسع لكن المنقول من غير الصحابة اكثر من ان تحصىٰ.

صلی اللہ علیہ وسلم کے موت کا انکار کیا۔ یہاں تک کہ ان پر آیت پڑھی گئی (ترجمہ) اے نبیؐ! بیشک آپ بھی مرنے والے ہیں اور یہ مشرکین بھی مرنے والے ہیں۔ پھر اپنی بات سے رجوع کر لیا۔ ان آیات کا آپؓ علم تو رکھتے تھے لیکن ان پر وارد عظیم حوادث کی وجہ سے ان کو بھول جاتے تھے۔ اور جُنبی کے لئے تیمم کا علم عمارؓ وغیرہ کے پاس تھا جبکہ عمرو ابن مسعود کے پاس نہ تھا۔ اور اجازت لینے کے اوقات کا مسئلہ ابوموسیٰ، ابوسعید اور ابیّ کے پاس تھا لیکن فاروق اس سے نا آشنا تھے۔ رضی اللہ عنہم۔ اپنے شوہر کی دیت سے عورت کو میراث دینے کا مسئلہ حضرت عمرؓ کو معلوم نہ تھا یہاں تک ایک بدوی نے خبر دی۔ مجوسیوں سے جزیہ لینے کے بارے میں حدیث ان پر مخفی ہوگئی۔ یہاں تک کہ عبدالرحمٰن بن عوف نے اس کی خبر دی۔ احرام اور جمرہ کو کنکریاں مارنے کے بعد خوشبو لگانے کے قائل نہ تھے۔ جبکہ طواف فرض سے پہلے اس کا جواز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور آپ موزوں پر مسح کے بارے میں عدم توقیت کے قائل تھے۔ حالانکہ احادیث میں توقیت کی دلالت ثابت ہے۔ اور یہ باب کافی وسیع ہے۔ بالخصوص غیر صحابہ کے بارے میں ایسے لاتعداد مسائل منقول ہیں۔

واذا اخفي على اعلام الامة بعض السنة فما ظن لمن بعدهم فمن اعتقد ان كل حديث صحيح بلغ كل فرد من الائمة واماما معينا فقد اخطأ خطا فاحشا وهٰذه الدواوين جمعت بعد انقراض الائمة لا يمكن انحصار الاحاديث فيها وليس كل من عنده هٰذهِ الدواوين يحيط بها علما. (انتهت عبارة الايقاف من محمد حيات السندي)

اقول هٰذا عمر خليفة المؤمنين فقيه الامة المفضل من لسان رسول الله صلى الله عليه وسلم وعن عرباض بن سارية قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين تمسكوا بها وعضوا عليها بالنواجذ (رواه احمد وابوداؤد والترمذي) فهٰذا عمر خليفة المؤمنين من الخلفاء الراشدين واحد العشرة المبشرة بالجنة فهولا يقلد لانه ليس

اور جب اکابرین امت سے بعض احادیث اور فرمان مخفی ہو گئے تو پھر بعد کے لوگوں کے بارے میں کیا گمان ہے؟ پس جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ ہر صحیح حدیث امت کے ہر فرد اور مخصوص امام تک پہنچی ہے تو وہ سخت غلطی میں مبتلا ہے۔ اور فقہ کے یہ دفاتر ائمہ کے زمانہ کے ختم ہونے کے بہت بعد جمع کئے گئے۔ جن میں تمام احادیث کا احاطہ ممکن ہی نہیں۔ اور نہ ہی ان لوگوں کے لئے جن کے یہ دفاتر موجود ہیں پورے علم کا احاطہ ممکن تھا۔

(کتاب "ایقاف"۔ محمد حیات سندی کی عبارت پوری ہوئی)

(مصنف کتاب ھٰذا) کہتا ہے کہ قرآن وحدیث کے بارے میں یہ طرز عمل تھا امیر المؤمنین، فقیہ الامت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی فضیلت دیئے گئے حضرت عمر فاروق اعظم کا۔ عرباض بن ساریہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے اوپر لازم پکڑو میری سنت اور ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت کو۔ اس سے چمٹ جاؤ اور نہایت مضبوطی سے اسے تھام لو۔ (احمد۔ ابوداؤد، ترمذی)

غور فرمائیے یہ ہیں عمر فاروق (کے فضائل) کہ امیر المؤمنین بھی ہیں، خلفاء راشدین میں سے بھی ہیں عشرہ مبشرہ میں سے بھی ہیں۔ اس کے باوجود ان کی تقلید نہیں ہوتی۔ کیونکہ آپ معصوم نہیں تھے۔

بمعصوم - فكيف يقلد الرجال جاؤوا من بعدهم قرونا ولا نعلم هل هؤلاء اعلم الامة او اجهلها وهل هم يعلمون كل حديث صحيح ام لا وهؤلاء اهل الاراء والاهواء كما ذكرت. كيف يقلدون في شرائع الاسلام الحلال والحرام والفرض والسنة لهذا يجب على المتدين الصالح ان يجتنب التقليد ويأخذ العلم من حيث اخذت الائمة.

پس جو لوگ کئی صدیاں بعد میں آئے، جن کے بارے میں ہم نہیں جانتے کہ وہ امت کے اندر سب سے زیادہ عالم ہیں یا سب سے زیادہ جاہل ہیں؟ اور یہ کہ کیا وہ ہر صحیح حدیث کو جانتے بھی ہیں، یا نہیں؟ نیز یہ کہ جیسا کہ میں نے اوپر بیان کیا کہ آیا وہ آراء اور خواہشات کے غلام تو نہیں تھے؟ تو آخر ایسے لوگوں کی تقلید کیسے روا ہوگی؟ اسلام کے احکام وارکان حلال وحرام، فرائض وسنت میں ان کی تقلید کیونکر کی جائے گی؟ لہذا دیندار اور صالح انسان پر واجب ہے کہ تقلید سے اجتناب کرے اور علم ان مأخذوں (قرآن وحدیث) سے لے جہاں سے ائمہ کرام نے لیا ہے۔

نجد قرن الشیطان والی حدیث کی تحقیق

قال المبتدعون المقلدون ان ما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان نجد قرن الشیطان هو اشارة الى الشيخ محمد بن عبد الوهاب النجدي واتباعه. لانهم من نجد وهم مصداق هذه الاحاديث كما قاله صراحة هارون الصباغ ساكن كهاوڑه من مضافات السابق الرياسة كچھ بهوج في كتابه البلاغ المبين ايضا قال المبتدعون الاخرون

بدعتی اور مقلدین کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک کہ "نجد شیطان کا سینگ ہے" یہ اشارہ شیخ محمد بن عبد الوہاب نجدی اور ان کے اتباع کی طرف ہے۔ کیونکہ یہ لوگ نجد کے رہنے والے تھے، اور یہی ان احادیث شریفہ کے مصداق ہیں جس ہارون صباغ ساکن کھاوڑہ ریاست کچھ بھوج نے اپنی کتاب بلاغ مبین میں صراحت کے ساتھ لکھا ہے۔ دوسرے بدعتیوں نے بھی کسی نے صراحت کے ساتھ اور کسی اشارہ کے ساتھ اس کا ذکر کیا ہے۔ اور ان کی کتابیں وہابیوں کو گالیوں اور لعن

بعضهم صراحة وبعضهم كناية واشارة وكتبهم مملوئة من السب والشتم و اللعن والطعن على الوهابين وانا ابين هذا الامر من مصداق هذه الاحاديث فيكون القارى و الناظر البصير على بصيرة فيعرف من هو الموحد متبع السنة ناصر الملة ماحى البدعة وناصر الدين والمسلمين ويعرف من هو المبتدع الملحد المرجى الجهمى المسكين اليتيم الزمن فى الحديث ويرى السيف على امرآء المسلمين و اشدهم عليهم بقحبطة الطائى و المعارض للاحاديث ازدراء وتهاونا وها انا اذكر بعض الاوصاف ما ذكروا.

ففال هارون الصباغ "قرن الشيطان محمد بن عبد الوهاب صراحة" كما هو المذكور فى كتابه "البلاغ المبين" وقال العلامة حسين احمد امام الاحناف الديوبندين صدر المدرسين فى الديوبند فى كتابه "الشهاب الثاقب على المسترزق

طعن سے بھری پڑی ہیں۔

میں اس معاملہ کو احادیث نبویہ کی روشنی میں بیان کروں گا تاکہ قاری اور اہل بصیرت آدمی پورے شعور اور بصیرت و آگاہی کے ساتھ اس حقیقت کا ادراک و عرفان حاصل کرلے کہ (دراصل) کون موحد، سنت کا تابع، ملت کا ناصر و مددگار، بدعت کو مٹانے والا، دین اسلام اور مسلمانوں کا حامی و مددگار ہے اور کون بدعتی، ملحد، مرجی، جہمی، علم حدیث میں مسکین، یتیم اور اپاہج ہے۔ اور کون ہے وہ جو مسلمان امراء کے خلاف بغاوت کرنے کو جائز بتاتا ہے اور اہل اسلام پر قحبطۃ الطائی سے بھی زیادہ بے رحم ہے۔ اور احادیث نبویہ کو حقارت و نفرت سے ٹھکرا کر ان کے خلاف دلیل بازی و معارضہ جس کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ تو لیجئے! میں بعض اوصاف کا ذکر کرتا ہوں، جن کا انہوں نے تذکرہ کیا ہے۔ چنانچہ ہارون الصباغ کہتا ہے کہ (احادیث میں) شیطان کے سینگ سے مراد محمد بن عبد الوہاب مراد ہے۔ جیساکہ اس کی کتاب "بلاغ مبین" میں صراحت سے مذکور ہے۔ علامہ حسین احمد دیوبندی احناف کے امام اور دیوبند کے صدر مدرس اپنی کتاب "الشہاب الثاقب علی المسترزق الکاذب" ص ۶۶ میں لکھتے ہیں:-

المذاب ص ٦٦ "الوهابية الخبيثة ينكرون الصلوٰة على النبى صلى الله عليه وسلم وقال ايضا فى ص ٤٢ ظهر محمد بن عبد الوهاب النجدى كانت عقائده باطلة. قتل المسلمين من اهل السنة اُلوفًا. واخرج اهل الحجاز من الحجاز جبرًا واحل اموالهم وسب سلف الصالحين وكان باغيا فاسقا ظالما سفاكا وهو اشر من اليهود والنصارىٰ والمجوس والهنود وقال ايضًا فيه ص ٤٥: هٰذا المردود (احمد رضا خان البريلوى) مثل الشيخ النجدى (محمد بن عبد الوهاب) يحرم مناكحة المسلمين الاحناف بينهم وهو احمد رضا خان متبع لشيخه النجدى (محمد بن عبد الوهاب) و قال فيه ص ٦٢ : الوهابية يقولون ان التقليد شرك فى الرسالة وغير المقلدين فى الهند يتبعون هٰذهِ الطآئفة الشنيعة. وقال فيه ص ٤٥ ناقلا عن النانوتوى ان نبينا صلى الله عليه وسلم حى فى قبره حيٰوة دنيوية حسية وقال فيه ص ٦٧:

"وہابیوں کا خبیث گروہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کو جائز نہیں بتاتے"۔ اور اسی کتاب کے ص ۴۲ پر کہتے ہیں: محمد بن عبد الوہاب نجدی ظاہر ہوا۔ اس کے عقائد گمراہ کن اور باطل تھے۔ اہل سنت کے ہزاروں مسلمانوں کو قتل کیا۔ اہل حجاز کو جبرًا حجاز سے نکال دیا۔ ان کے اموال کو حلال قرار دیا اور سلف صالحین پر سب وشتم کی اور باغی، فاسق، ظالم، درندہ تھا۔ یہود ونصاریٰ مجوس اور ہنود سے بھی بدتر تھا"

اور اسی کتاب میں ص ۴۵ میں کہتے ہیں کہ "یہ مردود (احمد رضا خان بریلوی) شیخ نجدی (محمد بن عبد الوہاب) کی طرح ہے۔ وہ حنفی مسلمانوں کے ساتھ نکاح کو ناجائز بتاتا ہے اور یہ احمد رضا خاں بھی اپنے نجدی شیخ محمد بن عبد الوہاب کا متبع ہے۔ اور اسی کتاب کے ص ۶۲ پر کہتے ہیں" وہابی کہتے ہیں کہ تقلید رسالت میں شرک ہے اور ہندوستان کے غیر مقلد بھی اسی ذلیل گروہ کی پیروی کرتے ہیں۔ اور ص ۴۵ میں مولانا نانوتوی سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں حیات ہیں اور آپ کو دنیاوی محسوس ہونے والی زندگی حاصل ہے۔ ص ۶۷ میں کہتے ہیں

يجوز ميلاد النبي صلى الله عليه وسلم بشروط خالية عن البدعة. وقال فيه ص ٥٦ يجوز التوسل من الانبياء والاولياء وقال فيه ص ٥٦ : اشعارا بحقوق مرشده :

بحق مقتدائے مقتدایان
حسن بصری امام پیشوایان
بحق شیر مردان شاه یزدان
در علم لدنی فیض یزدان
بحق سرور عالم محمد
بحق برتر عالم محمد

وقال فيه ص ٧٩ (فى حق احمد رضاخان) سلب الله تعالى ايمانه و ادخله فى الدرك الاسفل من النار مع المنافقين و المشركين آمين يارب العالمين ! وقال ايضا مخاطبا له فيه ص٩٦ : سلب الله ايمانك وسود وجهك فى الدارين وعاقبك بما عاقب به ابا جهل وعبد الله بن ابى يارئيس المبتدعين ! آمين انتهى

فهؤلاء اخوانهم فى التقليد و التوسل و تكفير الموحدين. فمذهبهم واحد لان التقليد ملة واحدة.

میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بدعت سے خالی شرائط کے ساتھ جائز ہے۔ اور اس کتاب کے ص ٥٦ میں کہتے ہیں کہ انبیاء اور اولیاء سے وسیلہ لینا جائز ہے۔ اسی کتاب کے ص ٥٦ پر اپنے مرشد کے "حقوق" کے متعلق اشعار کہتا ہے:-

بحق مقتدائے مقتدایاں
حسن بصری امام پیشوایاں
بحق شیر مرداں شاہ یزداں
در علم لدنی فیض یزداں
بحق سرور عالم محمد
بحق برتر عالم محمد

اور اسی کتاب میں ص ٧٩ پر (احمد رضا خاں بریلوی کے حق میں) کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا ایماں سلب کرے اور منافقین اور مشرکین کے ساتھ اسے دوزخ کے نچلے طبقے میں داخل کرے 'آمین یارب العالمین ! اور ص ٩٦ پر اسے مخاطب کر کے کہتا ہے "اللہ تیرا ایمان سلب فرمائے اور دارین میں تمہارا منہ کالا کرے اور تمہیں وہ سزا دے جو ابوجہل، عبد اللہ بن ابی کو دی ہے اے بدعتیوں کے سردار ! آمین انتہیٰ۔

تو یہ لوگ تقلید، توسل، موحدوں کی تکفیر میں ان کے بھائی ہیں۔ تو ان کا مذہب ایک ہے کیونکہ تقلید ایک ہی ملت ہے۔ اور سارے

فكلهم الديوبندية والبريلوية يقلدون ائمتهم ويتوسلون بالاحياء والاموات ويكفرون الموحدين و يسلكون سنن من كان قبلهم حذوا النعل بالنعل وقال الله عز وجل: وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارٰى عَلٰى شَيْءٍ وَّقَالَتِ النَّصَارٰى لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ (البقرة) وقال تعالى: تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ (البقرة)

وقال الرشيد احمد گنگوهی يجوز عندنا الدعاء والاستغاثة من الانبياء عند قبورهم لانهم يسمعون فی قبورهم (فتاوی رشيديه ص ۹۹ ج ۱) وقال حسين احمد ناقلا عقائد رشيد احمد فيقول رشيد احمد للمتقدمين قولوا الٰهی بحق فلان بن فلان ويقول اشعارا متوسلا:

بهر امداد بنور عبد الرحيم
عبد باری عبد هادی عضد الدين
مکی ولی

دیوبندی اور بریلوی اپنے اماموں کی تقلید کرتے ہیں اور زندہ اور مردہ سے توسل کرتے ہیں اور اہل توحید کی تکفیر کرتے رہتے ہیں پہلے جو گمراہ قومیں گذری ہیں ان کا وطیرہ اور طریقہ اختیار کرتے ہیں اور ان ہی کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "اور یہود کہتے ہیں کہ نصاریٰ کسی مذہب پر نہیں ہیں اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ یہودی کسی مذہب پر نہیں ہیں حالانکہ وہ کتاب کو پڑھتے ہیں۔ اسی طرح مشرکوں نے بھی یہی بات کہی ہے (البقرہ) اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " ان کے دل ایک جیسے ہیں۔" (البقرہ)

اور رشید احمد گنگوہی کہتے ہیں کہ ہمارے نزدیک انبیاء سے ان کے قبروں کے پاس دعا کرنا اور فریاد رسی کرنا جائز ہے۔ کیونکہ وہ اپنے قبروں میں سنتے ہیں (فتاویٰ رشیدیہ ص ۹۹ ج ۱)

حسین احمد دیوبندی رشید احمد گنگوہی کے عقائد نقل کرتے ہوئے کہتا ہے کہ رشید احمد اپنے مریدوں سے کہتے تھے کہ اس طرح کہا کرو کہ " پروردگارا فلان بن فلاں کا تجھے حق اور واسطہ ہے اس ضمن میں چند اشعار کہتا ہے (ترجمہ)

امداد کے لئے درخواست کرتا ہوں عبد الرحیم کے نور کے واسطے۔ عبد باری عبد ہادی عضد الدین مکی والی کے واسطے

مهدی و محب الله شاه بو سعید
نظام الدین جلال عبد القدوس
احمدی (الشهاب ص ۵۷)

واشرف علی التانوی یقول
توسلا من رشید احمد اشعاراً

یا مرشدی یا مؤملی یا مغزئی
یا ملجئی مبدئی و معادی
ارحم علی ابا غیاث فلیس لی
کهفی سوا حبکم من زادی
فاذا الانام بکم وانی هائم
انظر الی برحمة یا هادی
یاسیدی لله شیئا انه
انتم لی مجدی و انی جادی

(اکابر علماء دیوبند کامذهب
من حکیم محمد اشرف سندهو)

اقول هؤلاء علماء دیوبند
عقائدهم واخوهم فی التقلید و
التوسل والسب وعداوة الموحدین
احمد رضا خان. وقال المقلد الآخر
فرحا وسرورا لتخریب الدرعیة کما
وقع فی زماننا فی اتباع عبد الوهاب
الذین خرجوا من نجد و تغلبوا علی
الحرمین وکانوا ینتحلون مذهب

وہ مجدی اور محب اللہ شاہ ابو سعید اور نظام الدین
جلال عبدالقدوس احمدی کے واسطے۔
(الشہاب ص۵۷)

اور اشرف علی تھانوی رشید احمد کا وسیلہ لیتے
ہوئے اشعار کہتا ہے (ترجمہ)

اے میرے مرشد، اے میری امید اور اے میری کامیابی!
اے میری جائے پناہ اور میری ابتدا اور میرے لوٹنے کی جگہ!
اے ابوغیث مجھ پر رحم کر! کیونکہ نہیں ہے میرے لئے
تیری محبت کے سوا کوئی جائے پناہ اور زاد راہ۔
اور لوگ تو تمہارے ساتھ وسیلہ پکڑے ہوئے ہیں جبکہ میں پیاسا
اور پریشان ہوں۔ پس میری طرف نظر التفات فرمائیے اے ہادی
اے میرے سردار! خدا کے واسطے کچھ تو دے دو کیونکہ
تم میرے لئے عزت ہو اور میں تمہارا متلاشی ہوں۔

(کتاب "اکابر علمائے دیوبند کا مذہب" از
حکیم محمد اشرف سندھو)

میں کہتا ہوں کہ یہ ہیں علمائے دیوبند اور ان
کے عقائد اور تقلید، توسل، موحدین پر سب و شتم
اور ان کی عداوت میں ان کے بھائی احمد رضا خاں
بریلوی۔ ایک دوسرا مقلد درعیہ کی بربادی
پر خوشی و مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے:۔

"جس طرح ہمارے زمانہ میں عبدالوہاب کے متبعین
کا حشر ہوا جو نجد سے نکلے اور حرمین پر قابض ہوئے
یہ لوگ حنبلی مذہب رکھتے ہیں۔ لیکن ان کا اعتقاد

مذهب الحنابلة لكنهم اعتقدوا
انهم المسلمون وان من خالف
اعتقادهم مشركون واستباحوا
بذلك قتل اهل السنة و قتل
علمائهم حتى كسر الله شوكتهم
وخرب بلادهم وظفربهم عساكر
المسلمين عام ثلاث وثلاثين ومائتين
والف (شامی ص ٣١٣ ج ٣، باب البغاة)
وقالت مملكة تركية هؤلاء اهل
النجد من الموحدين مصداق حديث
نجد قرن الشيطان فآمن المقلدون
فناصروهم على هذه الفرية كما
وافقهم السيد احمد بن زينی دحلان
سابق مفتی مكة المكرمة فی كتابه
"فتنة الوهابية" مطبوعه استنبول
" فقاتل اهل الشرك وافواجهم
الموحدين الوهابين وانهزم الموحدون
فی الدرعية فيفرح المقلد على تخريب
الدرعية وقتل الموحدين حسدا و
فرحا من نفسه كما فرح المنافقون
على قتل اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم
يوم أحد. فالتقليد ملة واحدة
والمقلدون اخوة من كانوا حيث

یہ ہے کہ مسلمان صرف وہی ہیں اور جو بھی ان
عقائد کی مخالفت کرے وہ مشرک ہیں۔ اسی
سے انہوں نے اہل سنت کی خونریزی کی اور ان
کے علماء کو قتل کیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے
ان کا زور توڑ دیا۔ ان کے شہروں کو ویران کیا
اور ان پر مسلمانوں کے لشکروں کو ۱۲۳۳ھ میں
کامیابی عطا کی (شامی ص۳۱۳ ج ۳ باب البغاۃ)
اور حکومت ترکیہ نے اعلان کیا کہ یہ نجدی
موحد حدیث شریف "نجد شیطانی سینگ ہے" کے
مصداق ہیں۔ جس پر مقلدوں نے یقین کر لیا اور
انہوں نے اس بہتان بازی پر ان کی مدد کی جس
طرح کہ سید احمد بن زینی دحلانی مکہ مکرمہ کے سابق
مفتی نے اپنی کتاب "فتنۃ الوہابیہ" مطبوعہ
استنبول میں ان کی موافقت میں لکھا ہے:۔
" پھر مشرکوں اور ان کی افواج نے موحدوں
سے جنگ کی اور موحدوں نے درعیہ میں پسپائی
اختیار کر لی"۔
(دیکھ لیجئے! کس طرح) مقلد درعیہ کی بربادی
اور موحدین کے قتل پر اپنے حسد و عناد کی وجہ سے
خوشی کا اظہار کر رہا ہے، جس طرح اُحد میں اصحاب
رسول کی شہادت پر خوشی ظاہر کی تھی۔
لہٰذا تقلید ایک ہی ملت ہے اور مقلدین
آپس میں بھائی ہیں۔ کوئی بھی ہوں اور کہیں کے

حیث کانوا. فمقلدوا الهند فرحوا اشد
فرحا فی هزیمة الموحدین والموحدون
فی الهند فجمعوا فی قتل الموحدین
وکان فیهم ماتم ومتی جآء الموحدون
من الحجاز کان عیدا فی الموحدین فی
الهند وکان ماتم فی المقلدین فالموحدون
اخوة من کانوا حیث کانوا کما قال
الله تعالیٰ: إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ. و
قال النبی صلی الله علیه وسلم: تری
المؤمنین فی تراحمهم وتوادهم
وتعاطفهم کمثل الجسد اذا اشتکی
عضو تداعی له سائر الجسد
بالسهر والحمی الحدیث

فاقول مرکز الایمان والامن
المدینة. وکل احد من المسلمین
یذهب الیها ومرکز الایمان والامن
مکة المکرمة وکل من دخلها کان
امنا. فالمدینة المفضلة بلسان
النبی صلی الله علیه وسلم ومکة المفضلة
من لسان ابراهیم ومحمد صلی الله
علیه وسلم وهو فی الیمن.

ومرکز الفساد والشرور والفتن
والبدعات ومنبع الفرق الباطلة

بھی رہنے والے ہوں۔ ہندوستان کے مقلدین کو
(عربستان میں) موحدین کی ہزیمت پر بے پایاں خوشی
ہوتی ہے۔ (اس کے برعکس) ہندوستان کے موحدین
میں اس واقعہ پر صف ماتم بچھ گئی۔ اور جب حجاز
کے موحدین (ہندوستان میں) آئے تو مؤحدین کے
لئے یہ عید تھی، لیکن مقلدوں کے لئے ماتم کا مقام تھا
لہٰذا ثابت ہوا کہ موحد باہم بھائی ہیں، کہیں بھی ہوں
اور کوئی بھی ہوں۔ جس طرح اللہ فرماتا ہے (ترجمہ)
" ایمان والے بھائی ہیں" نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ " رحم کرنے، محبت کرنے، اور ہمدردی کرنے
میں تم اہل ایمان کو ایک جسم کی مانند پاؤگے۔ جب
جسم کا کوئی ایک حصہ تکلیف محسوس کرتا ہے تو سارے
اعضاء میں بے خوابی اور بخار کی کیفیت محسوس ہوتی ہے

میں کہتا ہوں کہ ایمان اور امن کا مرکز مدینہ
منورہ ہے۔ اور ہر مسلمان اس کی طرف جاتا ہے اور
ایمان و امن کا مرکز مکہ مکرمہ ہے، جو بھی اس میں داخل
ہوا وہ مامون ہے۔ تو مدینہ پاک کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کی زبانی اور مکہ مکرمہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام
اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی فضیلت عطا
ہوئی اور وہ یمن میں ہے۔

اور فتنہ وفساد اور شر اور بدعتوں
کا مرکز اور باطل اور گمراہ فرقوں کا گھوارہ اور
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی قابل مذمت

المتفقہ منہ من لسانہ صلی اللہ علیہ وسلم هو العراق والکوفة منه فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ان الایمان لیارز الی المدینة کما تارز الحیة الی جحرها (متفق علیه) وعن ابی مسعود قال اشار النبی صلی اللہ علیہ وسلم بیدہ نحو الیمن فقال ان الایمان ھھنا (رواہ مسلم) وقال صلی اللہ علیہ وسلم الایمان یمان والحکمة یمانیة۔ (رواہ البخاری) وسمی الیمن لانها عن یمین الکعبة والشام لانها یسار الکعبة (لسان العرب ص ۴۶ ج ۱۳)۔ وعن ابی مسعود الانصاری: قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ھھنا جاءت الفتن نحو المشرق (متفق علیه) وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم بارك لنا فی شامنا۔ اللھم بارك لنا فی یمننا۔ قالوا یا رسول اللہ وفی نجدنا؟ فاظنه قال فی الثالثة ھناك الزلازل والفتن وبها یطلع قرن الشیطان (رواہ البخاری)

وعن انس وزید بن ثابت

علاقہ عراق ہے اور کوفہ بھی اس کا حصہ ہے۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "بیشک ایمان مدینہ میں پناہ حاصل کرے گا، جس طرح سانپ اپنے بل میں پناہ لیتا ہے۔" (متفق علیہ) اور ابی مسعود سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے یمن کی طرف اشارہ فرمایا پھر ارشاد فرمایا کہ ایمان یہاں ہے۔ (رواہ مسلم) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان تو یمن کا ہے اور حکمت بھی یمن کی ہے (بخاری) اور چونکہ یمن کعبہ کے دائیں طرف ہے، اس سے اس پر یمن نام پڑا اور شام چونکہ کعبہ کے بائیں طرف ہے، اس لئے اسے شام کہتے ہیں (لسان العرب ص ۴۶ ج ۱۳)۔ اور ابی مسعود انصاری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنے یہاں سے آئیں گے یعنی مشرق کی طرف (اشارہ فرمایا) (متفق علیہ) اور ابن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اے ہمارے پروردگار! ہمارے شام میں برکت فرما۔ اے اللہ ہمارے یمن میں برکت فرما! لوگوں نے کہا یا رسول اللہ! اور ہمارے نجد میں؟ میرے خیال میں آپ نے تیسری بار فرمایا کہ وہاں زلزلے، فتنے ہوں گے اور وہیں سے شیطانی سینگ نمودار ہوگا۔"

(رواہ البخاری)

اور انس اور زید بن ثابت سے روایت ہے

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نظر قبل
الیمن فقال اقبل بقلوبهم وبارك
لنا فی صاعنا ومدنا (رواہ الترمذی
وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: غلظ
القلوب والجفاء فی المشرق والایمان
فی اهل الحجاز (رواہ مسلم) وقال
النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ان الاسلام بدأ
وسیعود غریبا کما بدأ وهو یأرز
الی بین المسجدین کما تأرز الحیة
الی جحرها. (رواہ مسلم) وقال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم: رأیت عمودا من
نور خرج من تحت راسی ساطعا
حتی استقر بالشام (مشکوٰۃ) وقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: طوبی للشام
قلنا لای ذلك؟ یا رسول اللہ! قال
لان ملئکة الرحمن باسطة اجنحتها
علیها رواہ احمد والترمذی وقال:
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأس
الکفر قبل المشرق (رواہ مسلم)
وعن ابن عمر انه سمع رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وهو مستقبل المشرق
یقول الا ان الفتنة ههنا من حیث
یطلع قرن الشیطان (رواہ البخاری)

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف نظر کی
پھر کہا (یا اللہ!) ان کو اپنے دلوں کے ساتھ ہماری
طرف متوجہ کردے اور ہمارے صاع اور مد میں برکت
دے۔ (ترمذی) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ دلوں کی سختی اور جفا و بے وفائی مشرق میں ہے
اور ایمان اہل حجاز میں ہے۔ (مسلم) مزید فرمایا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ "اسلام اجنبی کی حیثیت
میں ظاہر ہوا اور عنقریب وہ اجنبی بن کر لوٹ آئیگا
جس طرح ظاہر ہوا تھا۔ اور وہ مسجد حرام اور مسجد نبوی
کی طرف پناہ لے گا جس طرح سانپ اپنے بل میں
پناہ لیتا ہے (مسلم) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ میں نے نور کا ایک ستون دیکھا جو میرے سر کے
نیچے سے نکل کر چمکتا ہوا نکلا یہاں تک کہ ارض شام
میں جا کر رک گیا۔ (مشکوٰۃ) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ شام کے لئے اچھائی ہے۔ ہم نے عرض کی
کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کس وجہ سے؟
فرمایا کہ اس وجہ سے کہ رحمٰن کے فرشتے اپنے پر اس پر
پھیلائے ہوتے ہیں (احمد۔ ترمذی) اور رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کفر کا سر مشرق کی طرف ہے۔
(مسلم) اور ابن عمر سے مروی ہے کہ انہوں نے نبی صلی
اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، جبکہ آپ کا رخ مشرق کی
طرف تھا کہ فتنہ یہاں سے ابھرے گا، جہاں سے
شیطان کا سر طلوع ہوگا (بخاری)

وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما
رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یشیر بیدہ یؤم العراق ھا ان
الفتنة ھٰھنا. ان الفتنة ھٰھنا ثلاثا
(مسند احمد ص ۴۳۳) قال سالم
یا اھل العراق! ما اسئلکم عن
الصغیرة وارکبکم الکبیرة سمعت
ابی یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم: ان الفتنة تجیء من ھٰھنا و
اومأ بیدہ نحو المشرق من حیث یطلع
قرن الشیطان (رواہ مسلم فی کتاب
الفتن ص ۳۹۴ ج ۲) قال ابن عمر
رضی اللہ عنہما: انظروا الی اھل
العراق قتلوا ابن بنت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یعنی الحسین رضی
اللہ عنہ وھم یسألون عن دم البعوضة
(مختصر تفسیر ابن کثیر تحت آیة و
اَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ.
ص ۴۹۰ ج ۲)

اور ابن عمر سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عراق کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ فتنہ وفساد یہاں سے پھوٹے گا۔ آپ نے یہ بات تین بار دہرائی۔ (احمد ص ۴۳۳)

سالم نے کہا کہ "اے عراق والو! میں تو تم سے چھوٹی بات کا بھی سوال نہیں کرتا اور تمہارے اوپر ایک بڑی بات سوار ہوگئی۔ میں نے اپنے والد سے سنا انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ فتنہ یہاں سے ابھریگا اور آپ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ فرمایا جہاں سے شیطانی سینگ نمودار ہوگا (مسلم کتاب الفتن ص ۳۹۴ ج ۲) ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ان عراقیوں کو دیکھ لو نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حسین رضی اللہ عنہ کو تو شہید کردیا اور اب مچھر کے خون کا مسئلہ معلوم کرتے ہیں! (مختصر ابن کثیر آیت شریفہ اُخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَهٗ خُوَارٌ کے ذیل میں ص ۴۹۰ ج ۲)

وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
تحت قولہ باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم
ان الفتن قبل المشرق ھی ارض فی
مشرق المدینة المنورة ھی نجد عراق.

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک ہے کہ فتنے مشرق کی طرف سے ابھریں گے اور یہ مدینہ منورہ کے مشرق میں سرزمین ہے اور یہی عراق کا نجد ہے۔

نجد کی لغوی معنیٰ

النجد مصدر معناه لغة رفعة وسطح مرتفع وكل سطح مرتفع يبتدأ من التهامة من الغور و ساحل البحر ينتهى الى اليمن و الشام والعراق و يقسم فى محال الوقوع مختلفة باسماءٍ مختلفة معناه فى كل كتاب لغات العرب مثلاً الصراح و النهاية وابن الاثير و لسان العرب و القاموس والمصباح المنير وتاج العروس و الدر النثير ومنتهى العرب والمنجد وغيرها وهكذا كما ذكرنا اعنى ان النجد ما اشرف من الارض وفى معجم البلدان : النجد قفاف الارض و صلابها وما غلظ منها و اشرفها وقال شارحوا البخارى اصل النجد ما ارتفع من الارض وهو خلاف الغور (كتاب الفتن للبخارى)

والنجد ليس بملك بل كل ارض مرتفعة نجد خلاف الغور لان النجود كثيرة فى العرب مثلاً نجد

نجد مصدر ہے اور اس کے معنیٰ بلندی اور بلند سطح کے ہیں اور ہر بلند سطح جو زمین کے زیریں حصے سے شروع ہوکر تہامہ اور دریا کے کنارے سے یمن، شام اور عراق تک پہنچتا ہے (اسے نجد کہتے ہیں) اور ان کے محل وقوع مختلف ہیں اور مختلف ناموں سے موسوم ہیں۔ لغت کی ہر کتاب مثلاً صراح نہایہ ابن الاثیر، لسان العرب، ابن اثیر، قاموس، مصباح المنیر، تاج العروس، درنثیر، منتہی العرب، المنجد وغیرہ میں اس کے یہی معنیٰ مذکور ہیں۔ یعنی جس طرح کہ ہم نے بیان کیا کہ نجد زمین کا ہر بالائی حصہ کہلاتا ہے۔ اور معجم البلدان میں ہے کہ "زمین جو خشک بلند، سخت، مضبوط ہو اسے نجد کہتے ہیں"۔ اور بخاری کے شارحین کہتے ہیں:

"نجد کی اصل معنیٰ ہر وہ زمین ہے جو اونچی ہو اور یہ زیریں زمین (غور) کی ضد ہے"۔ (کتاب الفتن بخاری)

اور نجد کوئی ملک نہیں ہے بلکہ ہر بلند زمین نجد ہے "غور" کے بالکل برعکس۔ کیونکہ نجد بہت سے ہیں عرب کے اندر۔ مثال کے طور پر نجد البرق،

البرق، نجد اجاء، نجد عصير (معجم البلدان) واليمامة بين المكة المكرمة واليمن وهي تبتدئ من غور التهامة وتنتهي الى غور اليمن وهذا النجد السعودية ونجد خال ونجد كبكب ونجد مربع ونجد شرى ونجد الوز ونجد حجاز ونجد عقاب هذه في الشام ودمشق ونجد عراق او نجد بادية عراق وهي تبتدئ من خندق ايران وتنتهي الى احرة عراق او من مكة المكرمة وتنتهي الى الكوفة.

(ملحضا من معجم البلدان وتاج العروس)

ومن خندق كسرى ايران الى حجاز وتهامة نجد وهو من مكة المكرمة الى الكوفة. هذا نجد عراق ومن المدينة الى المشرق وهذا رأس الكفر ومنبع الفتن وعين البدعات هو قرن الشيطان لا نجد اليمامة كما قال المقلدون نصرة وستر الائمة مذهبهم. وقال الكرمانی والعینی شارحا البخاری النجد رأس الكفر وقرن الشيطان هو يبتدئ من

نجد جاء، نجد عصیر (معجم البلدان) اور یمامہ کو مکہ اور یمن کے درمیان میں ہے اور یہ تہامہ کی نچلی زمین سے شروع ہوکر یمن کی نچلی زمین پر ختم ہوتا ہے۔ اور یہ سعودی نجد ہے۔ اور نجد خال اور نجد کبکب اور نجد مربع اور نجد شری اور نجد الوز اور نجد حجاز اور نجد عقاب یہ شام اور دمشق میں ہے اور نجد عراق یا عراق کے بادیہ کا جو نجد ہے، وہ ایران کے خندق سے شروع ہوتا ہے اور عراق کی پتھریلی سرزمین پر ختم ہوتا ہے یا مکہ مکرمہ سے شروع ہوکر کوفہ تک پہنچتا ہے۔

(ملخص از معجم البلدان اور تاج العروس)

اور کسرائے ایران کی خندق سے لے کر حجاز اور تہامہ تک نجد ہے۔ اور وہ مکہ مکرمہ سے کوفہ تک ہے۔ یہ عراقی نجد ہے۔ اور یہ مدینہ سے مشرق کی طرف ہے۔ اور یہی کفر کا گڑھ، فتنوں کے پھلنے کی جگہ اور بدعتوں کا سرچشمہ ہے۔ اور یہی شیطانی سینگ ہے نہ کہ یمامہ کا نجد۔ جیساکہ مقلد حضرات اپنے مذہب اور اماموں کے عقائد کی نصرت اور ستر پوشی کی غرض سے کہتے رہتے ہیں۔

اور بخاری کے شارحین کرمانی اور عینی کہتے ہیں کہ نجد کفر کا سر (گڑھ) اور شیطان کا سینگ ہے اور وہ تہامہ سے شروع ہوکر عراق اور بادیہ

التهامة الى عراق وباديته والكوفه من المدينة الى المشرق كما اشار النبى صلى الله عليه وسلم الى عراق وفيه الكوفة وهذا الامر تبين من عبارات شراح البخارى مثلاً ابن حجر والكرمانى والعينى و من يقول ان نجد اليمامة نجد الذى ذكره رسول الله صلى الله عليه وسلم فهو مفتر لا يخاف من قول النبى صلى الله عليه وسلم : من كذب علىّ متعمداً فليتبوأ مقعده فى النار (رواه مسلم)

عراق تک پہنچتا ہے اور کوفہ مدینہ منورہ سے مشرق کی طرف ہے۔ جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عراق کی طرف اشارہ فرمایا ہے اور کوفہ بھی اسی میں ہے اور بخاری کے شارحین مثلاً حافظ ابن حجر، کرمانی، اور عینی کی تشریحات سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ یمامہ کا نجد ہی وہ نجد ہے جس کا رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے ذکر فرمایا ہے تو وہ ایسا مفتری اور دروغ گو ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس وعید سے بھی نہیں ڈرتا کہ آپؐ نے فرمایا (ترجمہ) جو شخص جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ تراشتا ہے وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔ (مسلم)

قرن کے معنٰی

وقال الكرمانى قرنهٗ امة و شيعة يضرب به المثل فيما لا يحمد من الامور. فتبين بهذا البيان ان نجد قرن الشيطان هو الكوفة و اهلها. لانهٗ ظهر هنا كل الفرق ومقالاتها وقول بالقرآن مخلوق ومذهب اهل التقية والامامة و القياس و انكار زيادة الايمان و نقصانه وجواز الاكراه.

اور کرمانی فرماتے ہیں کہ "اس کا قرن" سے مراد ہے امت اور جماعت اور یہ مثال ناپسندیدہ کاموں پر بولی جاتی ہے۔ اپس واضح ہوا کہ شیطانی سینگ سے مراد کوفہ اور اس کے رہنے والے ہیں۔ کیونکہ یہیں سے سارے باطل فرقے اور ان کے نظریات و عقائد پروان چڑھے۔ (جن میں) فتنہ خلق قرآن اہل تقیہ اور امامت کا مذہب، قیاس اور ایمان کے گھٹنے اور بڑھنے کے انکار اور جبری طلاق کے جواز جیسے فتنے شامل ہیں۔

فاول فتنة خرجت فی الاسلام
من عبد الله بن سبا وكان عبدالله
يأتی البصرة يشكو اهل الكوفة
ويأتی الكوفة يشكو اهل البصرة
وهكذا يأتی كل بلد ويشكو
بلدا اخر. لهذا ثارت الفتنة و
كان فی هذا الزمان خليفة المسلمين
عثمان رضی الله عنه حليما صابرا
وهذا الرجل عبدالله كان فاسقا
منافقا ذاوجهين فيغتاب ويتهم
علی الخليفة فی النظم ويشكوه فی
الامصار فقتل عثمان محبوسا فی
بيته. فولی الخلافة علی رضی الله
عنه فوقع حرب الجمل والصفين
فاستغلظت الشيعة و الخوارج فبعد
تاسيس الخوارج والشيعة انتشرت
الامة التی كانت متحدة من قبل
فالشيعة صارت خمس فرق كيسانية
وزيدية وامامية وغلاة واسماعيلية
فبعضهم يميل فی الاصول الی
الاعتزال وبعضهم الی السنة و
بعضهم الی التشبيه فكل فرقة
تتشعب الی فرق كثيرة واول

تو سب سے پہلا فتنہ جو اسلام میں نمودار ہوا
وہ عبداللہ بن سبا کا تھا۔ عبداللہ بصرہ آتا تو
کوفہ والوں کی شکایت کرتا اور کوفہ آتا تو بصرہ والوں
کی شکایتیں کرتا۔ اس طرح وہ ہر شہر میں آتا
جاتا اور دوسرے شہر کی شکایت کرتا (اور اس
طرح اشتعال پیدا کرتا رہتا) یہاں تک فتنہ امڈ پڑا
اس زمانہ میں مسلمانوں کے خلیفہ حضرت عثمان رضؓ تھے
آپ حلیم اور صابر تھے۔ اور یہ شخص عبداللہ فاسق
منافق اور دوغلہ تھا۔ تو وہ حضرت عثمان رضؓ کی برائیاں
بیاں کرتا رہتا اور خلیفہ وقت پر بدانتظامیوں
کی تہمت تراشیاں پھیلاتا رہتا اور شہروں میں
آپ کے خلاف پروپگنڈہ کرتا رہتا۔ اس کے نتیجہ
میں حضرت عثمان رضؓ گھر میں قید کرکے قتل کردیئے گئے۔
اس کے بعد خلافت حضرت علی رضؓ نے سنبھالی۔ پھر
جنگ جمل اور جنگ صفین پیش آئی اور شیعہ اور
خوارج کی بنیادیں پڑیں۔ خوارج اور شیعہ کے وجود
میں آنے کے بعد امت انتشار وافتراق کا شکار
ہوگئی جو اس سے قبل متحد تھی۔ تو شیعہ پانچ فرقے
بن گئے۔ کیسانیہ، زیدیہ، امامیہ، غالیہ اور اسماعیلیہ
ان میں سے بعض اصولی اعتبار سے معتزلوں کی طرف
مائل ہوئے اور بعض اہل سنت کی طرف اور بعض تشبیہ
کی طرف مائل ہوئے۔ تو ہر فرقہ مختلف دھڑوں میں بٹ
گیا اور سب سے پہلا گروہ جس نے حضرت علی رضؓ

فرقة خرجت على علىّ رضى الله عنه هى الخوارج وقالوا فى حرب صفين وصل مالك بن اشتر النخعى الى خيمة معاوية ورفع عمرو بن العاص القران وقال هذا القران بيننا و بينكم فقال الخوارج لعلىّ نحن لا نقاتل لان القران بيننا فقال علىّ هذه خدعة. فقالوا علىّ قل لمالك ابن اشتر ان يرجع والا افعلن بك كما فعلنا بعثمان فاضطر علىٰ ان يراجع مالكا فكانت الهزيمة لعلىّ بعد ما كان الفتح له لهؤلاء الاشرار وكان من امر الحكمين ان الخوارج حملوه على التحكيم ولا وكان على يريد ان يبعث عبدالله بن عباس رضى الله عنهما فما رضى الخوارج بذلك وقالوا هو منك و حملوه على بعث ابى موسى الاشعرے ان يحكم بكتاب الله تعالىٰ. فجرى الامر على خلاف ما رضى له فلما لم يرض بذلك خرجت الخوارج عليه وقالوا لم حكمت؟ لا حكم الا لله.

پر خروج کیا وہ خوارج کا فرقہ تھا۔ ان لوگوں نے صفین کی جنگ کے دوران جبکہ مالک بن اشتر نخعی معاویہ کے خیمہ تک پہنچے اور عمرو بن العاصؓ نے نیزوں پر قرآن کو اٹھوایا اور کہا کہ تمہارے اور ہمارے درمیان یہ قرآن فیصلہ کرے گا تو خارجیوں نے حضرت علیؓ سے کہا کہ (اب) ہم نہیں لڑیں گے کیونکہ ہمارے درمیان تو قرآن مجید حائل ہے حضرت علیؓ نے جواب دیا کہ یہ تو (سیاسی) چالبازی ہے۔ خارجیوں نے کہا کہ مالک بن اشتر کو واپس بلالو ورنہ تمہارا بھی وہ حشر کریں گے جو حضرت عثمانؓ کا ہم نے کیا تھا۔ اس کے نتیجے میں حضرت علیؓ مالک کو واپس بلانے پر مجبور ہوئے۔ اور حضرت علیؓ کو جنگ میں ان اشرار کی وجہ سے فتح کی بجائے شکست ہوگئی اور معاملہ تحکیم پیش آیا تو خارجیوں نے حضرت علیؓ کو تحکیم کے ذریعے معاملہ حل کرنے پر مجبور کیا۔ اور حضرت علی چاہتے تھے کہ اپنی طرف سے ابن عباسؓ کو حکم (ثالث) منتخب کریں۔ خارجی اس پر راضی نہ ہوئے کہنے لگے کہ وہ تو تمہارا ہی آدمی ہے۔ چنانچہ انہوں نے حضرت علیؓ کو مجبور کیا کہ وہ ابو موسیٰ اشعری کو مبعوث کریں کہ وہ کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کریں۔ جب مسئلہ تحکیم حضرت علیؓ کے خلاف ہوگیا تو پھر خارجیوں نے حضرت علیؓ پر خروج کیا اور کہا کہ تم نے انسانوں کا فیصلہ کیوں مانا فیصلہ

وهم المارقة الذين اجتمعوا بنهروان فقاتلهم علی واصحابه مقاتلة شديدة. فما انفلت منهم الا اقل من عشرة وما قتل من المسلمين الا اقل من عشرة فانهزم اثنان منهم الی عمان واثنان الی كرمان واثنان الی سجستان و اثنان الی الجزيرة و واحد الی تل مورون باليمن. فظهرت البدع من الخوارج فی هٰذه المواضع وكبار الفرق منهم المحكمة والازارقة والنجدات و البهيسية والعجارة والثعالبة و الاباضية والصفرية. و الباقون من فروعهم.

(ملخصا من الملل والنحل للشهرستانی ص ۱۱۵ ج ۱)

و فرق الاعتزال كلها سبع عشرة فرقة وهم يقولون ان الفاسق ليس بمؤمن ولا كافر ولا منافق ولا مشرك وقالوا ان شهد علی وطلحة رضی الله عنهما لا يقبل و تفصيلها فی المطولات.

و منها المرجئة وهی تفرق

اور یہ لوگ دین سے نکلنے والے ہیں۔ جو نہروان میں جمع ہوئے تو علیؓ اور ان کے ساتھیوں نے ان کے ساتھ سخت جنگ کی۔ تو ان میں سے دس سے بھی کم افراد بچ نکلے اور مسلمانوں میں سے بھی دس سے بھی کم لوگ شہید ہوئے۔ تو ان خارجیوں میں سے دو عمان کی طرف گئے۔ دو کرمان کی طرف گئے۔ دو سجستان کی طرف اور دو جزیرہ کی طرف اور ایک یمن کے شہر تل مورون کی طرف بھاگ کھڑا ہوا۔ تو ان شہروں میں خارجیوں کی بدعتیں ظاہر ہوئیں۔ اور ان کے بڑے بڑے فرقے یہ ہیں۔

۱۔ المحکمہ ۲۔ ازارقہ ۳۔ نجدات ۴۔ بہیسیہ ۴۔ عجارہ ۵ ثعالبہ ۶۔ اباضیہ ۷۔ صفریہ اور جو باقی فرقے ہیں۔ وہ ان کی شاخیں ہیں۔

(ملخص از الملل والنحل شہرستانی ص ۱۱۵ ج ۱)

اور معتزلیوں کے سارے ستره ۱۷ فرقے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ فاسق نہ مؤمن ہے نہ کافر ہے اور نہ منافق ہے اور نہ ہی مشرک ہے اور کہتے ہیں کہ اگر حضرت علی اور طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما گواہی دیں گے تو قبول نہیں کی جائیگی اور اس کی تفصیلات بڑی کتابوں میں درج ہیں۔

اور ان میں سے ایک فرقہ مرجیہ ہے اور ان

الى اثنتى عشرة فرقة: صالحية، شهرية، يونسية، يونانية، نجارية، غيلانيه، شبيبة حنفية، معاذية، مريسية، كرامية (غنية الطالبين) وقال الشهرستانى فى الملل والنحل: الارجاء على المعنيين احدهما بمعنى التاخير كما فى قوله تعالى: اَرْجِهْ وَاَخَاهُ اى امهله واخره. والثانى اعطاء الرجاء. واما اطلاق المرجية على الجماعة بالمعنى الاول فصحيح لانهم كانوا يؤخرون العمل عن النية والعقد. واما بالمعنى الثانى فظاهر فانهم كانوا يقولون لا تضر مع الايمان معصية كما لا تنفع مع الكفر طاعة. وقيل الارجاء تاخير حكم صاحب الكبيرة الى يوم القيمة فلا يقضى عليه بحكم ما فى الدنيا من كونه من اهل الجنة او من اهل النار فعلى هذا المرجئة والوعيدية فرقتان متقابلتان و المرجئة اربعة اصناف: مرجئة الخوارج ومرجئة القدرية

میں بارہ فرقے ہیں:۔

١۔ صالحیہ ٢۔ شہریہ ٣۔ یونسیہ ٤۔ یونانیہ ٥۔ نجاریہ ٦۔ غیلانیہ ٧۔ غیلانیہ ٨۔ شبیبیہ ٩۔ حنفیہ ١٠۔ معاذیہ ١١۔ مریسیہ ١٢۔ کرامیہ (غنیۃ الطالبین) اور شہرستانی اپنی کتاب الملل والنحل میں فرماتے ہیں کہ ارجاء دو معنوں پر بولا جاتا ہے۔ ایک تاخیر کے معنیٰ میں جس طرح اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (ترجمہ) اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دے یعنی اسے ڈھیل دے اور تاخیر کر۔ اور دوسرے معنیٰ امید دلانا ہیں۔ بہرحال جماعت پر مرجیہ کا اطلاق پہلے معنیٰ میں درست ہے۔ کیونکہ یہ لوگ عمل کو نیت اور عقد سے مؤخر رکھتے ہیں۔ اور دوسرے معنیٰ تو ظاہر ہے کیونکہ یہ کہتے ہیں کہ معصیت ایمان کو مضر نہیں جس طرح اطاعت کفر میں فائدہ مند نہیں ہوتی۔

اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ارجاء کے معنیٰ یہ ہیں کہ کبیرہ گناہ کے مرتکب کے بارے میں حکم لگانے میں تاخیر کی جائے قیامت تک۔ لہذا دنیا میں اس کے متعلق یہ فیصلہ نہیں کیا جائے گا کہ آیا وہ جنتی ہے یا دوزخی۔ اس لحاظ سے مرجئہ اور وعیدیہ دو متضاد اور مخالف فرقے ہیں۔ اور مرجئہ کے چار اقسام ہیں: ١۔ مرجیۃ الخوارج ٢۔ مرجئۃ القدریہ ٣۔ مرجیۃ الجبریہ اور ٤۔ مرجئۃ الخالصۃ

مرجئة الجبرية ومرجية الخالصة
وزعمت المرجئة ان الايمان هو
المعرفة بالله والخضوع له وترك
الاستكبار عليه والمحبة بالقلب
فمن اجتمعت فيه هذه الخصال فهو
مؤمن وما سوىٰ ذٰلك من الطاعة
فليس من الايمان ولا يضر تركها
حقيقة الايمان ولا يعذب علىٰ
ذٰلك فهذه الفرق المذكورة تتشعب
الى فرق كثيرة مذكورة في المطولات
وقال الشهرستانی : ومن العجب ان
غسانا مرجئا كان يحكى عن ابى حنيفة
رحمه الله مثل مذهبه ويعده من
المرجئة. ولعله كذب كذٰلك عليه
لعمرى كان يقال لابى حنيفة و
اصحابه مرجئة السنة وعده كثير
من اصحاب المقالات من جملة المرجئة
ولعل السبب فيه انه لما كان يقول
الايمان هو تصديق بالقلب وهو
لا يزيد ولا ينقص ظنوا انه يؤخر
العمل عن الايمان (الملل للشهرستانی
ص ١٤١ ج ١)

اقول اكثر الفرق التى ذكرت

اور فرقہ مرجیہ کا عقیدہ یہ ہے کہ ایمان اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کے لئے خشوع وخضوع کرنے اور اس پر تکبر نہ کرنے اور قلب میں اس کے ساتھ محبت کرنے کا نام ہے۔ پس جس کے اندر یہ اوصاف موجود ہوں تو وہ مؤمن ہے اور اس کے سواء جو طاعات ہیں، وہ ایمان میں داخل نہیں ہیں اور ان کا ترک کرنا ایمان کی حقیقت کو نقصان نہیں دیتا اور اس کی وجہ سے بندہ کو عذاب نہیں ہوگا۔ تو مذکورہ بالا یہ فرقے بہت سے فرقوں پر مشتمل ہیں، جو کتب مطولہ میں مذکور ہیں۔

اور شہرستانی کہتے ہیں کہ "تعجب کی بات یہ ہے کہ غسان مرجی ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا بھی وہی مذہب بیان کرتا ہے اور ان کو بھی مرجی شمار کرتا ہے۔ شاید وہ اس میں جھوٹا ہی ہو۔ لیکن بخدا لوگ ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب کو مرجیہ اہل سنت گردانتے رہتے ہیں اور عقائد بیان کرنے والے بہت سے لوگوں نے ان کو مرجیہ ہی شمار کیا ہے۔ اور شاید اس کا سبب یہ ہے کہ جب ابو حنیفہ نے کہا کہ ایمان صرف تصدیق قلبی کا نام ہے اور وہ نہ زیادہ ہوتا ہے اور نہ نقصان ہوتا ہے تو ان لوگوں نے سمجھا کہ یہ عمل کو ایمان سے موخر کرتے ہیں۔

(الملل والنحل ص ۱۴۱ ج ۱)

میں مصنف کہتا ہوں کہ بیشتر فرقے جن کا ذکر

منها تتشعب الى فرق كثيرة مبدئها
ومنبعها الكوفة وحواليها فتفرقت
منها فرقة فرقة اضرها على المسلمين
الشيعة كما جربت امة محمد صلى
الله عليه وسلم مرارا. ثم المرجئة
وشعوبها اضر للمسلمين ضررا
كثيرا. لان عقائدهم واعمالهم
وهفواتهم صارت زينة لكتب
المسلمين ودونت على نهجهم دواوين
الفقه والقياس والتأويل واجماع
الضعفاء صار عندهم اصول الدين
ويدرس المدرسون في مدارسهم
على نهجها فاشربت هذه العقائد
في قلوب الناس لهذا صارت هذه
العقائد من اصول الدين.

فالمرجئة منهم الحنفية على
سبيلهم يسلكون كما قال الشيخ
عبد القادر الجيلاني في غنيته:
» والمحدثون في كتبهم والمحدثون
براء من هفواتهم ويتفقون على
تضليل ابي حنيفة وصاحبيه كما
مر. وكل مقالة باطلة قالها
صاحبها فهي بعينها قالت الحنفية

کیا گیا، ان میں سے اور بہت سے فرقے بنے۔ ان
کا مرکز اور گڑھ کوفہ اور اس کے ارد گرد کا علاقہ
ہے۔ اسی کوفہ سے ایک فرقہ برآمد ہوا جو مسلمانوں
پر نہایت تباہ کن ثابت ہوا۔ وہ فرقہ ہے شیعہ۔
جیسا کہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بارہا اس کا تجربہ
کیا ہے اس کے بعد فرقہ مرجیہ اور اس کی شاخیں
مسلمانوں کے لئے انتہائی تباہ کن ثابت ہوئیں۔
کیونکہ ان کے عقائد اور ان کے اعمال اور ان کی
ہفوات دیکھو اس بازی مسلمانوں کے کتابوں کی
زینت بنی اور ان کے طریقہ پر فقہ کے
دفاتر لکھے گئے۔ اور قیاس، تاویل اور اجماع
ضعفاء ان کے نزدیک دین کے اصول ٹھہرے۔
مدارس میں بھی مدرسین اسی طریقہ پر درس و تدریس
کرتے ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کے دل میں یہ
عقائد رچ بس گئے اور یہ عقائد دین کے اصول
بن گئے۔ حنفیہ بھی مرجیہ کا ایک گروہ ہے جو
ان ہی کے طریقہ پر چلتے ہیں۔ جیسا کہ شیخ عبد
القادر جیلانی غنیۃ الطالبین میں فرماتے ہیں :۔
" اور محدثین کرام نے اپنی کتابوں میں فرمایا ہے
اور محدثین ان کے عقائد اور ہفوات سے
بیزار ہیں اور وہ سب ابو حنیفہ اور اس کے ساتھیوں
کی گمراہی پر مجتمع ہیں جیسا کہ بیان ہوا۔ اور جو بھی
باطل عقیدہ ہے تو حنفیوں نے بھی بالکل وہی بات

كما مر وكان الامام محمد بن عبدالوهاب النجدى وآله واصحابه وناصروهم محدثين مبلغين متبعى السنة ومحبيها مستقيمين على التوحيد فايدهم الله عز وجل تايئدا تاما وفتح الله لهم خزآئن الارض ومفاتيحها واعطاهم الله تعالى ما اعطى احدا من العالمين ولو كره المقلدون.

اپنائی۔ امام محمد بن عبدالوہاب نجدی ان کی اولاد اور ان کے ساتھی اور ان کے حامی و مددگار محدث، مبلغ، سنت کے تابعدار اور سنت کے شیدا پیار کرنے والے تھے۔ توحید پر مستقیم تھے اور ان کی اللہ پاک نے پوری پوری مدد کی اور ان کے لئے زمین کے خزانے اور اس کی چابیاں کھول دیں اور ان کو وہ کچھ عطا فرمایا جو اللہ تعالیٰ نے دنیا والوں میں سے کسی اور کو نہیں دیا۔ اگرچہ یہ بات تقلید کے پجاریوں کو ناگوار ہو۔

ابو حنیفہ کی آرائیت

قال الله تعالى: وَيَقُولُونَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ (النور)

اقول كلما عرض حديث النبى صلى الله عليه وسلم على ابى حنيفة فيعارضه مثلاً قال النبى صلى الله عليه وسلم البيعان بالخيار مالم يتفرقا فعارضه ابوحنيفة. وجعل يقول أرأيت ان كان فى سفينة؟ أرأيت ان كان فى سجن؟ أرأيت ان كان فى سفر كيف يفترقان؟ وعن صالح الفراء

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں اور اطاعت کرتے ہیں پھر ان میں سے ایک فریق منہ موڑ لیتا ہے اس کے بعد۔ درحقیقت وہ ایمان والے ہی نہیں ہیں۔" (النور)

میں کہتا ہوں کہ جب بھی ابوحنیفہ پر حدیث نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پیش کی جاتی تھی، تو اس کا معارضہ پیش کرتا۔ مثلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے کہ "واپار کرنے والے فریقین کو اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں۔" اس کے مقابلہ میں ابوحنیفہ نے یہ اعتراض کیا "سوال یہ ہے کہ اگر وہ دونوں کشتی، قید یا سفر میں ہوں تو جدا کیسے

...ل سمعت يوسف بن اسباط يقول
...ابوحنيفة على رسول الله صلى
...عليه وسلم اربع مائة حديث او
...ثر. واذ عرض عليه حديث
...ى صلى الله عليه وسلم فيقول هذا
...ر وهذا سجع او هذا خرافة
...هذيان او حك بذنب خنزير او
...اخذ به او دعنا عن هذا ومر
...سيله. وكان عامر بن الشراحيل
...عبى مبغضا لاهل الرأى وشديدا
...يهم فيروى عنه صالح بن مسلم
...بكرى وهو يقول سمعت الشعبى
...ول والله! لقد بغض هؤلاء القوم
...ت المسجد حتى لهوا بغض الى من
...ناسة دارى. قلت من هم يا ابا
...مر؟ قال الارائيون. قال فيهم
...حكم وحماد بن ابى سليمان واصحابهم.
(جامع بيان العلم لابن عبد البر ص ١٦٤
ج ٢)

وايضا عنه كنت مع الشعبى و
...يدى فى يده او يده فى يدى فانتهينا
...ن المسجد فاذا حماد فى المسجد
...حوله اصحابه ولهم ضوضاة واصوات
قال فقال والله! لقد بغضنى

ہوں گے؟

صالح الفراء سے روایت ہے کہ میں نے یوسف بن اسباط کو کہتے ہوئے سنا کہ ابوحنیفہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر چار سو یا اس سے زیادہ احادیث پر اعتراض وارد کیا۔ جب اس پر کوئی حدیث نبی پیش کی جاتی تو کہنے لگتا کہ یہ تو پرندہ کی بولی ہے یا شعر کی تک ہے یا یہ بکواس ہے یا دیوانہ کی بڑ ہے یا خنزیر کی دم سے اسے کھرچ ڈال۔ یا میں تو اسے نہیں لوں گا یا اسے رہنے بھی دو۔ اور اس کی تفصیل گذر چکی۔ اور عامر شعبی اہل رائے سے شدید خار کھاتا اور ان سے بغض رکھتا تھا۔ تو ان سے صالح بن مسلم بکری روایت کرتے ہیں کہ میں نے شعبی کو کہتے سنا کہ خدا کی قسم! ان لوگوں نے مسجد کو میرے لئے مبغوض بنا دیا۔ یہاں تک کہ میرے لئے اسے گھر کے کوڑے کرکٹ سے بھی بدتر بنا دیا۔ میں نے کہا کہ اے ابو عمر! کون ہیں وہ لوگ؟ جواب دیا "یہی قیاس کرنے والے!" راوی کہتا ہے کہ ان میں حکم، حماد بن ابی سلیمان اور ان کے ساتھی شامل ہیں (جامع بیان العلم لابن عبد البر ج ۲ ص ۱۶۴)

اسی صالح سے روایت ہے کہ میں شعبی کے ساتھ تھا میرا ہاتھ اس کے ہاتھ میں تھا یا اس کا ہاتھ میرے ہاتھ میں تھا تو ہم مسجد کو پہنچے تو مسجد میں حماد تھا اور اس کے ارد گرد اس کے ساتھی تھے اور ان کا شور و غوغا بلند تھا۔ شعبی نے کہا کہ ان لوگوں نے

هٰؤلآءِ هٰذا المسجد حتی ترکوه
ابغض الیّ من کناسة داری معاش
الصعافقة فانصاع راجعا ورجعنا
(طبقات ابن سعد ص ۲۵۱ ج ۶) ۔
وعنه قال لی عامر الشعبی یوما
وهو اخذ بیدی : انما هلکتم
حین ترکتم الآثار و اخذتم
المقاییس ۔ لقد بغض الیّ هٰذا
المسجد فلهوا بغض الیّ من کناسة
داری هٰؤُلآءِ الصعافقة ۔
(الاحکام فی اصول الاحکام ص ۳۳
ج ۸) وعنه قال لی عامر الشعبی
انما هلکتم بانکم ترکتم الآثار
واخذتم بالمقاییس وقد بغض
الیّ من کناسة داری یعنی اصحاب
الرأی (حلیة الاولیاء ص ۳۲۰ ج ٤) ۔
وصالح بن مسلم البکری ثقة ۔
(الجرح والتعدیل لابن ابی حاتم
ص ٤۱۲ ج ۲) ومعنی الصعافقة
الاراذل ۔ وقال ابراهیم بن بشار
حدثنا سفیان ابن عیینة قال
مررت بابی حنیفه وهو مع اصحابه
المسجد و لقد ارتفعت اصواتهم
فقلت یا ابا حنیفة اهٰذا فی المسجد

(اپنے اس عمل بد کی بدولت) اس مسجد کو میرے لئے مبغوض
بنادیا۔ یہاں تک کہ انہوں نے اسے میرے گھر کے کوڑے
کرکٹ کی جگہ سے بھی بدتر بنادیا۔ انتہائی ذلیل درجے
کے لوگ ہیں یہ ۔ پھر وہ واپس لوٹے تو ہم بھی لوٹ
آئے (طبقات ابن سعد صـ۲۵۱ ج ۶) اور صالح سے
ہی روایت ہے کہ ایک دن عامر شعبی نے مجھے کہا جبکہ
وہ میرا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے کہ تم لوگوں نے جب سے
احادیث کو چھوڑ کر قیاس کی باتوں کو اختیار کیا ہے
ہلاکت میں پڑ گئے ہو۔ تحقیق ان لوگوں نے میرے لئے
اس مسجد کو مبغوض بنا دیا ۔ یہاں تک کہ وہ میرے لئے
میرے گھر کے کوڑے کرکٹ سے بھی بدتر بنا دی گئی ۔
یہ کمینہ لوگ ہیں (احکام فی اصول الاحکام صـ۳۳
ج ۸) اور ان ہی سے روایت ہے کہ مجھے عامر شعبی
نے کہا کہ تم ہلاکت میں پڑ گئے ۔ کیونکہ تم لوگوں نے
احادیث کو چھوڑ کر قیاسات کو اپنا لیا اور ان رائے
والوں نے اس مسجد کو میرے گھر کے کوڑے کرکٹ کی
جگہ سے بھی بدتر بنا دیا (حلیۃ الاولیاء صـ۳۲۰ ج ۴)
اور صالح بن مسلم بکری ثقہ ہیں (جرح وتعدیل
ابن ابی حاتم صـ۴۱۲ ج ۲) اور صعافقہ کے معنی ہیں
رذیل لوگ ۔ اور ابراہیم بن بشار سے روایت
ہے کہ سفیان بن عیینہ نے ہمیں بتایا کہ میں ابو
حنیفہ کے ہاں سے گذرا جبکہ وہ اپنے ساتھیوں کے
ساتھ مسجد میں تھے اور ان کی آوازیں مسجد میں گونج
رہی تھیں ۔ میں نے کہا کہ ابو حنیفہ ! مسجد میں اس

الصوت لاینبغی ان یرفع فیه۔
فقال دعهم فانهم لایفقهون الا
بهذا۔ (جامع بیان العلم ص ۱۳۹ ج ۱)
وقال عبدالحمید بن عبدالرحمٰن
الحمانی حدثنی ابوحنیفة قال رأیت
الشعبی الخز ویجالس الشعرآء
فسألته عن مسئلة فقال مایقول
فیها بنو استها یعنی الموالی (ابن
سعد ص ۶۵۱ ج ۱)
معنٰی بنو استها بنوالاماء. وعن عبد
الله بن ابی السفر وکان یقول (الشعبی)
اذا مر علیهم ما یقول هٰؤلاء الصعافقة
وقال بنو استها (ابن سعد ص ۶۵۱ ج ۱)
وقال الشعبی انما هلك من کان قبلکم
فی أرأیت (جامع بیان العلم ص ۱۴۱ ج ۱)
وقال الشعبی ما رأیتُ قوما اعظم
احلاما ولا افقه رجالا من قوم صحبوا
ابن مسعود. لولا الصحابة مافضّلت
علیهم احدا (حلیة الاولیاء ص ۱۷۰
ج ۴ وابن سعد)
وقال علی وسعید بن جبیر ان
اصحاب ابن مسعود سرج هذه القریة
(حلیة الاولیآء ص ۱۷۰ ج ۴ وطبقات
ابن سعد) وقال ابووائل شقیق بن

طرح آوازیں تو بلند نہیں کرنی چاہئیں۔ انہوں نے
جواب دیا کہ ان کو چھوڑ دو۔ یہ لوگ اس کے سوا کچھ
سمجھتے ہی نہیں۔ (جامع بیان العلم ص ۱۳۹ ج ۱)
اور عبدالحمید بن عبدالرحمٰن الحمانی کہتے ہیں
کہ مجھے ابوحنیفہ نے بتایا کہ میں نے شعبی کو دیکھا کہ
اچھا پہنتے ہیں اور شعراء کی مجالس میں بیٹھتے ہیں
تو میں نے ان سے ایک مسئلہ پوچھا۔ کہنے لگے کہ
اس کے بارے میں غلام لوگ کیا کہتے ہیں؟
(ابن سعد ص ۶۵۱ ج ۱) اور لفظ بنو استها
کے معنٰی باندھیوں کے لڑکے ہیں۔ اور عبداللہ
بن ابی السفر سے روایت ہے کہ شعبی کہتے تھے کہ
جبکہ ان اہل رائے پر ان کا گذر ہوتا تھا کہ یہ ذلیل
لوگ یا کہتے کہ یہ باندھیوں کی اولاد کیا کہتے ہیں؟
(ابن سعد ص ۶۵۱ ج ۱) شعبی فرماتے ہیں کہ پچھلی
قومیں ارأیت کی وجہ سے ہلاک ہوئیں (جامع
بیان العلم ص ۱۴۱ ج ۱) اور شعبی کہتے ہیں کہ میں
نے عقلمندی اور تفقہ کے لحاظ سے ابن مسعود
کے شاگردوں سے بڑھ کر کوئی نہیں دیکھا۔ اگر شان
صحابی کا لحاظ نہ ہوتا تو میں ان پر کسی کو فضیلت
نہ دیتا (حلیۃ الاولیاء ص ۱۷۰ ج ۴۔ ابن سعد)
علی بن المدینی اور سعید بن جبیر کہتے ہیں کہ ابن
مسعود کے شاگرد اس گاؤں کے چراغ ہیں۔
(حلیۃ الاولیاء ص ۱۷۰ ج ۴ وطبقات ابن سعد)
اور ابووائل کہتے ہیں کہ ان سے شقیق بن سلمہ

سلمة قال له ایاك ومجالسة من یقول ارأیت ارأیت (الاحکام فی اصول الاحکام ص ٥٥ ج ٦، جامع بیان العلم واعلام الموقعین) وقال الاعمش قال لی ابراهیم: علیك بشقیق فانی قد ادرکت اصحٰب عبد الله وهم متوافرون وهم یعدونه من خیارهم (ابن سعد ص ٩٩ ج ٦ وتهذیب ص ٣٦٢ ج ٤) وقال شقیق لا تقاعد اصحاب ارأیت. (جامع بیان العلم ص ١٤٦ ج ٢ وابن سعد ص ١٠١ ج ٦) والامام شقیق هو صدوق ثقة صالح لکن شقیق الضبی کان من اهل الرأی. وقال ابو عبد الرحمٰن عبد الله بن حبیب السلمی تلمیذ ابن مسعود، من یصاحب و لیتقاعد مع شقیق الضبی فهو لا یأتی فی مدرستنا. فقال شقیق الضبی لابی عبد الرحمٰن لم تمنع الناس من صحبتی؟ فقال انی رأیتك مضلا لدینك تطلب ارأیت ارأیت (حلیة الاولیاء ص ١٩٤ ج ٤) وقال سعید بن منصور حدثنا خلف ابن خلیفة حدثنا ابو زید عن الشعبی قال قال ابن مسعود ایاکم وارأیت ارأیت

نے کہا کہ ارأیت ارأیت کرنے والوں کی مجلس سے بچو۔ (الاحکام فی اصول الاحکام ص۵۵ ج ۶ جامع بیان العلم واعلام الموقعین) اور اعمش نے کہا کہ مجھے ابراہیم نے کہا کہ شقیق کی مجلس کو لازم پکڑلو۔ کیونکہ میں نے ابن مسعود کے طلبہ کو جبکہ وہ بہت سے تھے اس حالت میں پایا کہ وہ شقیق کو ان میں سب سے افضل جانتے تھے۔ (ابن سعد ص۹۹ ج ۶، تہذیب ص۳۶۲ ج ۴)

شقیق فرماتے ہیں کہ ارأیت والوں میں مت بیٹھا کرو۔ (جامع بیان العلم ص۱۴۶ ج ۲ ابن سعد ص۱۰۱ ج ۶) اور امام شقیق سچے اور ثقہ اور صالح ہیں لیکن شقیق الضبی رائے والوں میں سے تھا۔ اور ابو عبد الرحمٰن عبد اللہ بن حبیب السلمی ابن مسعود کے شاگرد نے کہا کہ جو شخص شقیق ضبی کی مجلس میں آتا جاتا ہو تو ایسا آدمی ہماری درسگاہ میں نہ آئے۔ شقیق ضبی نے ابو عبد الرحمٰن سے کہا کہ لوگوں کو میری صحبت اور مجلس سے کیوں روکتے ہو؟

انہوں نے کہا کہ میں نے تمہیں اپنے دین میں گمراہ پایا۔ تجھے تو بس ارأیت ارأیت کی تلاش ہے (حلیۃ الاولیاء ص۱۹۴ ج ۴) اور سعید بن منصور کہتے ہیں کہ ہم سے خلف ابن خلیفہ نے بیان کیا ان سے ابوزید نے شعبی کے حوالہ سے بیان کیا کہ ابن مسعود نے فرمایا کہ خود کو ارأیت ارأیت سے

فانما هلك من كان قبلكم بارأيت ارأيت ولا تقيسوا شيئًا فتزل قدم بعد ثبوتها واذا سئل احدكم بما لم يعلم فليقل لا اعلم فانه ثلث العلم (اعلام الموقعين ص ۲۰ ج ۱) ويقول العجلى لا يكاد الشعبى يرسل الا صحيحا (تهذيب التهذيب ص ۶۷ ج ۵) وقال ابن مسعود ثم يحدث قوم يقيسون الامر برأيهم فينهد الاسلام وينثلم (جامع البيان ص ۱۳۵ ج ۲، والاحكام ابن حزم ص ۲۹ ج ۸) روى الشعبى عن عمرو بن حريث عن عمر بن الخطاب رضى الله عنه اياكم و اصحاب الرأى فانهم اعداء السنن اعيتهم ان يحفظوها فقالوا بالرأى فضلوا واضلوا (الاحكام فى اصول الاحكام ص ۴۲ ج ۶) وقال الشعبى اذا اختلف الناس فى شيء فخذوا بما قال عمر (اعلام الموقعين ص ۶ ج ۱) وقال الشعبى لابى يزيد داؤد ابن يزيد اياك والمقايسة فى الدين. فاذا انت قد احللت حراما او حرمت حلالا لا تزل قدم بعد ثبوتها وفى رواية لا تتبع مسئلتك ارأيت

بچائے رکھنا۔ کیونکہ تم سے جو پہلے قومیں تھیں وہ ارأیت ارأیت کی وجہ سے ہلاک ہوئیں اور کوئی بات قیاس سے مت کہو کیونکہ پھر ثبوت اور ثابت قدمی کے بعد پھسل کر رہ جاؤ گے اور جب کوئی ایسی بات پوچھے جو معلوم نہ ہو تو کہنا چاہیئے کہ میں نہیں جانتا۔ کیونکہ یہ علم کی تہائی ہے (اعلام الموقعین ص ۲ ج ۱) عجلی فرماتے ہیں کہ شعبی صحیح حدیث ہی ارسال کر کے بیان کرتے تھے۔ (تہذیب ص ۶۷ ج ۵) ابن مسعود فرماتے ہیں کہ اس کے بعد ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو معاملات کو رائے پر قیاس کریں گے جس کی وجہ سے اسلام ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائیگا (جامع البیان ص ۱۳۵ ج ۲، الاحکام ابن حزم ص ۲۹ ج ۸) امام شعبی عمرو بن حریث کے واسطے سے حضرت عمرؓ کی روایت بیان کرتے ہیں "اپنے آپکو اصحاب رائے سے بچاؤ کیونکہ وہ سنت کے دشمن ہیں وہ ان کو یاد کرنے سے عاری ہیں لہذا رائے سے بات کہتے ہیں خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں (الاحکام ص ۴۲ ج ۶) امام شعبی فرماتے ہیں کہ جب لوگ کسی بات میں اختلاف کریں تو وہ بات اختیار کریں جو عمرؓ فرمائیں۔ (اعلام الموقعین ص ۶ ج ۱) اور شعبی نے ابو یزید داؤد ابن یزید سے کہا کہ اپنے آپکو دین میں قیاس سے بچانا۔ اس لئے کہ جب تم نے کسی حرام کو حلال قرار دیا یا حلال کو حرام بنا دیا تو تمہارے پاؤں اکھڑ

ارأيت الى ان قال لا تقس بشيء
فتحرم حلالا و تحل حراما (حلية
الاولياء ص ٣١٩ ج ٤، والاحكام فى
اصول الاحكام ص ٢٢ ج ٨) ووصى
الشعبى لتلميذه عبد الملك بن
سعيد بن حبان بن ابجر الكوفى
فقال ما حدثوك عن اصحاب محمد
صلى الله عليه وسلم فخذوه وما قالوا
برأيهم فبُل عليه (حلية الاولياء
ص ٣١٩ ج ٤ و الاحكام لابن حزم)
وقال الشعبى ما تصنع برأيي بُلْ
على رائى (ص ٣٥ ج ٢) ما كلمة ابغض
الىّ من "أرأيتَ" (جامع البيان
ص ١٤٦) قال مجالد قال الشعبى عن
مسروق عن ابن مسعود لعن الله
ارأيتَ (الاحكام لابن حزم ص ٤٩ ج ٢)
ابوحنيفة قال اتيت الشعبى فسالته عن اشياء
فاستقبلنى عن مكروه فتركت الاختلاف
اليه ثم ندمت على ذلك فسمعت عن
رجل او رجلين ومن كان مثله فى
العلم والسنن (مناقب ابى حنيفة
للكردرى ص ٤ ج ٢) قال ابوحنيفة
كنت شابا فذهبت الى الشعبى وسالت
منه مسائل كثيرة فاجابنى بمكروه

جائیں گے۔ ایک دوسری روایت میں وہ کہتے ہیں کہ
اپنا مسئلہ ارأیت ارأیت میں تلاش مت کرو یہاں
تک کہ کہا کہ کسی بات میں قیاس مت کرو تو تم حلال کو
حرام اور حرام کو حلال قرار دے دو۔ (حلیۃ الاولیاء
ص ۳۱۹ ج ۴، الاحکام ص ۲۲ ج ۸) اور شعبی نے
اپنے شاگرد عبدالملک بن سعید بن حبان بن ابجر کوفی
سے وصیت کرتے ہوئے کہا کہ جو کچھ تم سے اصحاب
محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث بیان کریں تو
اسے اخذ کر لو اور جو اپنی رائے سے بیان کریں تو اس
پر پیشاب کر دے (حلیۃ الاولیاء ص ۳۱۹ ج ۴،
الاحکام لابن حزم) شعبی کہتے ہیں کہ میری رائے
کو تم کیا کرو گے، اس پر پیشاب کر دے ص ۳۵ ج ۲)
مزید فرماتے ہیں "ارأیت" سے بڑھ کر کوئی لفظ
مجھے مبغوض نہیں (جامع البیان ص ۱۴۶) مجالد شعبی
سے وہ مسروق سے وہ ابن مسعود کا قول بیان
کرتے ہیں کہ "ارأیت" پر اللہ کی لعنت ہو۔ (الاحکام
ص ۴۹ ج ۲) ابوحنیفہ نے کہا کہ میں شعبی کے پاس
آیا۔ ان سے چند مسائل معلوم کیے تو وہ ناپسند
رویہ سے پیش آیا۔ لہٰذا میں نے اس کے ساتھ
اپنا اختلاف ختم کر دیا۔ پھر میں اس پر نادم ہوا۔
پھر میں نے ایک یا دو آدمیوں سے جو علم و احادیث
میں ان کے ہم پلہ تھے (یہ بات) سنی۔ مناقب ابی
حنیفہ کردری ص ۴ ج ۲) ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ میں نوجوان
تھا۔ پھر میں شعبی کے پاس گیا اور ان سے بہت سے

اخرجني من مدرسته ثم جئت الى حماد و تفقهت به (مناقب الكردري ص ۱۱۹ ج ۲، جامع المسانيد ص ۲۵۵ ج ۲، ص ۲۸ ج ۱ مختصرا وموفق ص ۶۴ ج ۱) وكان ابوحنيفة ارائيا وقياسيا لهذا اخرجه وكان الشعبي شديدا على اهل الأراء (اللمحات ص ۲۷۴ ج ۱)

مسائل معلوم کیے تو مجھے ترش روئی کے ساتھ جواب دیا اور اپنے مدرسہ سے نکلوا دیا پھر میں حماد کے پاس آیا اور ان سے فقہ کی تحصیل کی (مناقب کردری ص ۱۱۹ ج ۲، جامع المسانید ص ۲۵۵ ج ۲، ایضاً ص ۲۸ ج ۱ مختصراً اور موفق ص ۶۴ ج ۱) اور ابوحنیفہ حجت باز اور قیاس پرست آدمی تھا۔ اس وجہ سے شعبی نے اسے نکلوا دیا کیونکہ شعبی قیاس والوں پر سخت تھا۔ (اللمحات ص ۲۷۴ ج ۱)

ابوحنیفہ کی تابعیت کی حقیقت

قال المقلدون ان ابا حنيفة كان تابعيا وقد روى من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم احاديث لكن احوال ابي حنيفة ومسانيدها تنكرها والاسناد من الدين كما مر تفصيله لكن المقلدين تركوا السند في الدين لان الدين عندهم "الرأي الحسن" ولا للرأي سند. لهذا يقولون ما يشاؤن ويروون ما يشاؤن. قال حمزة السهمي سمعت الدارقطني يقول لم يلق ابوحنيفة احدا من الصحابة رضي الله عنه الا انه رأى انسا بعينه ولم يسمع منه. وقال الخطيب لا يصح لابي حنيفة سماع من انس (تبييض الصحيفة ص ۱۳۱) ولكن

مقلدین حضرات کہتے پھرتے ہیں کہ ابوحنیفہ تابعی ہیں۔ اور انہوں نے اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث روایت کی ہیں۔ لیکن ابوحنیفہ کا احوال اور اس کی مسانید اس دعویٰ کی تردید کرتی ہیں اور اسناد دین کا جز ہے جیسا کہ اس کی تفصیل گذر چکی۔ لیکن مقلدوں نے دین میں سند کو ہی اڑا دیا کیونکہ دین ان کے نزدیک "اچھی رائے" کا نام ہے اور ظاہر ہے رائے کے لئے سند کی ضرورت نہیں ہے، اس لئے جو چاہتے ہیں کہتے ہیں اور جو چاہتے ہیں، روایت کرتے ہیں۔ حمزۃ السہمی نے کہا کہ میں نے امام دارقطنی سے سنا کہ ابوحنیفہ کسی صحابی سے نہیں ملے مگر یہ کہ انہوں نے انس رض کو دیکھا تو ہے لیکن ان سے کوئی حدیث نہیں سنی۔ خطیب نے فرمایا کہ ابوحنیفہ کا انس رض سے سماع ثابت نہیں (تبییض الصحیفہ ص ۱۳۱) لیکن ابوحنیفہ کی حدیث کسی صحابی سے

لم تثبت له رواية عن احد منهم
(شذرات الذهب ص ۲۲۷ ج ۲) لما
نزلت الآية " وَآخَرِينَ لَمَّا يَلْحَقُوا
بِهِمْ" فقال لهم اصحاب رسول الله صلى
الله عليه وسلم وفينا سلمان يارسول الله
من هم هؤلاء فقال رسول الله صلى
الله عليه وسلم واضعا يده على سلمان
لوكان الايمان بالثريا لناله رجال
من اهل فارس. فقال المقلدون اراد
النبي صلى الله عليه وسلم به ابا حنيفة
كما قال السيوطي " لكن في روايات
البخاري ومسلم لفظ رجال بالجمع
فلايصح ان يراد به ابوحنيفة. وفي
الترمذي ص ۲۳۲ ج ۲ والنسائي و
تاريخ ابي نعيم الاصبهاني بروايات
ابي هريرة. وفي فتح الباري ص ۴۵۳ ج ۲
وعمدة القاري ص ۲۳۷ ج ۱۹ بلفظ
الجمع فتعين الجمع وايضا في تاريخ
ابي نعيم بروايات ابن مسعود وجابر
بن عبد الله وسلمان وعائشة وعلى
رضي الله عنهم بلفظ الجمع باليقين.
فزال الشك. ففي هذه الرواية
رجال من ابناء الفارس وفي رواية
قوم من اهل فارس برقة قلوبهم.

ثابت نہیں ہے (شذرات الذہب ص۲۲۷ ج ۲)
جب یہ آیت نازل ہوئی (ترجمہ) اور ان میں
دوسرے وہ لوگ ہیں جو ان کے ساتھ نہیں ملے تو نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں نے پوچھا جبکہ سلمان
فارسی ان میں تھے کہ یا رسول اللہ! یہ کون لوگ ہیں
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلمان فارسی پر اپنا
ہاتھ رکھتے ہوئے فرمایا کہ اگر ایمان ثریا پر بھی ہو
تو اہل فارس اسے پہنچ کر رہیں گے۔ تو مقلدوں
نے کہنا شروع کردیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس سے
مراد ابوحنیفہ ہیں جس طرح علامہ سیوطی فرماتے
ہیں کہ " لیکن بخاری ومسلم کی روایات میں لفظ
رجال جمع وارد ہے پس اس سے ابوحنیفہ مراد
لینا درست نہیں ہوسکتا۔ اور ترمذی ص۲۳۲ ج ۲
اور نسائی نیز تاریخ ابی نعیم اصفہانی میں ابوہریرہ
کی روایات ہیں۔
اور فتح الباری ص۴۵۳ ج ۲ اور عمدۃ
القاری ص۲۳۷ ج ۱۹ میں بھی جمع کے لفظ سے یہ
حدیث ہے۔ لہٰذا جمع کا تعین ہوگیا۔ نیز ابونعیم
اصفہانی کی تاریخ میں ابن مسعود، جابر بن عبداللہ،
سلمان، عائشہ اور علی رضی اللہ عنہم کی جو روایات
ہیں اس میں یقین کے ساتھ لفظ جمع وارد ہے لہٰذا
شک کا ازالہ ہوگیا۔ تو اس روایت میں الفاظ
ہیں " اہل فارس کے کچھ لوگ" ایک روایت میں
ہے کہ " اہل فارس کی ایک قوم اپنے دلوں کی رقت

فهذه الروايات بالجمع و فی رواية بالشك لناله رجاله او رجل من هؤلاء (بخاری) فقال المقلدون يراد بالواحد ابوحنيفة وبالجمع اتباعه. لكن هذه التاويل لا يصح لان روايات الاخرى جاءت بالجمع فيبطل تاويلهم و ان سلم اذ كان مقلدو ابی حنيفة كلهم من اهل فارس بل غيرهم اكثر منهم فهل يخرجونهم من الاحناف ؟ و ايضًا يكون ابو حنيفة منهم فلا فضل له بل يكون مساويا لهم ويجب ايضًا عليهم ان يسلموا ان يكونوا اتباعهم مجتهدين فيصيرون خارجين من تقليده.

وقد ذكرت نسب ابی حنيفة من قبل فلا يصح ان يكون من اهل فارس. بل قيل تيمی، قيل كابلی وقيل انباری وقيل بابلي وقيل نسائی وقيل ترمذی وقيل خراسانی و قيل نبطي. لهذا لا يصح نسبه باليقين. فيبطل تاويلهم. وفی تاريخ ابی نعيم عن ابی عثمان النهدی قال سمعت سلمان رضی الله عنه يقول قال رسول الله صلی

کی وجہ سے" پس یہ روایت بھی جمع کے لفظ کے ساتھ ہے۔ اور ایک روایت میں شک کے ساتھ ہے کہ (ترجمہ)... تو اسے حاصل کریں گے چند لوگ یا کوئی آدمی ان میں سے (بخاری) اس پر مقلدوں نے کہنا شروع کر دیا کہ جہاں واحد ہے وہاں ابوحنیفہ اور جہاں جمع ہے وہاں اس کے مقلد مراد ہیں۔ لیکن یہ تاویل بھی درست نہیں کیونکہ دوسری روایات جمع (قوم من اہل فارس) کے ساتھ وارد ہے لہذا ان کی تاویل باطل ہوئی۔ اگر ان کی مذکورہ بات تسلیم کر لی جائے تو ابوحنیفہ کے سارے مقلد اہل فارس میں سے ہونے ضروری ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ غیر فارسی اس کے مقلد زیادہ ہیں تو کیا ان کو احناف کے دائرے سے خارج کر دیں گے؟ نیز ابوحنیفہ بھی ان کے ایک فرد ہونگے لہذا ان کو دوسروں پر کوئی فضیلت نہ ہوگی بلکہ وہ ان کے مساوی ہوگا۔ اس کے علاوہ ان کو یہ بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ ان کے اتباع مجتہد ہیں تو ابوحنیفہ کی تقلید سے خارج ہوں گے۔ اس سے قبل میں نے ابوحنیفہ کا نسب بیان کیا لہذا ان کا اہل فارس سے ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ کہا گیا کہ وہ تیمی ہیں۔ یہ بھی قول ہے کہ کابلی ہیں۔ کسی نے انباری بتایا اور کسی نے بابلی۔ کہا گیا کہ نسائی یا ترمذی یا خراسانی یا نبطی ہیں۔ لہذا قطعیت سے اس کا نسب ثابت نہیں ہوتا تو اس کی تاویل باطل ہوئی۔ تاریخ ابی نعیم میں ابوعثمان نہدی سے روایت ہے کہ میں نے سلمان رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ

الله علیہ وسلم یا سلمان ! لو کان
الدین معلقا بالثریا لتناولہ ناس
من اھل فارس یتبعون سنتی
ویتبعون آثاری یکثرون الصلوٰۃ
علیّ فھٰذا الحدیث ایضاً (فی فتح
الباری ص ٤٥٤ ج ٨)

فظھر من ھٰذا الحدیث
فضل المحدثین لانھم یصلون علی
النبی صلی اللہ علیہ وسلم کلما جاء اسمہ
الشریف و یکتبون علیہ صلوٰۃ و
یعملون علی سنتہ صلی اللہ علیہ وسلم
و یسافرون سفراً طویلاً شدید المشقۃ
زمنا طویلا لحصول الحدیث والعلم
خلافا لاھل الآراء فلا یعلم السفر
الطویل لابی حنیفۃ ورحلاتہ الطویلۃ
لحصول الحدیث. الا انہ کان یلبس
الثیاب المطیۃ المعطرہ الجدیدۃ
کالامراء وفی مجلسہ لاصلوٰۃ علی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم ولا سکینۃ ولا وقار
کما ذکرت. وفی مناقب ابی حنیفۃ
للموفق ص ٥٧ ج ١ " رحلۃ لعلم الحدیث
کان عاراً لابی حنیفۃ لھٰذا لایکون
مصداق ھٰذا الحدیث ابوحنیفۃ و
لا اتباعہ وکان من قدر اللہ انہ
جعل قطع ھٰذہ المفاوز والصحاری

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے سلمان ! اگر دین
ثریا میں معلق ہوگا تو بھی اہل فارس میں سے چند
لوگ اسے پالیں گے جو میری سنت پر چلیں گے
اور میرے نقش قدم پر چلیں گے اور کثرت سے
مجھ پر درود پڑھیں گے۔ تو یہ حدیث بھی اسی پر
(دلالت کرتی ہے) فتح الباری ص۴۵۴ ج ۸)

اس حدیث سے محدثین کی فضیلت ظاہر
ہوتی ہے کیونکہ جب کبھی نبی کریم کا اسم شریف
آتا ہے وہ آپ پر درود پڑھتے ہیں اور صلوٰۃ
آپ پر لکھتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی
سنتوں پر عمل کرتے ہیں اور طویل سفر طے کرکے
شدید مشقتیں برداشت کرکے طویل زمانہ کاٹ
کر حدیث اور علم کی تحصیل میں لگے رہتے ہیں برخلاف
رائے والوں کے۔ کیونکہ ابوحنیفہ کے کوئی
طویل سفر معلوم نہیں ہوتے اور نہ ہی حصول حدیث
کی خاطر انہوں نے علمی طویل سفر طے کیے ہیں۔ مگر
یہ کہ وہ معطر خوشبودار، قیمتی اور جدید کپڑے پہنتے
رہتے جیسا کہ امراء کا شیوہ ہوتا ہے۔ اس کی مجلس
میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نہ درود پڑھا جاتا تھا اور نہ
اس میں سکینت اور وقار ہوتا تھا، جیسا کہ میں نے
ذکر کیا۔ اور موفق کی کتاب مناقب ابی حنیفہ ص۵۷ ج ۱
میں ہے " تحصیل حدیث کے لئے سفر طے کرنا ابوحنیفہ
کے لئے عار کی بات تھی"۔ اس لئے ابوحنیفہ اور
اس کے مقلد اس حدیث کے مصداق نہیں ہوسکتے۔
اور یہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر کی بات ہے کہ طویل علمی

من حفظ المحدثين كامام الائمة
البخاری والطبرانی لانهما سفرا
سفرًا طويلا كما فی التذكرص ٩١٥
ج ٣ وسافر الطبرانی ثلاثة آلاف
ميلا وبقية بن مخلد الاندلسی سافر
سفرًا طويلًا و ايضا سافر المحدثون
سفرًا طويلا لحصول الاحاديث و
ينالون هٰذه المراتب وضربوا و
سجنوا كالامام احمد ومالك وابن
تيمية الحرانی رحمهم الله تعالیٰ و
سئل الدارقطنی عن رؤية ابی حنيفة
انسًا رضی الله عنه و لقائه وكان

سفر اور صحرانوردی کرنا محدثین کا نصیب تھا جیسا کہ
اماموں کے امام بخاری اور طبرانی تھے۔ کیونکہ انہوں
نے طویل ترین سفر کیے جس طرح کہ تذکرہ ص۹۱۵ ج ۳
میں ہے کہ "امام طبرانی نے تین ہزار میل سفر طے
کیا اور بقیہ بن مخلد اندلسی نے دور دراز سفر
کیا۔ نیز (دیگر) محدثین کرام نے بھی تحصیل حدیث
کی خاطر دور دراز سفر کیے۔ (اس طرح) یہ مرتبت
حاصل کیے اور (اس راہ میں) مار کھائی، قید وبندی صعوبت
برداشت کی۔ جیسا کہ امام احمد، مالک اور ابن
تیمیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوا)
امام دارقطنی سے ابوحنیفہ کی انس رض کے
ساتھ رؤیت اور ملاقات کے بارے میں سوال

تلميذه حمزة بن يوسف السهمی
عنده موجود فاجاب لا ولا رؤيته.
لم يلق ابوحنيفة احدًا من الصحابة
(تاريخ خطيب ص ٤٨ ج ٤ والعلل
المتناهية ص ٦٥ ج ٢) ووافقه المحدثون
اكثرهم ولكن من خالفه ليس
عنده دليل يصدق فيه ولكن خرقوا
اقوال الدارقطنی "لا ولا رؤيته".
فجعلوه "لا الا رؤيته" (كذا فی
اللمحات ص ٢٨٩ ج ٢)
وقال الشعرانی "وقد انعم
الله علیّ بمطالعة مسانيد ابی حنيفة

کیا گیا اور ان کا شاگرد حمزۃ بن یوسف سہمی ان
کے پاس موجود تھا تو انہوں نے جواب دیا کہ نہیں
اور نہ ان کو دیکھا ہے۔ ابوحنیفہ کی صحابہ رض میں سے
کسی سے ملاقات نہیں ہے (تاریخ خطیب ص۴۸
ج ۴، العلل المتناہیہ ص۶۵ ج ۲) اور اکثر محدثین
اس کے موافق ہیں لیکن مخالفین کے پاس اپنے
دعوے کی تصدیق کے لئے کوئی دلیل نہیں لیکن
ان لوگوں نے امام دارقطنی کے اقوال میں تحریف
کردی۔ اور "نہ ملاقات ہے نہ رؤیت" کو اس
طرح بدل ڈالا "ملاقات نہیں مگر رؤیت ہے"
یعنی لفظ "ولا" کو "الا" میں بدل ڈالا۔ (لمحات ص۲۸۹ ج ۲)
امام شعرانی فرماتے ہیں "اللہ کے فضل وانعام

الثلاثة من نسخ صحيحة عليها خطوط الحفاظ. اخرهم الحافظ الدمياطی فرئیتہ لا یروی الاعن خیار التابعین العدول الثقات الذین هم من خیر القرون بشهادة رسول الله صلی الله علیه وسلم کالاسود وعلقمة وعطاء وعکرمة ومجاهد ومکحول والحسن البصری واضرابهم. (میزان ص ٦٤ ج ۱)

فهٰؤلاء التابعون والاسود مات سنة اربع اوخمس وسبعین

سے ابوحنیفہ کے مسانید کے تین صحیح نسخے جن پر حفاظ کے خطوط تھے میں نے مطالعہ کیے۔ ان میں آخری حافظ دمیاطی کا خط ہے۔ تو میں نے اس میں دیکھا کہ ابوحنیفہ بہترین عادل، ثقات تابعین سے روایت کرتا ہے وہ جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی خیر القرون میں سے بتایا گیا ہے جیسے اسود، علقمہ، عطاء، عکرمہ، مجاہد، مکحول اور حسن بصری اور اس طرح کے دوسرے بزرگ۔ (میزان ص۶۴ ج ۱) یہ سب تابعین ہیں۔ اسود کا انتقال ۷۴ھ یا ۷۵ھ میں ہوا۔

وعلقمة مات بعد الستین وقیل بعد السبعین (تقریب) ولد ابو حنیفة فی ثمانین فکیف روی من الموتی الذین ماتوا عشر سنین من قبل ولادته؟ فهٰذا غلو من المقلدین. وقال ابوحنیفة ابراهیم النخعی افقه من عبد الله بن عمر.

اور علقمہ کی وفات ۶۰ھ کے بعد ہوئی اور کہا گیا کہ ۷۰ھ کے بعد (تقریب) جبکہ ابوحنیفہ کی ولادت ۸۰ھ کی ہے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ جو لوگ ابوحنیفہ سے دس سال پہلے فوت ہوئے تو ان سے کس طرح حدیثیں روایت کی ہیں؟ تو یہی مقلدین کا غلو ہے۔ ابوحنیفہ ہی کا قول ہے کہ ابراہیم نخعی حضرت ابن عمر رض سے زیادہ فقیہ ہیں۔

ابوحنیفہ کے اساتذہ

اساتذة ابی حنیفة فی مسانید للخوارزمی الذین روی عنهم ابوحنیفة کذابون وضاعون الضعفاء والمتروکون منهم ابان بن ابی عیاش متوفی ۱۳۸ھ الموفق ص ۴۱ ج ۱، جامع المسانید ص ۲۷۳ ج ۲) فقال الشعبه وابن معین

ابوحنیفہ کے اساتذہ جو خوارزمی کے مسانید میں مذکور ہیں اور جن سے ابوحنیفہ حدیثیں بیان کرتے ہیں وہ جھوٹے، جعل ساز، ضعیف اور متروک ہیں جن میں سے ایک ابان بن ابی عیاش متوفی ۱۳۸ھ ہے (موفق ص۴۱ ج ۱، جامع المسانید ص۲۷۳ ج ۲) اس کے بارے میں شعبہ اور ابن معین کہتے ہیں کہ

ب (تهذيب التهذيب ص ٩٩ ج ١،
يزان الاعتدال ص ٦ ج ١، وجابر
ن يزيد الجعفي متوفي سنة ١٢٧ھ (
مع المسانيد ص ٣٠٤ ج ١) وقال
وحنيفة أكذب الناس وقال الآخرون
ذاب. (تهذيب التهذيب ص ٤٦
ج٢، وميزان الاعتدال ص ٣٨٠ ج ١)
وابو العطوف جراح بن منهال (الموفق
ص ٤٢ ج ١ وجامع المسانيد) قال
الائمة كذاب شارب الخمر غير ثقة
(ميزان ص ٣٩٠ ج ١) ونصر بن
طريف بن جزء (جامع المسانيد ص
٥٦٢ ج ٢) قال يحيٰ هٰذا من المعروفين
بوضع الاحاديث وقال الفلاس
مشهور بالكذب. باتفاق الائمة
(ميزان ص ٣٣١ ج ٣) وعطاء بن عجلان
البصري (جامع المسانيد ص ٥٠٢ ج ٢).
قال يحيٰ بن معين والفلاس كذاب
وضاع (ميزان الاعتدال ص ١٩٩ ج ٢)
وعمرو بن عبيد (جامع المسانيد ص ٢٩٢
قال ايوب ويونس وحميد وابن
حبان كذاب شاتم الصحابة. قال ابن
علية: عمرو بن عبيد موجد مذهب
الاعتزال (ميزان ص ٢٧٣ ج ٣) و

کذاب ہے (تہذیب ص۹۹ ج ۱، میزان الاعتدال
ص۶ ج ۱)
اور جعفر بن یزید جعفی متوفی ۱۲۷ھ (جامع
المسانید ص۳۰۴ ج ۱) اس کے بارے میں خود ابو
حنیفہ کہتے ہیں کہ وہ لوگوں میں سب سے جھوٹا انسان ہے
اور دوسروں نے کہا کہ کذاب ہے (تہذیب
ص۴۶ ج ۲، میزان الاعتدال ص۳۸۰ ج
اور ابو العطوف جراح بن منہال (موفق ص۴۲ ج ۱
جامع المسانید) ائمہ نے فرمایا کہ کذاب شرابی
اور غیر ثقہ تھا (میزان ص۳۹۰ ج ۱) اور نصر بن
طریف بن جزء (جامع المسانید ص۵۶۲ ج ۲) یحییٰ
نے کہا کہ وضع حدیث میں بدنام تھا اور فلاس
کہتے ہیں کہ ائمہ حدیث کے اتفاقی فیصلہ کے
مطابق جھوٹ میں بدنام تھا۔
(میزان ص۳۳۱ ج ۳)
اور عطاء بن عجلان بصری (جامع
المسانید ص۵۰۲ ج ۲) یحییٰ بن معین اور فلاس
کہتے ہیں کہ "جھوٹا اور جعل ساز تھا" (میزان
الاعتدال ص۱۹۹ ج ۲) اور عمرو بن عبید
(جامع المسانید ص۲۹۲) ایوب، یونس، حمید،
اور ابن حبان کہتے ہیں کہ جھوٹا اور شاتم صحابہ تھا
ابن علیہ نے کہا کہ عمرو بن عبید مذہب
اعتزال کا بانی تھا (میزان ص۲۷۳ ج ۳) اور
محمد بن سائب الکلبی متوفی ۱۴۶ھ (جامع

محمد بن سائب الکلبی متوفی س ۱۴۶ھ (جامع المسانید ص ۳۵ ج ۲). متهم بالکذب ورمی بالرفض. (میزان وتقریب) ومحمد بن الزبیر (جامع المسانید ص ۲۵۰ ج ۲) کذاب کذا فی المیزان.

المسانید ص ۳۵ ج ۲) جھوٹ کی تہمت اور رفض کی طرف منسوب تھا۔ (میزان اور تقریب) اور محمد بن زبیر (جامع المسانید ص ۲۵۰ ج ۲) جھوٹا تھا۔ (میزان میں اسی طرح ہے)

فهؤلاء الثمانية اساتذة ابی حنیفة کذابون وضاعون شاتمو الصحابة والمعتزلون والرافضیون سبحان الله! فکیف تلمیذهم؟ (اللمحات ص ۱۶۰ ج ۱) فهذا ابو حنیفة امام ربع الامة ما رأی صحابیا ولم یرو احدا منهم ولا یعلم وطنه الاصلی لکن جاء بالکوفة وسکن هنا وتفقه وطلع هنا قرنه، فهؤلاء اساتذته وتلامذته وعقائده وآرائه واعماله وفقهه ومسکنه،

تو یہ آٹھ افراد ابو حنیفہ کے اساتذہ ہیں۔ پرلے درجے کے جھوٹے، وضاع اور جعل ساز صحابہ کرام کو گالیاں بکنے والے، معتزلی، رافضی، سبحان اللہ اساتذہ کا یہ حال ہے تو شاگرد کا کیا کہنا؟ (لمحات ص ۱۶۰ ج ۱) تو یہ ہیں ابو حنیفہ صاحب ایک چوتھائی امت کے امام صاحب! نہ کسی صحابی کو دیکھا نہ کسی صحابی سے روایت کی اور نہ ہی ان کا اصلی وطن معلوم ہوتا ہے۔ لیکن وہ کوفہ میں آیا، وہیں رہائش اختیار کی اور فقہ حاصل کی اور وہیں اس کا سینگ نمودار رہا تو یہ ہیں ان کے اساتذہ، ان کے تلامذہ، ان کے عقائد ان کے نظریات اور آراء اور ان کے اعمال اور ان کا مسکن

مذاہب اربع کی ترویج کی حقیقت

لما قام العباسیون علی خلافة بغداد وقتلوا الامویین فولی هارون الرشید ابا یوسف القضا الذی حل حراما وحرم حلالا واحل اماء الناس المحرمة بادنی

جب بغداد کی خلافت پر عباسیوں کو تسلط ہوا اور انہوں نے امویوں کا قتل عام کیا تو ہارون الرشید نے ابو یوسف کو قاضی مقرر کیا جس نے حرام کو حلال اور حلال کو حرام قرار دیا۔ لوگوں کی باندیاں معمولی حیلوں سے خلفاء

الحيل للخلفاء كما ذكرت فاعلى
شانه عند الخلفاء و نشر فقه ابی
حنيفة و بث اقواله وجعل الاحناف
قضاة على بلاد العباسيين فصارت
الحنفية مذهبهم ورعاياهم (كما فی
بستان المحدثين ص ۲۶ و اختلاف
امة کا المیه اردو) و الناس على
دين ملوكهم. ففی هذا الفقه الاكراه
جائز. اعنی يقع الطلاق و
العتاق و العدة و ايلاء وغيرها
باكراه. فاحب الخلفاء فقههم وفر
عبد الرحمان بن معاوية الاموی
الى الاندلس واستحكم هنا امره
وخلافته. فلما مات جلس ابنه
هشام على مسنده وكان هشام صالحا
يحب الدين والعلماء وكان فی زمنه
فی المدينة الامام مالك وهو اوذی
فی مسائل الاكراه وضرب وعزر
فی سوق المدينة على جمل عريان و
هو يقول من عرفنی فقد عرفنی
ومن لم يعرفنی فانا مالك بن
انس و اقول طلاق المكره ليس
بشیء.

و كان يحی ابن يحی المصموری

کے حلال قرار دے دیں۔ جیسا کہ میں نے اوپر ذکر
کیا۔ جس کی وجہ سے خلفاء کے دربار میں اس کا
شان بلند ہوا۔ اور ابوحنیفہ کی فقہ اور اس
کے اقوال کو پھیلایا اور عباسی خلافت پر احناف
کو قاضی مقرر کر دیا تو حنفیت ان کا مذہب بن
گئی (بستان المحدثین ص۲۶) اختلاف امت کا
المیہ اردو) اور لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر
ہوتے ہیں۔ تو اس فقہ میں اکراہ جائز ہے یعنی
جبر کی وجہ سے طلاق، غلام کی آزادی، عورت
کی عدت اور ایلاء وغیرہ واقع ہو جاتی ہے
اسی وجہ خلفاء نے ان کی فقہ کو پسند کر لیا۔

اور عبد الرحمٰن بن معاویہ اموی اندلس
کی طرف بھاگ گیا۔ وہاں پر اسکی امارت اور خلافت
مستحکم ہو گئی۔ جب اس کی وفات ہوئی تو
اس کا بیٹا ہشام مسند اقتدار پر بیٹھا۔ ہشام صالح
انسان تھا دین اور علماء سے محبت کرتا تھا۔ اس
کے زمانہ میں مدینہ منورہ میں امام مالک تھے، جن کو
جبری طلاق کے مسائل میں ایذاء دی گئی اور
ننگے اونٹ کی پیٹھ پر بٹھا کر مدینہ کی گلیوں میں
مارا پیٹا گیا۔ اس حالت میں بھی وہ کہتے جاتے تھے
کہ جس نے مجھے پہچانا تو وہ تو پہچانتا ہی ہے اور
جو مجھے نہیں جانتا تو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ میں
مالک بن انس ہوں اور میں کہتا ہوں کہ جبری طلاق
واقع نہ ہوگی۔ اور یحیٰ بن یحیٰ مصموری مؤطا کا

راوى الموطا تلميذ مالك اندلسيا
وكان يمدح عند الخليفة هشام مالكا
وكان المالك يبغض الحنفية والعباسية

کا راوی، مالک کا شاگرد اندلسی تھا اور وہ
خلیفہ ہشام کے ہاں مالک کی تعریف کرتا تھا۔
اور امام مالک احناف اور عباسیوں سے دشمنی

وجبرهم وكان من المحدثين فاحبه
الخليفة هشام واحب مالك هشاما
فصارت المالكية مذهب الاموبين
والاندلس۔ فالعباسية والاموية
كانتا عدوين لدودين فكذالك المالكية
والحنفية كانتا تخالفان لان
المالكية اسست على القرآن و
السنة والحنفية اسست على الآراء
والمقاييس كلاهما ضدان مفترقان
اى تفرق فانتشرت الحنفية و
مسائلها حتى لا يعلم المفتى على اى
قولين افتى واى قول ارجح واقوى
واى امام اعلى واولى واى فقيه
اعلم وافقه فالفقهاء فى الحنفية
كثروا كل احد يخالف غيره
فتارة يقول ابوحنيفة فصاحباه
يخالفانه وتارة يقول محمد الشيبانى
فيخالفه الشيخان وتارة يقول
ابويوسف فيخالفه الطرفان و
تارة اجتمعت هذه الثلاثة وتارة
كل احد يخالف غيره كان الوحى

رکھتا اور ان کے جبر سے نفرت کرتا تھا۔ اور محدثین
میں سے تھا۔ اس وجہ سے خلیفہ ہشام مالک کو اور
مالک اسے پسند کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے مالکیہ
امویوں اور اندلس والوں کا مذہب بن گئی۔
پس عباسی اور اموی خلافتیں ایک دوسرے کی دشمن
تھیں۔ اسی طرح مالکیہ اور حنفیہ ایک دوسرے کی مخالف
بن گئیں۔ کیونکہ مالکیہ قرآن وسنت پر قائم ہوئی۔
اور حنفیہ رائے اور قیاس بازی پر استوار ہوئی
دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں اور دونوں ایک
دوسرے سے جدا ہیں۔ حنفیہ اور اس کے مسائل اس
قدر پھیل گئے کہ یہاں تک کہ فتویٰ دینے والے کو
پتہ بھی نہیں چلتا کہ کونسے قول پر فتویٰ دے اور کونسا
قول راجح اور قوی ہے اور کونسا امام اعلیٰ اور
اولیٰ ہے اور کونسا فقیہ زیادہ علم اور تفقہ والا
ہے۔ کیو مذہب حنفی میں فقہاء کی کثرت ہے۔
ہر ایک دوسرے کی مخالفت پر تلا ہوا ہے۔ پس
کبھی ابوحنیفہ کچھ کہتا ہے تو صاحبین اس کی مخالفت
کرتے ہیں اور کبھی محمد الشیبانی کوئی بات کہتا ہے
تو شیخین کمر مخالفت کس لیتے ہیں۔ کبھی ابویوسف
کوئی فتویٰ دیتے ہیں تو طرفین مخالف ہو جاتے ہیں
اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ تینوں مل جاتے ہیں اور

ينزل عليهم للاختلاف . فالاختلاف
زاد فيهم متى كثر الفقهاء واصحاب
الآراء . فالمالكية ففيها المقلدون
لكنهم مجتهدون محققون . فيحيى
بن يحيى المصمودي فشانه كان اعلى
عند الخليفة وجعله قاضيا من كان
مالكيا كما في بستان المحدثين ص ٢٦
فنشر يحيى المالكية كما نشر ابو
يوسف الحنفية . فاما المالكيون
كان مذهبهم اولا كتاب الله وسنة
نبيه (صلى الله عليه وسلم) وما وضع
امامهم اصولا خلافا للكتاب و
السنة . لكن بمرور الازمنة صار
المالكية ملوثا بالتقليد كالمصالح
المرسلة . لكن في المالكية مجتهدون
كابن عبد البر واسد بن فرات
وعبد السلام التنوخي وابو الوليد
الباجي وابن رشد الكبير وابن
رشد الحفيد وابن العربي صاحب
العواصم من القواصم وامثالهم .
والامام الشافعي محمد بن ادريس
ولد في الغزة سنة ١٥٠ھ ومات ببغداد
سنة ٢٠٤ھ وسافر لحصول العلم
سفرا طويلا وتلمذ عند الامام

کبھی ہر ایک اپنے غیر کی مخالفت کرتا ہے ۔ گویا کہ وہی
ہے جو اختلاف کے لئے ان پر نازل ہوئی ہے ۔ جوں
جوں فقہاء اور رائے والے زیادہ ہوتے گئے
ان میں اختلاف بڑھتا گیا ۔ جہاں تک مالکیہ کا تعلق
ہے تو اس میں مقلدین بھی ہیں لیکن مجتہد اور محقق
بھی ہیں ۔ چنانچہ یحیٰ ابن یحیٰ مصموری جس کو خلیفہ
کے ہاں اعلیٰ مقام حاصل تھا، اور مالکیوں میں سے
اسی کو قاضی بنایا جیسا کہ بستان المحدثین ص ۲۶ میں ہے
تو یحیٰ نے مالکی مذہب کو پھیلایا جس طرح ابو یوسف
نے حنفیت کو پروان چڑھایا ۔ لیکن مالکیوں کا پہلے
مذہب کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم تھا ۔ ان کے امام نے کتاب و سنت کے خلاف
کوئی اصول نہیں بنایا ۔ لیکن مرور زمانہ کے ساتھ
مالکیہ بھی تقلید میں ملوث ہوتی گئی مصالح مرسلہ
اس کی مثال ہے ۔ البتہ مالکیہ میں مجتہدین پیدا
ہوتے رہے جس طرح ابن عبد البر، اسد بن فرات
عبد السلام تنوخی، ابو الولید باجی، ابن رشد
کبیر، ابن رشد حفید اور ابن عربی مصنف کتاب
العواصم من القواصم اور ان کی طرح دوسرے ۔
باقی رہا امام شافعی محمد بن ادریس
کا حال ۔ تو سنہ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور بغداد
میں سنہ ۲۰۴ھ میں وفات کی ۔ حصول علم کی خاطر
انہوں نے طویل سفر کیے اور امام مالک سے
بھی تحصیل علم کی ۔

مالک وکان تلمیذ الشافعی احمد بن حنبل و داؤد الظاهری وابو الثور البغدادی وغیرھم وکان بلیغا فصیح اللسان و البیان ووضع اصول الفقه بین الفقه المالکیة و الحنفیة۔

امام شافعی کے شاگرد امام احمد بن حنبل اور داؤد ظاہری اور ابو الثور بغدادی وغیرہم ہیں اور وہ زبان وبیان میں فصیح وبلیغ تھے اور فقہ مالکیہ اور حنفیہ کے درمیان انہوں نے اصول فقہ وضع کیے۔

(اختلاف امة کا المیہ اردو)

واصل مذھبه الکتاب والسنة وراوی کتبهٔ الربیع بن سلیمان المرادی ومن مقلدیه الربیع ھٰذا وابو اسحاق الفیروزآبادی و ابو حامد الغزالی وابو القاسم الرافعی والشیخ شرف الدین النووی شارح مسلم وتقی الدین علی السبکی وجلال الدین السیوطی صاحب التصانیف الکثیرة المملوئة من الرطب والیابس فمن مقلدیھم اکثرھم المجتھدون المحققون۔

(اختلاف امت کا المیہ)

اور امام شافعی کے مذہب کے بنیادی اصول کتاب وسنت تھے۔ اور ان کی کتابوں کے راوی ربیع بن سلیمان المرادی تھے۔ اور ان کے مقلدین میں یہ ربیع اور ابو اسحاق فیروزآبادی ابو حامد الغزالی، ابو القاسم الرافعی اور شیخ شرف الدین نووی مسلم شریف کے شارح، تقی الدین علی سبکی اور بہت سی رطب ویابس سے معمور کتابوں کے مصنف جلال الدین سیوطی شامل ہیں۔ چنانچہ امام شافعی کے مقلدوں میں بہت سے مجتہد اور محقق تھے۔

واما الامام احمد صاحب مسند وفی ھٰذا المسند اربعون الف حدیث وصاحب الحنبلیة وله مقلدون مجتھدون کالامام ابن تیمیه الحرانی وتلمیذهٔ

اور امام احمد کا احوال۔ تو امام صاحب مسند (احمد) کے جامع ہیں، جس کے اندر ۴۰ ہزار احادیث ہیں اور مذہب حنبلیہ کے بانی ہیں۔ ان کے مقلدوں میں بھی مجتہدین گذرے ہیں۔ جس طرح کہ امام ابن تیمیہ اور ان کے

ابن القيم الجوزی و الامام محمد بن عبد الوهاب النجدی نمؤلاء المجتهدون اصحاب التصانيف الكثيرة الجيدة النافعة واما الحنفية فمذهبهم الآراء و المقاييس ابعد من الكتب و السنة و الاجماع كما هو ظاهر من اصولهم الاربع و الاجماع و القياس و المذاهب الثلاثة غير الحنفية اقرب الى الكتاب والسنة ابعد من الآراء و المقايس بالنسبة الى الحنفية.

شاگرد ابن قیم جوزی اور امام محمد بن عبد الوہاب نجدی۔ یہ سب مجتہد ہیں جنہوں نے بہت ساری نفع والی کتابیں لکھیں۔

باقی رہی حنفیت اور احناف تو ان کا مذہب آراء اور قیاس بازی کے سوا کچھ نہیں ہے اور کتاب وسنت اور اجماع سے دور۔ جیساکہ ان کے چار اصول سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور ضعفاء کا اجماع اور قیاس ان کے مذہب کے رکن ہیں۔ جبکہ حنفیہ کے علاوہ تین دوسرے مذاہب کتاب وسنت سے قریب تر ہیں اور حنفیہ کے مقابلہ میں آراء اور قیاس سے بہت دور ہیں۔

تقلید اور مذاہب اربع کی ترویج کا دوسرے طریقہ سے بیان

ابتداء التقليد وترويج المذاهب الاربعة بطريق آخر. متى انقرض زمن خير القرون و الناس ذهبوا يمينا وشمالا و تركوا الآثار وسنن النبی صلى الله عليه وسلم و اخذوا الاهواء و الآراء واشرب فی قلوبهم التقليد و بغضوا الآثار و الاخبار ويحبون الجدل و الخصومات. ففی هذا الزمن

تقلید کی ابتدا اور مذاہب اربع کی ترویج دوسرے طریقے سے۔ جب خیر القرون کا زمانہ ختم ہوا اور لوگ دائیں بائیں چلنے لگے۔ آثار اور سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ دیا اور آراء و اہواء اور خواہشات نفسانی کے پیچھے چلنے لگے اور ان کے دلوں کے اندر تقلید پرستی رچ بس گئی۔ احادیث و آثار کے ساتھ عناد اور بغض کی فضا پیدا ہوئی اور لوگوں نے بحث وجدل اور مناظرے بازی کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا تو اسی دور میں تقلید کی ابتداء

ابتدأ التقليد ونشأت الفتنة
وثارت مقالات المنافقين الملحدين
المنحرفين فی الناس كلما جاء
زمن بعد زمن هو اشر من
الاول. فالرجل يصبح مؤمنا
ويمسی كافرا ويمسی كافرا و
يصبح مومنا. ويبيع دينه بعرض
من الدنيا ويمشی سنن المغضوبين
والضالين. حذو النعل بالنعل و
قال ابن خلدون فی تاريخه : و
انقسم الفقه الی طريقين. طريقة
اهل الرأی والقياس وهم اهل
العراق. وطريقة اهل الحديث
وهم اهل الحجاز وكان الحديث
قليلا فی اهل العراق كما قدمنا
فاستكثروا من القياس ومهروا
فيه. فلذالك قيل اهل الرأی
ومقدم جماعتهم الذی استقر
المذهب فيه واصحابه ابوحنيفة
(تاريخ ابن خلدون ص ۳۷۲ ج ۱)
وقال الشهرستانی : و اصحاب الرأی
وهم اهل العراق وهم اصحاب
ابی حنيفة نعمان ـ الی ان قال

ہوئی۔ فتنہ وفساد اٹھ کھڑے ہوئے اور منافق
ملحدوں اور منحرفوں کے باطل عقائد اور نظر
لوگوں میں پھیل گئے۔ ایک زمانہ آتا تو وہ پہلے
سے بدتر ہوتا۔ آدمی صبح کو مؤمن ہوتا تو شام
کافر بن جاتا اور اگر شام کو کافر ہوتا تو صبح
والا بن جاتا۔ اور اپنے دین کو دنیا کے چ
کے عوض بیچ ڈالتا اور لوگوں نے یہود ونصا
کے طریقوں کو اختیار کرلیا۔ بلکل ا
نقش قدم پر چل پڑے۔

اور علامہ ابن خلدون اپنی تاریخ میں رقم
ہیں " اور فقہ دو طریقوں پر منقسم ہوگیا ایک
طریقہ قیاس اور رائے والوں کا اور وہ عرا
والے تھے۔ اور دوسرا طریقہ اہل حدیث کا
اور وہ حجاز والے تھے۔ اہل عراق میں حدیث
برائے نام تھی جیسا کہ ہم یہ حقیقت پہلے بیان کر
پس ان لوگوں نے قیاس میں قابلیت حاصل
اور وہ اس میں ماہر ہوئے۔ اس وجہ سے ان
اہل رائے کہا گیا اور عراق میں جن لوگوں کا
قائم ہوا، ان کا پیشوا ابوحنیفہ تھا "۔

(تاریخ ابن خلدون ص ۳۷۲ ج ۱)

اور شہرستانی لکھتے ہیں " اور اصحا
اور وہ عراقی تھے اور یہ لوگ ابوحنیفہ نعمان
مقلد تھے "۔ آگے چل کر لکھتے ہیں :-

...سموا اهل الرأی لان عنایتهم ... وجه من القیاس والاستنباط ... الاحکام وبناء الحوادث علیها ... یقدمون القیاس اخبار ... آحاد (الملل ص ۱۲۲ ج ۱)

اور ان کو اہل رائے اس وجہ سے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ لوگ احکام میں استنباط اور قیاس کے سبب تلاش کرتے رہتے ہیں اور اسی پر حوادثِ واقعات بنیاد رکھتے ہیں اور اکثر اوقات قیاس کو خبر احد پر مقدم رکھتے ہیں (الملل ص۱۲۲ ج۱)

وقال ولی الله : وکان اکثر ...رهم حب التنظیر علی نظیر والرد ... اصل من الاصول دون تتبع ... احادیث والآثار (حجة الله البالغة ... ۱۶۶)

اور شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں کہ "اور احناف کا زیادہ وطیرہ یہ ہے کہ ایک نظیر اور مثال کو دوسرے نظیر اور مثال پر محمول کرتے اور احادیث و آثار کا تتبع کرنے کی بجائے ایک اصل کو دوسرے اصول کی طرف راجع کرتے ہیں (حجۃ اللہ البالغہ ص۱۶۶)

اقول لما ترک الناس آثار النبی صلی الله علیه وسلم واصحابه رضی الله ... مالوا الی التقلید لان امزجة الناس وطبائعهم مختلفة منهم ذو رأی قوی ومنهم ذو رأی ضعیف. فمن یکون فیهم ضعیف الرأی یتبع من یکون قوی الرأی فیلزم فیه التقلید علی الضعیف للقوی فاوجب الناس بارائهم تقلیدهم لغیر امر الله ... الله علیهم ... رعوه حق رعایته فزادوا ... اختلافا وانتزاعا فکان ابو ... فیهم ذا رأی قوی فطوی

میں کہتا ہوں کہ جب لوگوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب رضی اللہ عنہم کے آثار و احادیث کو چھوڑ دیا تو تقلید کی طرف مائل ہو گئے۔ کیونکہ لوگوں کی طبیعتیں اور مزاج مختلف ہوتی ہیں۔ کوئی قوی رائے کا مالک ہوتا ہے تو کوئی کمزور رائے والا۔ تو ان میں جو کمزور رائے والا ہوگا، وہ قوی رائے والے کی پیروی کرے گا۔ جس کی وجہ سے کمزور آدمی پر لازم آئے گا کہ وہ طاقتور رائے والے کی تقلید کرے۔ اس طرح لوگوں نے تقلید کو فرض قرار دیا۔ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بجائے کیونکہ یہ اللہ نے ان پر فرض نہیں کی۔ پھر انہوں نے تقلید کی کماحقہ رعایت بھی نہ کی۔ جس کی وجہ سے ان میں اختلافات اور تنازعات بڑھتے

الناس طوق تقليده فى اعناقهم طوق الحمامة وتركوا الاثار وراء ظهورهم. وقال ولى الله : وكان اشهر اصحابه ذكرًا ابويوسف فولى قضاء القضاة ايام هارون الرشيد فكان سببًا لظهور مذهبه والقضاء به فى اقطار العراق والخراسان و ما وراء النهر (حجة الله البالغة ص۱۵۱ ج ۱) وقال المقرزى : فلما قام هارون الرشيد فى الخلافة وولى القضاة ابويوسف بعد سنة ۱۷۰ھ فلم يقدر ببلاد العراق و الخراسان والشام ومصر الا من اشار له القاضى ابو يوسف واعتنى به وكذا لما قامت بالاندلس دولة الحكم بن هشام و يحىٰ كان مكينا عنده مقبول القول فصار لا يولى القضاة الا من اشار به فانتشر به مذهب المالكية كما انتشر بابى يوسف فى المشرق (الخطط ص ۳۳۳ ج ۲ و بغية الملتمس ونفح الطيب وتاريخ الخلفاء و تاريخ ابن خلدون) وقال المقرىزى وكان الغالب على اهل افريقية السنن و الآثار

گئے۔ ابوحنیفہ چونکہ ان کے اندر قوی رائے والے تھے، اس لئے لوگوں نے اس کی تقلید کا پھندا گلے میں ڈال دیا جس طرح کہ کبوتر کی گردن میں گول دائرہ ہوتا ہے اور انہوں نے احادیث کو پیٹھ پیچھے ڈال دیا۔ شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں " ابوحنیفہ کے سب سے مشہور شاگرد ابویوسف تھے تو ہارون الرشید کے دور حکومت میں وہ قاضی القضاۃ مقرر ہوئے۔ اس وجہ سے ابوحنیفہ کا مذہب پروان چڑھا اور عراق، خراسان اور ماوراء النہر میں ابوحنیفہ کے فقہ سے فیصلے ہونے لگے (حجۃ اللہ ص۱۵۱ ج ۱) اور مقرزی فرماتے ہیں " پھر جب خلافت پر ہارون الرشید فائز ہوا اور سنہ ۱۷۰ھ کے بعد ابویوسف کو قضا کے منصب پر مامور کیا۔ تو عراق، خراساں، شام اور مصر میں ابویوسف کے اشارے پر ہی قاضیوں کا تقرر ہونے لگا۔ اسی طرح جب اندلس میں حکم بن ہشام کی حکومت قائم ہوئی اور یحیٰ اس کے نزدیک قابل قدر اور قابل اعتبار (مالکی مسلک کا عالم) تھا تو اس وجہ سے وہ کسی کو قضا کے منصب پر مقرر نہیں کرتا تھا مگر جس کے بارے میں یحیٰ اشارہ کرتا۔ پس اس کی وجہ سے مالکی مذہب پھیلا، جس طرح کہ مشرق میں ابویوسف کی وجہ سے حنفی مسلک کو رواج ہوا۔ (الخطط ص ۳۳۳ ج ۲، بغیۃ الملتمس، نفح الطیب، تاریخ الخلفاء اور تاریخ ابن خلدون) اور مقرزی نے کہا کہ اہل افریقہ پر زیادہ غلبہ احادیث اور آثار کا تھا۔

ثم غلب الحنفی کما تقدم فلما تولیٰ
علیها المعز بن بادسین (سنة ۴۰۷ھ) حمل
اهلها و اهل ما ولٰها من بلاد المغرب
علی المذاهب المالکیة و حسم مادة
الخلاف فی المذاهب (الخطط ص ۳۳۳
ج ۲) وقال عبد الحی : المذهب الشافعی
ظهر اولا فی مصر ثم خراسان و
توران وشام و یمن و ماوراء النهر
وبلاد الفارس ثم فی بعض بلاد
الهند وبعض بلاد الاندلس و الافریقیة
(الفوائد البهیة)

وقال الحافظ ابن حجر فی "رفع
الامر" و السخاوی فی "الاعلان بالتوبیخ"
وابن طولون فی "الثغر البشام" اول
من ادخل المذهب الشافعی هو
ابن عثمان الدمشقی و فاز علی قضاء
الدمشق (التعیین للفرقة الناجیة
ص ۴۲) و قال السمعانی فی الانساب
(ص ۳۲۶ ج ۱) : اول من نسب الی المذهب
الشافعی هو ابو علی حسن بن علی عبد
الرحمان الهاشمی. وقال ابو الفلاح
فی شذرات الذهب (ص ۵۱ ج ۱) ان
المذهب الشافعی ادخله فی بلاد ما وراء

پھر حنفی مذہب کو غلبہ حاصل ہوا، جس طرح کہ پہلے بیان
ہوا۔ پھر جب ۴۰۷ھ میں اس پر معز بن بادسین والی
مقرر ہوا تو اپنے ماتحت علاقوں اور بلاد مغرب کے
لوگوں کو مالکی مذہب پر مجبور کیا اور مذہبی اختلاف
کا مادہ ہی ختم کردیا (الخطط ص ۳۳۳ ج ۲) اور عبد
الحی لکھنوی کہتے ہیں "شافعی مذہب پہلے مصر میں
ظاہر ہوا پھر خراسان، توران، شام، یمن، ماوراء
النہر اور بلاد فارس میں۔ پھر ہندوستان، اندلس اور
افریقہ کے بعض علاقوں میں"۔
(الفوائد البہیۃ)

اور حافظ ابن حجر "رفع الامر" میں سخاوی
"اعلان بالتوبیخ" میں اور ابن طولون "الثغر
البشام" میں کہتے ہیں کہ "سب سے پہلے جس
شخص نے شافعی مذہب کو اختیار کیا وہ ابن
عثمان دمشقی تھا اور وہ دمشق کے منصب قضاء
پر فائز ہوا۔" (التعیین للفرقۃ الناجیہ ص ۴۲)
اور سمعانی کتاب "الانساب" (ص ۳۲۶
ج ۱) میں کہتے ہیں "پہلا شخص جس نے خود کو
شافعی مذہب کی طرف منسوب کیا وہ ابو علی حسن
بن علی عبد الرحمان ہاشمی تھا"۔
اور ابو الفلاح "شذرات الذہب
ص ۵۱ ج ۱) میں کہتے ہیں کہ شافعی مذہب کو ماوراء
النہر میں سب سے پہلے جس شخص نے داخل کیا

النعر هو القفال الشاشی. وقال
المقریزی: ثم لما خلفتها دولة
الترك البحرية وكان سلاطينها
شافعية ايضًا استمر العمل فى
القضاء الشافعيه (مصر) حتى احدثت
سلطة الملك الظاهر بيبرس الذى
ولى القضاء الاربعة حنفى، شافعى،
مالكى، حنبلى. فاستمر ذلك من
سنه ٦٦٥ھ حتى لم يبق فى مجموع
امصار الاسلام مذهب من مذاهب
الاسلام سوى هذه المذاهب الاربعة
وعقيدة العشرى وعملت لاهلها
المدارس والخوانق والزوايا و
الربط فى سائر ممالك الاسلام
وعودى من تمذهب بغيرها و
انكر عليه ولم يول قاض ولا
قبلت شهاده احد ولا قدم للخطابة
والامامة و التدريس اه (ص ١٣٥
ج ٥ حقيقة الالحاد للنورستانى ص ٣٤)
وقال تاج الدين السبكى فى الطبقات
"الملك الظاهر رُئى فى النوم فقيل
له، ما فعل الله بك؟ قال عذبنى
عذابًا شديدًا بجعل القضاة الاربعة

وہ قفال شاشی تھا۔ اور مقریزی کہتے ہیں کہ
جب ترک بحریہ کی حکومت قائم ہوئی، جس کے
سلاطین مذہبًا شافعی مسلک کے تھے تو قضاء کے
منصب پر شافعیوں کا عمل دخل قائم ہوگیا (یعنی
مصر میں) یہاں تک کہ سلطان ظاہر بیبرس کی حکومت
قائم ہوئی۔ جس نے قضا کے مناصب پر چار
مذاہب حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی کو عمل
دخل دیا یہ سلسلہ سنہ ۶۶۵ھ تک جاری رہا یہاں تک
کہ پورے عالم اسلام میں ان چار مذاہب اور
اور عقیدہ اشعری کے سواء کوئی اور مسلک باقی
نہیں بچا۔ اور پورے عالم اسلام کے طول و عرض
میں ان مذاہب کو مستحکم کرنے کی خاطر مدارس،
خانقاہوں، درگاہوں اور مہمان خانوں کا جال
بچھا دیا گیا اور جس نے بھی ان مسالک کے علاوہ کوئی
اور مسلک اختیار کیا، اس کے ساتھ بغض و عناد روا
رکھا گیا اور اس پر نکتہ چینی کی گئی۔ اور اس کے لئے
نہ قضا کا دروازہ کھلتا اور نہ ہی کسی کی گواہی قبول
کی جاتی اور نہ ہی اسے خطابت، امامت اور تدریس
کے لئے پیش کیا جاسکتا تھا۔ (ص ۱۳۵ ج ۵، حقیقة
الالحاد نورستانی ص ۳۴) تاج الدین سبکی طبقات
میں کہتے ہیں "نیند میں ملک ظاہر کو دیکھا گیا اسے
کہا گیا، اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا؟
اس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے شدید ترین عذاب دیا،

وقال فرقت كلمة المسلمين؟ وقال السخاوی والمقریزی اول من بنی المدارس للمذاهب الاربعة فی المدرسة الصالحية سنة ٢٤ھ وكان السلطان صالح نجم الدين. وقال المراكشی فی المعجب" فی المائة الخامسة فی اقصی المغرب كان السلطان علی بن يوسف بن تاشفين وكان سلطانه فی البلاد الاندلس فی هذا الزمن فامر فی بلاده ان لا يقضی احدٌ سوی هذه المذاهب الاربعة انتشر هذ المذاهب ونسی الناس كتاب الله وسنة رسوله صلی الله عليه وسلم فی هذا الزمن.

(تاريخ اهل الحديث للشيخ احمد الدهلوی ص ٤٤) وقال فی تذكرة الحفاظ (ص ١٠١ ج ٣) فلقد تقالوا اصحاب الحديث وتلاشوا تبذل الناس بطلبه يهزء بهم اعداء الحديث و السنة و يسخرون منهم وصار علماء العصر فی الغالب عاكفين علی التقليد فی الفروع من غير تحرير لما انتهی

کیونکہ میں نے مذاہب اربعہ کو رواج دیا اور فرمایا کہ تم نے مسلمانوں میں افتراق کو رواج دیا۔ سخاوی اور مقریزی فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے جس مدرسہ کی مذاہب اربعہ کی تعلیم کی خاطر تعمیر ہوئی وہ مدرسہ صالحیہ تھا سنہ ۲۴ھ میں اور یہ سلطان صالح نجم الدین کا زمانہ تھا۔ اور مراکشی معجب میں لکھتے ہیں " پانچویں صدی ہیں مغرب اقصیٰ میں علی بن یوسف بن تاشفین کا زمانہ حکومت تھا۔ اور اس کی یہ حکومت اندلس کے علاقوں میں ان دنوں میں قائم تھی۔ اس نے اپنے ملک کے شہروں میں حکم جاری کر دیا کہ ان چار مذاہب کے علاوہ کوئی فیصلہ نہ کیا جائے۔ اس لئے یہ مذاہب مروج ہو گئے اور اس زمانہ میں لوگ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھول گئے۔

(تاریخ اہل حدیث شیخ احمد دہلوی ص ۴۴)

اور تذکرۃ الحفاظ میں کہتے ہیں (ص ۱۰۱ ج ۳) اور اہل حدیث کم ہو گئے۔ وہ ڈھونڈنے سے بھی ہاتھ نہیں آتے تھے۔ احادیث کے دشمن ان کا مذاق اڑانے لگے۔ اس زمانہ کے علماء شروع میں تقلید کی چوکھٹ پر جھک کر بیٹھ گئے۔

(عبارت پوری ہوئی)

وقال ولى الله الدهلوى: ومنها انهم اطمأنوا بالتقليد ودب التقليد فى صدورهم دبيب النمل وهم لا يشعرون (حجة الله ص١٥٣) ولا اقول كليا مطردا فان لله طائفة من عباده لا يضرهم من خذلهم وهم حجة الله فى ارضه وان قلوا ولم يات قرن بعد ذلك الا وهو اشد فتنة و اوفر تقليدا و اشد انتزاعا للامانة من صدور الرجال حتى اطمانوا بترك الخوض فى امر الدين و بان يقولوا اِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ. (حجة الله البالغة)

السوال: لم يقول المقلدون لاهل الحديث ضالون وغير ذلك من الالقاب؟

الجواب: تفكرت فى هذا الامر فوصلت الى هذا المنزل لان احاديث الفقهاء اكثرها موضوعة ورواتها ضعفاء ومتروكون لان الفقهاء لا يعلمون علم الجرح والتعديل لهذا

اور شاہ ولی اللہ دہلوی کہتے ہیں "اور ان میں یہ ہے کہ تقلید پر مطمئن ہو کر بیٹھ گئے اور چیونٹی کے رینگنے کی طرح تقلید ان کے دلوں میں رینگنے لگی اور اس کا ان کو شعور بھی نہ ہوا۔ (حجۃ اللہ ص۱۵۳) میں اسے قاعدہ کلیہ نہیں کہتا۔ اللہ کے بندوں میں سے ایک گروہ ہمیشہ ایسا ہوتا ہے جن کو رسوا کرنے والا ضرر نہیں دے سکتا اور ایسے لوگ اللہ کی زمین میں اللہ کی حجت ہیں، اگرچہ وہ کم ہوتے ہیں۔ اور جوں جوں زمانہ گذرتا جائے گا، وہ فتنہ فساد میں بڑھ چڑھ کر ہوگا اور تقلید زیادہ ہوتی جائے گی۔ اور لوگوں کے دلوں سے امانت چھینتی جائے گی۔ یہاں تک دین کے معاملہ میں اجتہاد چھوڑ دیں گے اور لوگ کہیں گے کہ (ترجمہ) ہم نے اپنے آباء و اجداد کو ایک دین پر پایا اور ہم ان کے ہی نقش قدم پر چلتے رہیں گے۔ (حجۃ اللہ)

سوال: مقلد حضرات اہل حدیث کو گمراہ وغیرہ القاب سے کیوں نوازتے ہیں؟

جواب: اس معاملہ پر میں نے غور و خوض کیا تو اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ چونکہ فقہا کی احادیث زیادہ تر من گھڑت ہوا کرتی ہیں اور اس کے راوی ضعیف اور متروک ہوتے ہیں، اور چونکہ یہ فقہاء جرح و تعدیل کے علم سے نا آشنا ہوتے ہیں، اس وجہ سے تدقیق

يجمعون الموضوعات و المكذوبات
من الزنادقة و الوضامين وان
نظرت و تفكرت فی فقه المقلدين
فيظهر هذا السر والمكر والخديعة
لهذا يطعنون غير مقلدين سترا
لمذهبهم المموهة بالباطل وقال
ايضا و منها ما اشتهر علی السنة
الفقهاء والصوفيه والمؤرخين و
غيرهم وليس لهم اصل فی هذه
الطبقات الاربع (حجة الله ص ١٣٥)
وقال ملا علی قاری الحنفی " ولا
عبرة بنقل النهاية ولا بقية شراح
الهداية فانهم ليسوا من المحدثين
ولا اسندوا الحديث الی احد من
المخرجين" (موضوعات كبير ص ٧٤
وعمدة الرعاية ص ١٣)
و قال عبدالحی الحنفی " فكم من
كتاب اعتمد عليه اجلة الفقهاء و
مملوئة من الاحاديث الموضوعة
ولاسيما الفتاوی. فقد وضع لنا
بتوضيح النظر ان اصحابهم وان
كانوا من الكاملين لكنهم فی نقل
الاخبار من المتساهلين (النافع الكبير

اور جعل ساز لوگوں کی خود ساختہ اور جھوٹی روایات
کو جمع کرتے رہتے ہیں۔ اور اگر آپ مقلدین کے
فقہ میں غور و فکر کریں گے تو ان کا یہ راز اور
مکر و فریب واضح ہو جائے گا لہذا اپنے باطل
مذہب کو چھپانے کی خاطر غیر مقلدین پر طعنہ زنی
کرتے رہتے ہیں۔

اور شاہ ولی اللہ مزید فرماتے ہیں کہ جو احادیث
فقہاء، صوفیاء، مورخین وغیرھم میں مشہور
ہیں، ان کی اصل ان چاروں گروہوں کے پاس
نہیں ہے (حجۃ اللہ ص ۱۳۵)

اور ملا علی قاری حنفی کہتے ہیں کہ " نہایہ
اور ہدایہ کے دیگر شراح نے جو احادیث نقل
کی ہیں، ان کا کوئی اعتبار نہیں۔ کیونکہ نہ وہ محدث
ہیں اور نہ ہی حدیث کو سند سے بیان کرتے
ہیں۔ (موضوعات کبیر ص ۷۴، عمدہ الرعایہ ص ۱۲)

اور عبدالحی لکھنوی حنفی کہتے ہیں: " اور
کتنی ہی کتابیں ہیں جن پر بڑے بڑے فقہاء کو
اعتماد ہے، لیکن وہ جعلی احادیث سے بھری
پڑی ہیں۔ خاص طور پر فتاویٰ کی کتب چنانچہ
ہم نے اکثر یہ دیکھا ہے کہ ان کتابوں کے مصنفین
اگرچہ کامل لوگ تھے، لیکن احادیث کو نقل
کرنے میں چشم پوشی اور غفلت کرتے تھے۔
(النافع الکبیر ص ۱۲)

ص ١٢) وقال ايضاً " ومن الفقهاء من ليس لهم حظ الا ضبط المسائل الفقهية من دون المهارة فى رواية الحديثية (عمدة الرعاية مقدمه شرح الوقاية ص ١٣) وقال اعزاز على الديوبندى : السابعة طبقة المقلدين الذين لا يقدرون على ما ذكر ولا يفرقون بين الغث والثمين ولا يميزون الشمال عن اليمين بل يجمعون ما يجدون كحاطب ليل فالويل لهم ولمن قلدهم كل الويل (تمهيد النمارق لمن يطالع كنز الدقائق ص ٨).

وقال عبدالحى : ومن الكتب الفقهية وان كانت معتبرة فى نفسها بحسب المسائل الفقهية [illegible] مصنفوها ايضاً من [illegible] والفقهاء الكاملين ولا يعتمد [illegible] الاحاديث المنقولة [illegible] كليا ولا يجزم بورودها [illegible] بمجرد وقوعها فيها فكم من احاديث ذكرت فى الكتب المعتبرة موضوعة و مختلقة (عمدة الرعاية ص ١٣)

مزید کہتے ہیں کہ "بعض فقہاء ایسے ہیں جن کو کچھ آتا نہیں سوا اس کے کہ انہوں نے فقہی مسائل کو رٹ لیا ہے اور روایت حدیث میں تو ان کو کوئی مہارت ہے ہی نہیں"۔ (عمدۃ الرعایہ مقدمہ شرح الوقایہ ص ۱۳) اور اعزاز علی دیوبندی کہتے ہیں " ساتواں طبقہ مقلدین کا ہے جو حدیث کی تحقیق پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ ہی اچھی اور بری میں تمیز کر سکتے ہیں، نہ ہی دائیں بائیں کی پہچان کر سکتے ہیں۔ بلکہ لکڑہارے کی طرح جو ان کو ملتا ہے وہ جمع کر لیتے ہیں تو ان کے لئے اور جو ان کی تقلید کرے ویل ہی ویل ہے (تمہید النمارق لمن یطالع کنز الدقائق ص ۸)

اور عبدالحی [illegible] کہتے ہیں "فقہ کی کتابیں اگرچہ [illegible] معتبر ہیں [illegible] فقہ کے فروعی مسائل کے اعتبار سے۔ اور ان کے مصنفین [illegible] کامل فقہاء میں سے تھے [illegible] کتابوں میں جو احادیث درج ہیں، ان پر کلی اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ اور نہ ہی محض اس وجہ سے کہ وہ روایات ان کتابوں میں مذکور ہیں ان کے قطعی ثبوت اور صحت کا حکم لگایا جا سکتا ہے۔ کیونکہ کتب معتبرہ میں کتنی ہی [illegible] من گھڑت احادیث موجود ہیں۔

(عمدۃ الرعایہ ص ۱۳)

وقال ایضاً والخامسة لم یدل دلیل شرعی والکتاب والحدیث والاجماع والقیاس مجتهد جلی ولا خفی لا بالصراحة ولا بالدلالة بل هی مخترعات المتاخرین الذین یقلدون طرق آباءهم ومشائخهم المتقدمین وحکمه الطرح والجرح (النافع الکبیر ص ۵) وقال ملا علی القاری وان نقل الاحادیث النبویة لا یجوز الا من الکتب المداولة لعدم الاعتماد علی غیرها من وضع الزنادقة و الحاق الملاحدة (موضوعات کبیر ص ۸۷)

وما اشتغل (ابوحنیفة) بالدعوة ای بدعوة الناس الی مذهبه الا بالاشارة النبویة فی المنام الیه لیدعوهم الی مذهبه (عین العلم شرح زین العلم ص ۴۹ لملا علی القاری) اقول هذا الافتراء علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم لانه لا یأمر بالفحشاء والسوء فان الفقه مملوء بهما. و قال اللہ عز وجل: اِنَّ الشَّیٰطِیْنَ لَیُوْحُوْنَ اِلٰٓی اَوْلِیٰٓئِهِمْ. فمثلاً فی

نیز لکھنوی مزید کہتے ہیں "پانچواں سبب یہ ہے کہ اس کے حق میں کوئی شرعی دلیل، کتاب و سنت کا اور نہ اجماع اور قیاس کا اور نہ ہی اجتہاد جلی اور نہ خفی نہ صراحت کے ساتھ اور نہ ہی دلالت کے ساتھ وارد نہیں ہوا ہے بلکہ یہ متاخرین کی اختراعی باتیں ہیں، جو اپنے آباء و اجداد کے طریقوں اور اپنے گذرے ہوئے بزرگوں کی تقلید کا پھندا اپنی گردنوں میں ڈالے ہوئے ہیں۔ اور اس کا حکم نقد و جرح کرنا ہے" (النافع الکبیر ص ۹) اور ملا علی قاری کہتے ہیں " اور کوئی احادیث نبویہ نقل کرتا ہے تو جائز نہیں ہوگا مگر کتب متداولہ سے کیونکہ (احادیث کی) ان کتابوں کے علاوہ دوسری کتب پر زندیقوں کی جعلسازی اور ملحدوں کے الحاق کی وجہ سے اعتماد نہیں ہے (موضوعات کبیر ص ۸۷)

" اور ابوحنیفہ نے جو لوگوں کو اپنے مذہب اور تقلید کی طرف دعوت دی تو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اشارہ پر جو اسے خواب میں ہوا کہ لوگوں کو اپنے مذہب کی طرف دعوت دے (عین العلم شرح زین العلم ص ۴۹، ملا علی قاری) میں کہتا ہوں کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بہتان تراشی ہے۔ کیونکہ آپ فحاشی اور برائی کا حکم نہیں دیا کرتے کیونکہ فقہ ان دونوں باتوں سے بھری ہوئی ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (ترجمہ) بیشک شیاطین اپنے اولیاء کی طرف

الفقه : لو استاجر امرأة ليزنى
بها فزنى لا يحد فى قول ابى حنيفة
(كنز الدقائق و قاضى خان ص ۲۶۶)
وايضا فى الفقه : واما اذا غلبة
الشهوة وليس له زوجة ولا امرأة
ففعل ذلك لتسكينها فالرجاء ان
لا وبال عليه كما قال ابو الليث
و يجب لو خاف الزنا (شامى ص ۱۵۶)
فمفتريات الفقه كثيرة يوحى
الشيطان الى فقهائه و ان الله
و رسوله برئ منها و قالوا وان
عرف بالعدالة والضبط دون الفقه
كأنس و ابى هريرة فان
وافق حديثه القياس عمل به
و ان خالفه لم يترك القياس الا
بالضرورة (نور الانوار ص ۱۸۴،
اصول الشاشى ص ۷۲) وقالوا لو
انه عمل بالحديث لانسد باب الرأى
من كل وجه فيكون مخالفا لقوله
تعالى فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ
(نور الانوار ص ۱۸۳) وحسامى ص
۷۵) وقالوا ان اباهريرة غير فقيه
لهذا لن نقبل حديث المصراة روى

دی کرتے ہیں۔ اب مثال کے طور پر فقہ میں ہے کہ
اگر کسی عورت کے ساتھ اجرت پر معاملہ کیا پھر
اس کے ساتھ زنا کیا تو ابو حنیفہ کے قول کے مطابق
اس پر حد نہیں ہوگی۔ (کنز الدقائق، قاضی خان ص۲۶۶)
نیز فقہ میں ہے کہ اور اگر اس پر شہوت کا غلبہ
ہوا اور اس کی نہ بیوی ہے اور نہ عورت تو تسکین
کی خاطر مشت زنی کی تو امید ہے کہ اس پر وبال
نہیں ہوگا۔ جیسا کہ ابو اللیث نے کہا ہے اور اگر
زنا کا خوف ہو تو مشت زنی واجب ہوگی (شامی ص۱۵۶)
پس فقہ کی خرافات بے شمار ہیں جو شیطان نے اپنے
فقہاء کی طرف وحی اور القاء کی ہیں اور اللہ اور اس کا
رسولؐ اس سے بری ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ صحابیؓ اگر
عدالت اور ضبط حدیث میں معروف ہو لیکن غیر فقیہ
ہے، جس طرح انس اور ابوہریرہ تو ان کی حدیث
اگر قیاس کے موافق ہوئی تو اس پر عمل کیا جائیگا
اور اگر قیاس سے متصادم ہوگی تو قیاس کو نہیں چھوڑا
جائیگا مگر ضرورت کے تحت۔ (نور الانوار ص۱۸۴،
اصول الشاشی ص۷۲) اور کہتے ہیں کہ اگر حدیث پر عمل
کیا گیا تو رائے کا دروازہ مسدود ہو جائیگا، ہر لحاظ
سے اور یہ بات اللہ کے اس فرمان کے خلاف ہے کہ
فاعتبروا یا اولی الابصار (نور الانوار ص۱۸۳، حسامی
ص۷۵) اور کہتے ہیں کہ ابوہریرہ غیر فقیہ ہیں۔ اس وجہ
سے ہم ان کی روایت کردہ حدیث مصراۃ) قبول نہیں

عنه ولكن روى هذا الحديث ايضًا فقيه الامة وحبرها عبد الله بن مسعود من اشترى شاة محفلة فردها فليرد معها صاعا من تمر. (البخارى ص ۲۸۸ ج ۱) وقال الحافظ ابن حجر: واظن لهذه النكتة اورد البخارى حديث ابن مسعود عقب حديث ابى هريرة اشارة منه الى ان عبد الله بن مسعود قد افتى بوفق حديث ابى هريرة. فلولا ان خبر ابى هريرة فى ذلك ثابت لما خالف ابن مسعود القياس الجلى فى ذلك (فتح البارى ص ۳۷۱ ج ۸)

وقال ولى الله هذه القاعدة على ما فيها لا ينطبق على صورتنا هذه لانه اخرجه البخارى عن ابن مسعود وناهيك به (حجة الله ص ۱۰۳ ج ۲).

اقول اصل الاحناف مردود بان اباهريرة غير فقيه. فالحديث الذى روى ابوهريرة وهو بعينه يروى ابن مسعود. فكيف يكون احدهما فقيه والثانى غير فقيه والحديث الذى روى ابوهريرة "الوضوء مما

نہیں کریں گے۔ حالانکہ یہی حدیث امت کے فقیہ اور عالم حضرت ابن مسعود سے بھی مروی ہے (ان الفاظ کے ساتھ کہ جس نے ایسی بکری خریدی جس کا دودھ دو ایک روز روک کر پھر اسکا دودھ نکالا گیا ہو پھر اس نے وہ واپس کردی تو اسے کھجور کا ایک صاع بھی دینا ہوگا۔ (بخاری ص ۲۸۸ ج ۱) حافظ ابن حجر فرماتے ہیں "اور میں گمان کرتا ہوں کہ جس نکتہ کی وجہ سے امام بخاری ابوہریرہ کی حدیث کے بعد ابن مسعود کی یہ روایت لائے ہیں" اس میں اشارہ ہے کہ ابن مسعود بھی ابوہریرہ کی حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے تھے۔ پس اگر اس مسئلہ میں ابوہریرہ کی یہ حدیث ثابت نہ ہوتی تو ابن مسعود اس ظاہر ظہور قیاس کے خلاف فتویٰ نہ دیتے (فتح الباری ص ۳۷۱ ج ۸)

اور شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں کہ یہ قاعدہ ہماری بنائی ہوئی صورت پر منطبق ہی نہیں ہوتا۔ کیونکہ بخاری نے ابن مسعود کی یہ حدیث بیان کی ہے اور تمہارے لئے یہی دلیل کافی ہے (حجۃ اللہ ص ۱۰۳ ج ۲)

میں کہتا ہوں کہ احناف کی یہ بنیاد ہی مردود ہے کہ ابوحنیفہ غیر فقیہ ہیں۔ اس لئے ابوہریرہ جو حدیث روایت کرتے ہیں تو بعینہ وہی روایت ابن مسعود بھی بیان کرتے ہیں۔ پھر یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ان میں سے ایک فقیہ ہو اور دوسرا غیر فقیہ؟ اور وہ حدیث جو ابوہریرہ سے مروی ہے کہ آگ پر

مست النار وهو يروى اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم اكثر من عشرين وفيهم ام المؤمنين سيدة فقهاء الصحابة رضى الله عنهم عائشة رضى الله عنها كما ذكرت. ونقل عن ابى يوسف فى بعض اماليه انه اخذ بحديث المصراة واثبت الخيار للمشترى (كشف الاسنار ص ۷۳ ج ۳)
وقال صاحب احسن الحواشى لكن ههنا دقة قوية وهى ان هذا الحديث جاء فى البخارى برواية عبد الله بن مسعود ايضا والحال انه معروف بالفقه والاجتهاد (احسن الحواشى على اصول الشاشى ص ۷۳) وقال ابن حجر وقد اخذ بظاهر الحديث جمهور اهل العلم وافتى به ابن مسعود وابو هريرة ولا مخالف لهما من الصحابة و قال به من التابعين ومن بعدهم من لا يحصى عددهم (فتح البارى ص ۳۷۳ ج ۸) اقول لا قياس بعد ثبوت النص ورد هذا الخبر الثابت من الاحناف تمويه لان عندهم ابن مسعود فقيه الامة وحبرها فتقدم

پکی ہوئی چیز سے وضو کرنا ہے" وہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیس سے زیادہ اصحاب رضی اللہ عنہم روایت کرتے ہیں، جن میں فقہاء صحابہ رض کی سردار ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا بھی ہیں جیسا کہ میں نے ذکر کیا۔ اور ابویوسف سے یہ بھی مروی ہے کہ انہوں نے ابوہریرہ کی مذکورہ حدیث مصراۃ کو اختیار کیا اور مشتری کے لئے اختیار کو باقی رکھا ہے (کشف الاستار ص ۷۳ ج ۳)
اور احسن الحواشی کے مصنف لکھتے ہیں لیکن یہاں پر ایک بڑی مشکل واقع ہے اور وہ یہ کہ یہ روایت بخاری میں عبد اللہ بن مسعود سے بھی مروی ہے اور ان کا حال یہ ہے کہ وہ فقہ اور اجتہاد میں مشہور ہیں (احسن الحواشی علی اصول الشاشی ص ۷۳) اور حافظ ابن حجر فرماتے ہیں: جمہور اہل علم نے حدیث کے ظاہر کو اختیار کیا اور اسی پر فتویٰ دیا ہے ابن مسعود اور ابو ہریرہ نے اور صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے ان دونوں کی مخالفت نہیں کی اور تابعین اور ان کے بعد لاتعداد علماء نے بھی یہی کہا ہے (فتح الباری ص ۳۷۳ ج ۸)
میں کہتا ہوں کہ نص کی موجودگی میں کوئی قیاس نہیں چلے گا اور احناف نے اس صحیح حدیث کی کو بھی رد کیا ہے
حالانکہ ابن مسعود ان کے نزدیک امت کے

القياس على الخبر الثابت الصحيح معصية وفسق لا يجرء الا معاند وقصة علم فقاهة ابی هريرة موضوعة من الاحناف لتقديم القياس على الاخبار الصحاح و تائيد مذهبهم المهوهه بالباطل لا يرضى به المؤمن العاقل.

فقیہ اور اس کے ہمسر ہیں۔ لہٰذا صحیح اور ثابت حدیث پر قیاس کو مقدم کرنا گناہ اور فسق ہے جس کی کوئی دشمن دین ہی جرأت کر سکتا ہے اور ابوہریرہؓ کے عدم فقیہ ہونے کا قصہ بھی احناف نے گھڑ رکھا ہے تاکہ صحیح احادیث پر قیاس کو مقدم کر کے اپنے باطل مذہب کیلئے جواز اور تائید فراہم کریں اور اس پر کوئی بھی عقلمند مؤمن راضی نہیں ہو سکتا۔

ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب کے ناقدین کی فہرست

ذیل میں ان علمائے حدیث، ائمہ فن وناقدین وناقلین حدیث اور فقہاء کرام کی فہرست پیش کی جارہی ہے، جنہوں نے ابوحنیفہ اور ان کے ساتھیوں اور فقہ حنیفہ کے بانیوں پر جرح کی ہے۔

اسماء الجارحين والنقادين من الائمة على ابی حنيفة وصاحبيه

(۱) و (۲) اماما الصحيحين البخاری ومسلم (۳) مالک (۴) النسائی (۵) الدارقطنی (۶) احمد (۷) الشافعی (۸) ابن المبارک (۹) الاوزاعی (۱۰) ابن عدی (۱۱) ابن عبد البر (۱۲) الذهبی (۱۳) ابو حفص عمر بن علی (۱۴) عبد الله بن علی (۱۵) علی بن المدينی (۱۶) ابو بكر ابن ابی داؤد (۱۷) ابن عيينة (۱۸) ابو يحيىٰ الحمانی عبد الحميد بن عبد الرحمان (۱۹) ابن عياش (۲۰) احمد الخزاعی (۲۱) قاسم بن معن (۲۲) مسعر بن كدام الوسكته الكوفی (۲۳) اسرائيل (۲۴) معمر (۲۵) فضيل بن عياض (۲۶) ايوب (۲۷) سفيان الثوری (۲۸) ابو مطيع الحكم بن عبد الله. (۲۹) يزيد ابن هارون (۳۰) ابو عاصم النبيل (۳۱) عبد الله بن داؤد ابو

عامرالهدبی (۳۲) ابوعبدالرحمان الحضرمی (۳۳) عبد اللہ ابن یزید المقری (۳۴) شداد بن الحکم (۳۵) مکی بن ابراھیم (۳۶) الوکیع بن الجراح (۳۷) نضر بن الشمیل المازنی (۳۸) یحییٰ بن سعید القطان (۳۹) ابوعبید (۴۰) حسن بن عثمان العاصی (۴۱) یزید بن زریع (۴۲) ابومعاویہ (۴۳) ابراھیم بن الکرامۃ القزوینی (۴۴) علی بن عاصم (۴۵) حکم بن ھشام (۴۶) عبدالرزاق (۴۷) حسن بن محمد (۴۸) یحیٰ بن ایوب۔

(۴۹) حفص بن عبد اللہ (۵۰) زفربن سلیمان الایادی (۵۱) اسدبن عمر (۵۲) حسن بن عمارہ (۵۳) یحیٰ بن فضیل (۵۴) ابوجویرہ (۵۵) یزیدالکمیت (۵۶) علی بن حفص البزار (۵۷) ملیح بن وکیع (۵۸) محمد بن عبدالرحمٰن المسعودی (۵۹) یوسف السبتی (۶۰) خارجۃ بن المصعب (۶۱) قیس بن الربیع (۶۲) حجربن عبد اللہ (۶۳) حفص بن حمزۃ القرشی (۶۴) حسن بن الزیاد۔ (۶۵) جعفر بن عون العمری (۶۶) عبد اللہ بن الرجاء الغدانی (۶۷) محمدبن عبد اللہ الانصاری (۶۸) عبد اللہ بن عباب (۶۹) حجربن عبد اللہ الحضرمی (۷۰) ابن الوھیب العابد (۷۱) ابن عائشۃ (۷۲) ابواسحاق الفزاری (۷۳) حمادبن ابی سلیمان (۷۴) عبدالوھاب الشعرانی (۷۵) ملامعین (۷۶) عبدالقادرجیلانی (۷۷) عبدالحی لکنوی (۷۸) الشاہ ولی اللہ الدھلوی (۷۹) ابوداؤد۔

المراجع

۱۔ القرآن الکریم ۲۔ تفسیر البیضاوی ۳۔ التفسیر الکبیر للرازی۔
۴۔ تفسیر روح المعانی ۵۔ تفسیر کبیر۔ منھج الصادقین لملا فتح اللہ الکاشانی الشیعی ۶۔ الصحیح للبخاری ۷۔ الصحیح لمسلم ۸۔ السنن للترمذی ۹۔ السنن لابی داؤد ۱۰۔ السنن لابن ماجۃ ۱۱۔ السنن للدارمی ۱۲۔ مشکوٰۃ المصابیح

مختصر تفسیر ابن کثیر ۱۴۔ مسند احمد ۱۵۔ تحفۃ الاحوذی ۱۶۔ السنن نسائی ۱۷۔ مجمع الزوائد ۱۸۔ فتح الباری ۱۹۔ العینی ۲۰۔ الکرمانی ۲۱۔ المحلی ابن حزم ۲۲۔ منہاج السنۃ ۲۳۔ التمہید شرح المؤطا ۲۴۔ الفرقان بین اولیاء الرحمٰن و اولیاء الشیطان ۲۵۔ حجۃ اللہ البالغۃ ۲۶۔ اعلام الموقعین۔ ۲۷۔ تاریخ الخطیب ۲۸۔ تہذیب التہذیب ۲۹۔ التقریب ۳۰۔ تاریخ ابن خلدون ۳۱۔ التنکیل بما فی تأنیب الکوثری من الاباطیل۔ ۳۲۔ التاریخ الکبیر للبخاری ۳۳۔ تاریخ لابی نعیم الاصبہانی ۳۴۔ التاریخ التشریع الاسلامی ۳۵۔ تاریخ اہل حدیث للشیخ احمد الدہلوی ۳۶۔ فتاوی ابن تیمیہ ۳۷۔ حقیقۃ الفقہ ۳۸۔ میزان الاعتدال ۳۹۔ غنیۃ الطالبین۔ ۴۰۔ مناقب ابی حنیفۃ للذہبی ۴۱۔ مناقب ابی حنیفۃ للموفق ۴۲۔ مناقب ابی حنیفۃ للکردی ۴۳۔ اللمحات الی مافی انوار الباری من الظلمات ۴۴۔ حلیۃ الاولیاء ۴۵۔ الانصاف لولی اللہ الدہلوی ۴۶۔ الایقاف لمحمد حیات السندی۔ ۴۷۔ الاحکام فی اصول الاحکام لابن حزم ۴۸۔ عمدۃ الرعایۃ ۴۹۔ جامع المسانید للخوارزمی ۵۰۔ تذکرۃ الحفاظ ۵۱۔ الملل والنحل للشہرستانی ۵۲۔ کتاب المجروحین من المحدثین والضعفاء والمتروکین لابن ابی حاتم ۵۳۔ الضعفاء الکبیر للعقیلی ۵۴۔ کشف الاستار ۵۵۔ احسن الحواشی علی اصول الشاشی ۵۶۔ نور الانوار ۵۷۔ اصول الشاشی ۵۸۔ حسامی ۵۹۔ فتاوی قاضی خان ۶۰۔ عین العلم شرح زین الحلم ۶۱۔ موضوعات کبیر ۶۲۔ الہدایۃ ۶۳۔ النافع الکبیر ۶۴۔ الفوائد البہیۃ ۶۵۔ الانساب للسمعانی ۶۶۔ شذرات الذہب ۶۷۔ الخطط للمقریزی ۶۸۔ جامع بیان العلم وفضلہ ۶۹۔ جامع البیان ۷۰۔ طبقات ابن سعد ۷۱۔ بستان المحدثین ۷۲۔ اختلاف امۃ کا المیہ فیض عالم ۷۳۔ تمہید النمارق لمن یطالع کنز

الدقائق ٧٤- شامی ٧٥- العلل المتناهية ٧٦- کتاب الاسماء والکنی للامام مسلم ٧٧- اسماء المجروحين لابن ابی الفتح البعلی قلمی ٧٨- الکامل لابن عدی ٧٩- الاسناد من الدين للقريوطی ٨٠ عالمگيری ٨١- اصول کرخی ٨٢- الفقه الاکبر للامام الشافعی ٨٣- نامی شرح حسامی ٨٤- قول سديد ٨٥- جمع الجوامع ٨٦- مختصر ابن حاجب ٨٧- لسان العرب ٨٨- صراح - ٨٩- المنجد ٩٠- الاعلان للسخاوی ٩١- ميزان الشعرانی

٩٢- عقد الجيد ٩٣- مسلم الثبوت ٩٤- مجالس الابرار ٩٥- روضة الندية ٩٦- الاعتبار للحازمی ٩٧- بعينة الملتمس نفح الطيب ٩٨- فتح القدير شرح الهداية ٩٩- الشهاب الثاقب ١٠٠- البلاغ المبين لهارون الصباغ ١٠١- اکابر علماء ديوبند کا مذهب من حکيم محمد اشرف السندهو ١٠٢- معجم البلدان ١٠٣- المعجم للمراکشی ١٠٤- الطبقات للسبکی ١٠٥- السنن للبيهقی ١٠٦- دلائل النبوة

وهذا الکتاب صنفته رداً علی غلو المحدثين الزائغين عن الحق والمطيرين الائمة فوق منزلتهم والنقادين الذين يجرحون الائمة الصادقين الموثقين من النقادين الصادقين وما اريد الا الاصلاح وما توفيقی الا بالله عليه توکلت واليه انيب وهذا آخر الکلام فی هذا المرام والصلوٰة والسلام علی خير الانام الی يوم القيام

تـــــم

محمد بن عبد الله الظاهری السندی

ضمیمہ کتاب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ امابعد! اس کتاب میں فرقوں کا ذکر ہے۔ فرقوں کی تشریح کے لیے غنیۃ الطالبین مترجم اردو سے یہ عبارت نے کر شامل کر لی ہے تاکہ قارئین کرام اس سے استفادہ کر سکیں اور مرجیہ اور جہمیہ وغیرہ کا مطلب سمجھ سکیں۔

تیہتر ۷۳ فرقے

ناجی، خارجی، شیعہ، رافضی، معتزلہ، قدریہ اور دوسرے فرقے

یہ تمام تہتر فرقے دراصل دس گروہوں سے نکلے ہیں: (۱) اہل سنت (۲) خارجی (۳) شیعہ (۴) معتزلہ (۵) مرجیہ (۶) مشبتبہہ (۷) جہمیہ (۸) ضراریہ (۹) نجاریہ (۱۰) کلابیہ

اہل سنت کا صرف ایک ہی طبقہ ہے۔ خوارج یا خارجیہ کے پندرہ۔ معتزلہ کے چھ۔ مرجیہ کے بارہ۔ شیعہ کے بتیس۔ مشبہہ کے تین فرقے ہیں۔ ضراریہ، کلابیہ، نجاریہ اور جہمیہ کا ایک ایک فرقہ ہے۔ اس طرح کل بہتر ۷۲ فرقے ہوئے۔ فرقہ ناجیہ صرف اہل سنت کا ہے۔ اس کا مسلک اور عقیدہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ قدریہ اور معتزلہ فرقے کے لوگ اس فرقہ ناجیہ کو مجبرہ کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کا عقیدہ ہے کہ تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کی مشیت، قدرت، ارادہ اور تخلیق کی تابع ہے۔ مرجیہ اس فرقہ ناجیہ کو شکاکیہ (شکیہ) کہتے ہیں۔ کیونکہ اس گروہ کے لوگ ایمان کو مشیت الٰہی کی شرط سے مشروط کرنے کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص یوں کہے کہ میں انشاء اللہ مومن ہوں تو اس طرح کہنا درست ہے (جیسا کہ اس سے قبل بیان کیا جا چکا ہے)

رافضی اس ناجیہ فرقہ کو ناصبی کہتے ہیں۔ کیونکہ ان کا اصول ہے کہ اپنے امام کو جماعت

کی رائے سے مقرر کرتے ہیں۔ جہمیہ و نجاریہ دونوں اس فرقہ کو مشبہہ کہتے ہیں۔ اسی لحاظ سے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات میں علم، قدرت اور حیات وغیرہ صفات کا اثبات کرتے ہیں۔ باطنیہ اس کو حشویہ کہتے ہیں۔ چونکہ یہ گروہ احادیث کا قائل اور آثار کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ حالانکہ ان کا کوئی اور نام نہیں ہے، بجز اس کے کہ وہ اصحاب حدیث اور اہل سنت ہیں' جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا ہے۔

۔ خارجیوں کے نام اور القاب مختلف ہیں۔ اس گروہ کو خارجی کہنے کی اصل وجہ یہ ہے کہ انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے خلاف خروج کیا تھا۔ ان کا نام محکمیہ بھی تھا۔ اس لئے کہ انہوں نے ابوموسیٰ اشعری اور عمرو بن العاص کے حکم ہونے کا انکار کیا تھا اور جب حضرت علیؓ نے ان دونوں کو حکم مان لیا تو خارجیوں نے کہا کہ حکم دینا صرف اللہ کے ساتھ مخصوص ہے (کسی کو خلیفہ کے تقرر کے متعلق فیصلہ صادر کرنے کا حق نہیں ہے) ان کو حروریہ بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ساتھ چھوڑ کر مقام حروراء میں جا کر ٹھہر گئے تھے۔ ان کو شراۃ (بیچنے والے) اس لئے کہا جاتا ہے کہ ان کا دعویٰ تھا کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کے رستے میں اپنی جانیں فروخت کر دی ہیں[1]۔ ان کو مارقہ بھی کہا جاتا ہے۔ مارقہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ دین سے خارج ہو گئے تھے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی یہی حالت بیان کی تھی اور فرمایا تھا کہ یمرقون من الدین کما یمرق السہم من الرمیۃ ثم لا یعودون فیہ (وہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے، جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ پھر وہ دین میں واپس نہیں آئیں گے) چنانچہ یہ لوگ دین سے باہر ہو گئے۔ ملت اسلامیہ سے خارج ہو گئے، جماعت سے الگ ہو گئے۔ راہ راست سے بھٹک گئے۔ حکومت اسلامیہ سے خارج ہو گئے۔ خلفاء کے خلاف انہوں نے تلوار اٹھائی۔ اور ان کے خون اور مال کو حلال قرار دیا۔ اپنے مخالفوں کو کافر کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب و انصار پر سب و شتم کیا اور ان سے تبرّا (اظہار بیزاری) کیا۔ ان حضرات کے کافر ہو جانے اور کبیرہ گناہوں کے مرتکب ہونے کی نسبت کی۔ ان کی مخالفت کو جائز قرار دیا۔ یہ لوگ عذاب قبر اور حوض کوثر پر ایمان نہیں رکھتے۔ نہ یہ رسول اللہ کی شفاعت پر ایمان رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ایک دفعہ جو دوزخ میں داخل ہو گیا، وہ پھر خارج نہیں ہو گا۔

---

[1] ۔۔۔ کی خوشنودی اور ثواب حاصل کرنے کے لئے۔

اور کہتے ہیں کہ جس نے ایک دفعہ جھوٹ بولا یا گناہ صغیرہ یا کبیرہ کا مرتکب ہوا اور بغیر توبہ کئے مر گیا تو وہ کافر ہے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔ یہ ایک جماعت سے نماز نہیں پڑھتے، صرف اپنے امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں۔ یہ نماز کو اس کے وقت سے تاخیر میں ادا کرنے کو جائز سمجھتے ہیں۔ دست بدست ایک درہم کے بدلہ میں دو درہم لینا جائز سمجھتے ہیں۔ اسی طرح بغیر چاند دیکھے روزے اور افطار کو جائز سمجھتے ہیں۔ نذر کرنے، بغیر ولی کے نکاح کرنے کو بھی جائز سمجھتے ہیں۔ چمڑے کے موزے پہن کر نماز پڑھنا ان کے نزدیک درست نہیں۔ چمڑے کے موزوں پر مسح کو بھی درست نہیں مانتے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ بادشاہ کی اطاعت درست نہیں۔ خلافت قریش کے ساتھ مخصوص نہیں۔

اس فرقہ کے لوگوں کی زیادہ تعداد جزیرہ عمان، موصل، حضرموت اور اطراف عرب میں ہے۔ عبد اللہ بن زید، محمد بن حزب، یحیٰ بن کامل اور سعید بن ہارون نے ان کے لئے مذہبی کتابیں تصنیف کیں۔ ان کے پندرہ فرقے ہیں۔ ایک فرقہ نجدات ہے جو نجدہ بن عامر حنفی ساکن یمامہ کی طرف منسوب ہے۔ یہی گروہ عبد اللہ بن ناصر کے ساتھیوں کا ہے۔ اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ جس نے ایک مرتبہ جھوٹ بولا یا کوئی صغیرہ گناہ کیا اور اس پر قائم رہا (توبہ نہ کی) تو وہ مشرک ہے۔ اور جس نے زنا کیا، چوری کی، شراب پی، مگر ان گناہوں پر قائم نہ رہا (توبہ کر لی) تو وہ مسلمان ہے۔ ان کی نظر میں امام وقت کی ضرورت نہیں، صرف کتاب اللہ سے واقفیت ضروری ہے۔

ان میں ایک گروہ کا نام ازارقہ ہے۔ یہ نافع بن ازرق کے ساتھیوں کا گروہ ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ گناہ کبیرہ کفر ہے اور دنیا دار الکفر ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جب حضرت ابوموسیٰ اشعری اور عمرو بن العاص کو اپنے اور امیر معاویہ کے درمیان استحقاق خلافت کا جھگڑا فیصل کرنے کے لئے پنچ اور حکم مانا تھا تو ان دونوں نے حکم بن کر کفر کیا۔ یہ مشرکوں کے بچوں کو (جہاد میں) قتل کرنا جائز قرار دیتے ہیں۔ یہ زنا کی سزا سنگساری (رجم) کو حرام کہتے ہیں۔ پاکدامن مرد پر زنا کی تہمت لگانے والے پر حد شرعی لگانا جائز نہیں سمجھتے اور پاک دامن شوہر والی عورت پر زنا کی تہمت لگانے والے پر حد لگانا جائز خیال کرتے ہیں۔

خارجیوں کا ایک گروہ فدکیہ ہے۔ یہ ابن فدیک کی طرف منسوب ہے۔ ایک گروہ عطویہ ہے۔ یہ عطیہ بن اسود کی طرف منسوب ہے۔ ایک عجاردہ بھی ہے۔ یہ عبدالرحمٰن بن عجرد سے نسبت رکھتا ہے۔ عجاردہ کے مختلف گروہ ہیں۔ یہ سب میمونیہ کہلاتے ہیں۔ یہ لوگ پوتی، نواسی، بھتیجی اور بھانجی سے نکاح جائز قرار دیتے ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ سورہ یوسف اصل قرآن میں نہیں ہے بلکہ الحاقی ہے۔ ان کا ایک فرقہ حازمیہ کہلاتا ہے۔ ان کے اہل اسلام سے الگ اور خارج ہونے کا باعث ان کا یہ عقیدہ ہے کہ دوستی اور دشمنی اللہ تعالیٰ کی دو صفتیں ہیں۔ فرقہ حازمیہ سے بھی ایک گروہ الگ ہو گیا۔ اس کا نام معلومیہ ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کو اس کے ناموں سے نہیں پہچانتا، وہ جاہل ہے۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ بندوں کے افعال اللہ کے پیدا کئے ہوئے نہیں ہیں۔ کسی فعل کی قدرت وقوع فعل کے وقت ہوتی ہے، اس سے پہلے نہیں ہوتی۔

خارجیوں کے اصل پندرہ فرقوں میں سے ایک فرقہ مجہولیہ ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اگر کوئی کسی ایک نام سے بھی اللہ کو جانتا ہے، وہ عالم ہے، جاہل نہیں ہے۔ خارجیوں کا ایک فرقہ صلتیہ ہے یہ عثمان بن صلت سے نسبت رکھتا ہے اور اس بات کا مدعی ہے کہ جو شخص ہمارے نظریات مان لے اور مسلمان ہو جائے تب بھی اس کی نابالغ اولاد کو مسلمان نہیں کہہ سکتے جب تک وہ بالغ ہونے کے بعد ہمارے نظریات اور عقائد کو نہ مان لے۔

خارجیوں کا ایک گروہ اخنسیہ ہے جو اخنس کی طرف منسوب ہے۔ یہ قائل ہے کہ آقا غلام کی اور غلام آقا کی زکوٰۃ لے سکتا ہے، بشرطیکہ محتاج مسکین ہو۔ خارجیوں کا ایک فرقہ ظفریہ ہے، جس کی ایک شاخ حفصیہ ہے۔ اس کا عقیدہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کو پہچانتا ہو، اس کا اقرار کرتا ہو، وہ شرک سے پاک ہو جاتا ہے، خواہ وہ رسول کا، جنت کا، دوزخ کا سب کا منکر ہو۔ اور تمام جرائم کا مرتکب ہو، قاتل ہو، زنا کو حلال جانتا ہو۔ مشرک صرف وہ ہے جو اللہ کو نہ پہچانے اور اس کا انکار کرے۔ اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ قرآن مجید کی آیت میں جو لفظ حیران آیا ہے اس سے مراد حضرت علیؓ اور ان کا گروہ ہے اور اَصْحَابٌ یَدْعُوْنَہٗ اِلَی الْھُدٰی سے مراد اہل نہروان ہیں۔ (یعنی خارجی ہیں) خارجیوں کا ایک فرقہ اباضیہ ہے جس کا خیال ہے کہ تمام فرائض الٰہیہ ایمان ہیں گناہ کبیرہ کفران نعمت ہے کفر نہیں ہے۔

خوارج کا فرقہ بہنسیہ ابی بہنس سے منسوب ہے یہ فرقہ اس امر کا مدعی ہے کہ جب تک آدمی اللہ کے ہر حلال اور حرام کے حکم سے تفصیلی طور پر واقف نہ ہو، مسلمان نہیں ہو سکتا۔ اسی گروہ کے بعض لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ اگر کسی نے کوئی فعل حرام کیا تو اس کو اس وقت تک کافر نہیں کہا جا سکتا جب تک اس کا معاملہ حاکم کے سامنے پیش نہ کر دیا جائے اور وہ اس پر حد شرعی نہ جاری کر دے شرعی سزا جاری ہونے کے بعد اس کو کافر قرار دیا جائے گا۔

خارجیوں کا ایک اور گروہ شراخیہ ہے۔ یہ عبداللہ بن شراخ سے منسوب ہے۔ اس گروہ کا عقیدہ ہے کہ ماں باپ کو قتل کر دینا حلال ہے۔ ابن شراخ نے جب دار التقیہ (خوارج کا مرکزی مقام) میں اس عقیدہ کا اظہار کیا تو تمام خارجی اس سے الگ ہو گئے۔

خارجیوں کا ایک فرقہ بدعیہ بھی ہے۔ جس کا عقیدہ ازارقہ جیسا ہے۔ یہ لوگ ازارقہ سے صرف اتنی بات میں الگ اور منفرد ہیں کہ ان کے عقیدے کی بنا پر دو وقت کی نماز فرض ہے یعنی دو رکعت صبح کی اور دو رکعت شام کی۔ وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے أَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ[1] ازارقہ کی طرح کافروں کی عورتوں کو قید کرنا اور ان کے بچوں کو قتل کرنا ان کے عقیدے میں جائز ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا[2]"

فرقہ نجدات کے علاوہ تمام خارجی بالاتفاق گناہ کبیرہ کے مرتکب کو کافر کہتے ہیں۔ ابو موسیٰ اشعری اور عمرو بن العاص کی تحکیم پر رضامندی کے باعث حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی بھی تکفیر کرتے ہیں۔

شیعہ فرقہ: شیعہ فرقہ مختلف ناموں سے موسوم ہے۔ اس کو رافضی، غالیہ، شیعہ طیارہ بھی کہتے ہیں۔ اس فرقہ کو شیعہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی پیروی کا دعویٰ کرتے ہیں اور آپ کو تمام صحابہ کرام سے افضل مانتے ہیں۔ رافضی کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ انہوں نے اکثر صحابہؓ کو چھوڑ دیا اور حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت

---

[1] دن کے دونوں اطراف (صبح و شام) میں نماز قائم کرو [2] روئے زمین پر کسی کافر کو باقی نہ چھوڑ۔

کو تسلیم نہیں کیا۔ بعض لوگوں نے رافضی کی وجہ تسمیہ یہ بتائی ہے کہ جب زید بن علی (حضرت زین العابدین) نے حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے مودت کا اظہار کیا اور دونوں بزرگوں کی دوستی کا اعتراف کیا تو ان (رافضیوں) نے حضرت زید بن علی کو چھوڑ دیا۔ حضرت زید نے فرمایا ان لوگوں نے مجھے چھوڑ دیا۔ اس لئے ان کو رافضی کہا جائیگا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ شیعہ وہ ہوتا ہے جو حضرت عثمان رضؓ کو حضرت علی رضؓ سے افضل قرار نہ دے۔ یعنی رافضی حضرت علی رضؓ کو حضرت عثمان سے افضل قرار دیتا ہے۔

شیعہ کا ایک فرقہ قطعیتہ ہے۔ اس نے موسیٰ بن جعفر کی موت پر قطعی اجماع کرلیا ہے۔ ایک فرقہ غالیہ ہے۔ یہ گروہ حضرت علی کے بارے میں بہت زیادہ غلو کرتا ہے، نازیبا باتیں کرتا ہے۔ حضرت علی کے اندر ربوبیت اور نبوت کی صفات تسلیم کرتا ہے۔ ہشام بن حکم، علی بن منصور، حسین بن سعید فضل بن شاذان، ابوعیسیٰ وراق، ابن راوندی، ضبیعی اس فرقے کے مذہبی مصنفین ہیں۔ اس فرقہ کی بیشتر آبادی قم، کاشان، بلاادریس اور کوفہ میں ہے۔

رافضیوں کے فرقے

رافضیوں کے اصل تین گروہ ہیں۔ غالیہ، زیدیہ اور رافضیہ۔ غالیہ کے بارہ فرقے ہوگئے جو اس طرح ہیں: بنانیہ، طیاریہ، منصوریہ، مغیریہ، خطابیہ، معمریہ، بزیعیتہ، مفضلیہ، متناسخہ، شریعیہ، سبیہ، مفوضہ۔ فرقہ زیدیہ کی چھ شاخیں ہوگئیں: جارودیہ، سلیمانیہ، بتریہ، نعیمیہ، یعقوبیہ، تناسخیہ (دوبارہ دنیا میں واپس آنے کا قائل)

رافضیہ کے ۱۴ گروہ ہیں: قطعیہ، کیسانیہ، کریبیہ، عمیریہ، محمدیہ، حسینیہ، نادسیہ، اسماعلیہ، قرامضیہ، مبارکیہ، سمیطیہ، عمادیتہ، مطوریہ، موسویہ، امامیہ[1]

رافضیوں کے تمام گروہ اور فرقے اس امر پر متفق ہیں کہ خلافت کا ثبوت عقلی ہے۔ (اجماعی نہیں ہے بلکہ نص کا محتاج ہے) تمام امام ہر غلطی اور نسیان وخطا سے پاک ہیں۔ مفضول کی امامت افضل کی موجودگی میں جائز نہیں ہے (صحیح قول وہی ہے جو ہم خلفاء کرام کے ذکر میں پہلے

---

[1] یہ تعداد ۱۵ ہوتی ہے۔ مصنف نے ۱۴ بتائی ہے۔ غالباً آپ نے امامیہ کو پہلے سا... اور دوبارہ شمار نہیں فرمایا۔ اصل عبارت اس طرح ہے: "واما الرافضۃ ... فالاربع عشرۃ ... التی تفرعت عنہا:"

بیان کر چکے ہیں)۔

حضرت علی کو تمام صحابہ پر ترجیح دینے میں بھی یہ سب متفق ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علیؓ کی خلافت منصوص ہے اور حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق اور دوسرے صحابہ کرام سے تبرا کرتے ہیں۔ صرف زیدیہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔

تمام رافضی اس بات پر بھی متفق ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خلافت نہ دینے کے باعث سوائے چھ آدمیوں کے تمام صحابی مرتد ہوگئے۔ یعنی حضرت علی، عمار، مقداد بن اسود، سلمان فارسی اور دو اور آدمی۔ اس فرقہ کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ خوف کی حالت میں امام یہ کہہ سکتا ہے کہ میں امام نہیں ہوں، ان کا یہ بھی اعتقاد ہے کہ کسی چیز کے موجود ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ کو اس کا علم نہیں ہوتا۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ یوم حساب سے قبل مردے دنیا میں لوٹ آئیں گے۔ مگر رافضیوں کا فرقہ غالیہ اس کا قائل نہیں۔ وہ حساب کتاب اور حشر کا بھی منکر ہے۔

رافضیوں کے تمام فرقوں کا عقیدہ ہے کہ جو کچھ دنیا میں ہو چکا یا آئندہ ہوگا امام کو ان سب کا علم ہوتا ہے، یہاں تک کہ زمین پر جس قدر خزف ریزے ہوتے ہیں اور بارش کے جتنے قطرے زمین پر گرتے ہیں، ان کا بھی اسے علم ہوتا ہے اور ان کا شمار جانتا ہے، اسی طرح امام درخت کے پتوں کی تعداد سے بھی واقف ہوتا ہے۔ انبیاءؑ کی طرح ائمہ کے ہاتھوں سے بھی معجزات ظاہر ہوتے ہیں۔ ان میں سے بعض کا خیال ہے کہ جن لوگوں نے حضرت علی کرم وجہہ سے جنگ کی وہ کافر ہو گئے۔ اسی طرح ان کے اور بھی بہت سے عقائد و اقوال ہیں۔

غالیہ: غالیہ گروہ (جو رافضیوں سے الگ ہے) تو یہ بھی کہتا ہے کہ حضرت علیؓ تمام انبیاء سے افضل ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ دیگر صحابہ کی طرح زمین میں دفن نہیں ہوئے۔ بلکہ وہ ابر میں ہیں۔ وہ وہیں سے اللہ کے دشمنوں سے جنگ کریں گے اور آخر زمانہ میں پھر آئیں گے اور دشمنوں کو قتل کریں گے۔ حضرت علی اور دوسرے تمام ائمہ فوت نہیں ہوئے ہیں بلکہ یہ سب قیامت تک زندہ رہیں گے۔ ان کی طرف موت کو راستہ نہیں ملے گا۔ غالیہ فرقہ کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ علیؓ نبی ہیں۔ جبریئل نے وحی پہنچانے میں غلطی کی۔ یہ اس بات کے بھی قائل ہیں کہ علیؓ الٰہ تھے۔ اللہ اور اس کی مخلوق کی قیامت تک ان پر لعنت ہو۔ اللہ ان کی بستیوں کو اجاڑ اور ویران کردے، ان کی کھیتیاں برباد کردے۔

زمین پر ان کی کوئی بستی باقی نہ چھوڑے۔ انھوں نے غلو کی حد کردی اور کفر پر جم گئے۔ اسلام کو ترک کیا
ایمان سے کنارہ کشی اختیار کرلی۔ اللہ اس کے انبیاء اور قرآن کے منکر ہوگئے۔ ہم ایسے اقوال اختیار
کرنے والوں سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔

بنانیہ: فرقہ غالیہ کی ایک شاخ بنانیہ ہے۔ یہ گروہ بنان بن سمعان سے منسوب ہے۔
ان کی تہمت تراشیوں اور لغو باتوں میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان کی طرح ہے۔ یہ جھوٹے
ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس تشبیہ سے منزہ اور پاک ہے۔ اس نے خود فرمایا ہے کہ لیس کمثلہ شیء
(اس جیسی کوئی شے نہیں)۔

طیاریہ: غالی فرقہ کی ہی ایک شاخ طیاریہ ہے۔ یہ فرقہ عبداللہ بن معاویہ بن عبد
اللہ بن جعفر طیار کی طرف منسوب ہے۔ یہ تناسخ کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ آدم کی روح اللہ کی
روح تھی جو آدم کے اندر حلول کرگئی تھی۔ اسی گروہ کے بعض لوگ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ مرنے کے بعد آدمی
کی روح جب دوبارہ دنیا میں آتی ہے تو سب سے پہلے بکری کے بچے کے جون میں آتی ہے۔ پھر اس کے
بعد اس سے بھی زیادہ حقیر جون میں آتی ہے اور پھر حقیر سے حقیر قالبوں میں دورہ کرتی رہتی ہے۔
یہاں تک کہ گندگی اور نجاست کے کیڑوں میں جنم لیتی ہے۔ جون بدلنے کی یہ آخری حد ہے۔ اس گروہ
کے بعض لوگ تو یہاں تک عقیدہ رکھتے ہیں کہ گنہگاروں کی روحیں لوہے، کیچڑ، اور کچے برتنوں کی
شکل اختیار کرلیتی ہیں اور پھر وہ اپنے گناہوں کی سزا اس طرح پاتی ہیں کہ آگ میں جلائی جاتی
ہیں، کوٹا پیٹا جاتا ہے، گلایا جاتا ہے۔ اس طرح ذلیل و خوار ہونے کے لئے ان پر جسمانی عذاب
ہوتا رہتا ہے۔

مغیریہ: یہ فرقہ مغیرہ بن سعد کی طرف منسوب ہے۔ اس فرقہ کے سربراہ نے نبوت کا
دعویٰ کیا تھا۔ اس کا قول ہے کہ اللہ نور ہے لیکن انسانی شکل میں۔ اس نے یہ بھی دعویٰ کیا تھا کہ
وہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے۔

منصوریہ: فرقہ منصوریہ ابو منصور سے نسبت رکھتا ہے۔ ابو منصور دعویٰ کرتا تھا کہ مجھے
آسمانی معراج ہوئی تھی اور پروردگار نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا تھا۔ اس کا عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰ
اول ترین مخلوق تھے۔ پھر اس کے بعد حضرت علی کی پیدائش ہوئی۔ اللہ کے پیغمبروں کا سلسلہ

کرے گا اور عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے زمین پر رسی پکڑ کر اتریں گے، اس وقت جہاد ہوگا اس سے پہلے جہاد نہیں ہوسکتا۔ رافضی بھی کہتے ہیں کہ جب تک مہدی برآمد نہیں ہوں گے اور ایک منادی آسمان سے ندا نہ کرے گا، اس وقت تک جہاد نہیں ہوسکتا۔ یہودی مغرب کی نماز اتنی تاخیر سے پڑھتے ہیں کہ آسمان پر ستاروں کا اجتماع ایک جال کی شکل میں نظر آنے لگے (کافی سیاہی پھیل نہ جائے) رافضی بھی مغرب کی نماز میں اسی قدر تاخیر کرتے ہیں۔ یہودی قبلہ کی طرف سے کچھ پھرے ہوئے نماز میں ہوتے ہیں۔ رافضی بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ یہودی فجر کی نماز صبح کے خوب روشن ہو جانے کے بعد ادا کرتے ہیں۔ رافضی بھی ایسا کرتے ہیں۔ یہودی نماز میں کپڑے لٹکائے رہتے ہیں۔ رافضیوں کی بھی یہی حالت ہے۔ یہودی ہر مسلمان کے خون کو حلال سمجھتے ہیں۔ رافضی بھی یہی خیال کرتے ہیں۔ یہودی عورتوں کی عدت کے قائل نہیں ہیں۔ رافضی بھی اس کے قائل نہیں ہیں۔ یہودی تین طلاقوں کو بے معنیٰ سمجھتے ہیں، رافضیوں کا بھی یہی حال ہے۔ یہودیوں نے توریت میں تحریف کی ہے، رافضیوں نے قرآن میں تحریف کی۔ رافضی کہتے ہیں کہ قرآن پاک میں تغیر و تبدل کیا گیا ہے، ترکیب و ترتیب میں الٹ پھیر کر دیا گیا ہے۔ نزول کی ترتیب باقی نہیں ہے اور قرآن میں کمی و بیشی کر دی گئی ہے، قرآن کی قرأت ایسے طریقوں سے کی گئی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے۔

یہودی جبرئیل علیہ السلام سے بغض رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ ہمارے دشمن ہیں۔ رافضیوں کا ایک گروہ بھی اس کا قائل ہے کہ جبرئیل نے وحی پہنچانے میں غلطی کی۔ علیؓ کے بجائے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پہنچادی۔ اللہ نے ان کو وحی دے کر علی کے پاس بھیجا تھا۔ اللہ کرے یہ ہمیشہ تباہ اور غارت رہیں۔

مرجئہ کے فرقے

مرجئہ کے ۱۲ فرقے یہ ہیں:۔

جہمیہ[1]، صالحیہ[2]، بشریہ[3]۔ یونسیہ[4]۔ یونانیہ[5]۔ نجاریہ[6]۔ غیلانیہ[7]۔ شبیبیہ[8]۔ حنفیہ[9] معاذیہ[10]۔ مریسیہ[11]۔ اور کرامیہ[12]۔

مرجیہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس فرقہ کے خیال میں لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا قائل

خواہ کتنے ہی گناہ کرے مگر وہ دوزخ میں نہیں جائے گا۔ ایمان قول کا نام ہے عمل کا نہیں اعمال احکام ہیں۔ ایمان صرف قول ہے، لوگوں کے ایمانوں میں باہم کمی بیشی نہیں ہوتی پس عام آدمیوں کا ایمان انبیاء کا ایمان اور ملائکہ کا ایمان ایک ہی ہے۔ اس میں نہ کوئی زیادہ ہے نہ کوئی کم۔

اظہار ایمان کے ساتھ انشاءاللہ نہیں کہنا چاہیئے۔ جو شخص زبان سے ضروریات دین کا اقرار کرے اور عمل نہ کرے، جب بھی وہ مؤمن ہے۔

جھمیہ : جھمیہ فرقہ جہم بن صفوان سے منسوب ہے۔ اس کا قول ہے کہ اللہ کو، اللہ کے رسول اور ان چیزوں کو جو اللہ کی طرف سے آئی ہیں، صرف جاننے اور ماننے کا نام ایمان ہے۔ اس فرقہ کا دعوٰی ہے کہ قرآن مخلوق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موسٰیؑ سے کلام نہیں فرمایا۔ اللہ تو کلام فرماتا نہیں نہ اسے دیکھا جاسکتا ہے اور نہ اس کی جگہ جانی جاسکتی ہے۔ اس کے لئے نہ عرش ہے اور نہ کرسی۔ اور نہ وہ عرش پر ہے۔ انہوں نے اعمال کے تولے جانے اور عذاب قبر اور جنت و دوزخ کے پیدا ہونے کا انکار کیا ہے۔ ان کا دعوٰی ہے کہ جب وہ دونوں پیدا ہوں گے تو فنا ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے کلام نہیں فرمائے گا اور نہ روز قیامت ان کی طرف نظر کرے گا اور نہ اہل جنت اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھیں گے اور نہ اس کا دیدار جنت میں ہوگا، ایمان صرف اعتراف قلب کا نام ہے نہ کہ زبان سے اقرار کرنے کا۔ اس گروہ نے اللہ تعالیٰ کی تمام صفات کا انکار کیا ہے۔

صالحیہ : اس فرقہ کا یہ نام اس وجہ سے پڑا کہ یہ لوگ خود کو ابوالحسن صالحی کے مذہب کا پیرو کہتے ہیں۔ ان لوگوں کا عقیدہ ہے کہ معرفت کا نام ایمان اور جہالت کا نام کفر ہے اور یہ کہ جس نے تین میں سے ایک کو خدا کہا تو یہ کفر نہیں، مگر ایسی بات وہی کہے گا جو کافر ہو، اگرچہ وہ ظاہر نہ کرے اور یہ کہ ایمان کے سوا کوئی اور عبادت نہیں ہے۔

یونسیہ : یہ فرقہ یونس بری کی طرف منسوب ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ معرفت اور اللہ تعالیٰ سے محبت اور خضوع وخشوع کا نام ایمان ہے، جس نے ان باتوں میں سے ایک بات بھی ترک کردی وہ کافر ہو گیا۔

شمریہ : یہ فرقہ ابوشمر کی طرف منسوب ہے، اس گروہ کا خیال ہے کہ ایمان، معرفت، خضوع وخشوع اور محبت کے ساتھ ساتھ زبان سے یہ اقرار کرنا بھی ہے کہ خدا کے مثل کوئی نہیں۔

ان باتوں کے مجموعہ کا نام ایمان ہے۔ ابو شمر نے کہا کہ جو کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوا ہے، اس کو مطلقاً فاسق نہیں کہہ سکتا، بلکہ اتنا کہہ سکتا ہے کہ وہ فلاں فلاں عمل سے فاسق ہے۔

یونانیہ: یہ فرقہ یونان سے منسوب ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ معرفت اور اللہ اور رسول کا اقرار اور جسے عقل جائز نہیں سمجھتی اس کام کو نہ کرنا، ان سب کے مجموعہ کا نام ایمان ہے۔

نجاریہ: یہ فرقہ حسن بن محمد بن عبد اللہ نجار کی طرف منسوب ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کی معرفت اور اس کے متفق علیہ فرائض اور اس کے ساتھ خضوع و خشوع اور زبان کے ساتھ اقرار کرنے کا نام ایمان ہے۔ پس جو شخص ان میں سے کسی بات سے ناواقف ہے اور اس پر حجت قائم ہو جائے اور وہ اس کا اقرار نہ کرے تو وہ کافر ہے۔

غیلان: یہ فرقہ غیلان سے منسوب ہے اور یہ شمریہ کا ہم خیال ہے۔ اس کا عقیدہ ہے کہ اشیاء کے حدوث سے آگاہ ہونا ایمان کے لئے ضروری ہے اور توحید کا علم ہی صرف زبانی اقرار ہے، قلبی شہادت ضروری نہیں ہے۔ زرقان کا قول ہے کہ غیلان نے کہا کہ زبانی اقرار کا نام ہی ایمان ہے اور یہی تصدیق ہے۔

شبیبیہ: یہ فرقہ محمد بن شبیب سے منسوب ہے۔ ان کے ساتھی اس کے قائل ہیں کہ اللہ کا اقرار کرنا، اللہ کی وحدانیت کو پہچاننا اور اللہ کی ذات کی ہر تشبیہ سے نفی کرنا ایمان ہے۔ اس کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ ابلیس میں ایمان تھا، لیکن وہ اپنے تکبر کی وجہ سے کافر ہو گیا۔

حنفیہ: ابو حنیفہ کے بعض پیروؤں اور ساتھیوں کو حنفیہ مرجئہ کہا جاتا ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ اللہ اور اس کے پیغمبروں کو پہچاننے اور اللہ کی طرف سے نازل کردہ تمام چیزوں کے اقرار کرنے کا نام ایمان ہے۔ برہوتی نے کتاب الشجرة میں اس کا ذکر کیا ہے۔

حاذیہ: یہ فرقہ معاذ موصی کی طرف منسوب ہے۔ وہ کہتا تھا کہ جس نے اللہ کی اطاعت ترک کی اس کو فاسق نہیں کہا جائے گا، بلکہ یہ کہا جائے گا کہ اس نے فسق کیا۔ فاسق نہ اللہ کا دوست ہے نہ دشمن۔

مریسیہ: یہ فرقہ بشر مریسی کا ہے، اس کا عقیدہ تھا کہ ایمان تصدیق کا نام ہے اور تصدیق دل اور زبان سے ہوتی ہے۔ ابن راوندی کا بھی یہی مسلک تھا۔

کرامیہ: یہ فرقہ ابو عبد اللہ بن کرام سے منسوب ہے۔ اس کا عقیدہ ہے کہ زبانی اقرار ہی ایمان ہے۔ قلب کی تصدیق اس کے لئے ضروری نہیں۔ منافق درحقیقت مؤمن تھے۔ اس فرقہ کے ماننے والے زیادہ تر مشرق اور خراساں میں آباد ہیں۔